inexpedient بے جا ۔ بے موقع ۔ ان اچت ۔ اجوگ ۔ نادرست ۔ نامناسب ۔ ناشایستہ ۔ نامعقول ۔ خلاف مصلحت

inexpediently بے جا ۔ بے موقع ۔ بے طور ۔ ناموافق

inexpensive ارزاں ۔ سستا ۔ کم قیمت

inexpensively کم خرچ میں ۔ ارزانی سے

inexpensiveness کم قیمتی ۔ سستاپن ۔ ارزانی

inexperience ناآزمودہ کاری ۔ اناڑی پن ۔ کچا پن ۔ ناتجربہ کاری ۔ ناواقفیت

inexperienced ناتجربہ کار ۔ ناآزمودہ کار ۔ اناڑی ۔ کچا ۔ ناواقف ۔ نوآموز

inexpert گاؤدی ۔ اناڑی ۔ بے ہنگم ۔ کوڑھ ۔ بے سلیقہ ۔ ناواقف ۔ گھامڑ ۔ سیکھتو ۔ (بے مہارت)

inexpiable جو کفارہ پذیر نہ ہو ۔ چھما نہ کرنے جوگ ۔ ناقابل مغفرت ۔ ناقابل عفو ۔ جس کا پراشچت نہ ہو سکے ۔ (ناقابل تلافی)

inexplicable گوڑھ۔ اکتھ۔ غیر قابل بیان۔ نا قابل تشریح یا انکشاف۔ (نا قابل توجیہ۔ غیر شرح پذیر)

inexplicit غیر واضح۔ مبہم

inexplicitly غیر واضح طور پر۔ مبہم طور پر

inexplicitness غیر واضح ہونا۔ ابہام

inexplorable نا قابل دریافت۔ دشوار۔ تلاش سے باہر۔ خارج از تحقیق

inexplosive نہ پھٹنے والا۔ غیر آتش گیر

inexpressible حد بیان سے باہر۔ غیر ممکن الاظہار۔ خارج از بیان۔ (نا قابل بیان۔ نا قابل اظہار)

inexpressibly اس طور پر کہ حد بیان سے باہر۔ (نا قابل بیان طور پر)

inexpressive جو مطلب خیز نہ ہو۔ (غیر معنی خیز۔ تشنہ معنی)

inexpugnable نا قابل تسخیر۔ نا قابل فتح

inextensible جس کو وسعت نہ دی جا سکے۔ غیر توسیع پذیر۔ نا قابل توسیع

inextinguishable جو بجھنے کے لائق نہ ہو۔ ممتنع الاطفا

inextirpable جس کی بیخ کنی نہ ہو سکے۔ جو جڑ سے نہ اکھڑ سکے

inextricable جو کھل یا سلجھ نہ سکے۔ پیچیدہ۔ پیچ در پیچ۔ الجھیڑے کا۔ (جس سے خلاصی نہ ہو سکے۔ بے مفر۔ نہ سلجھنے والا۔ لاینحل)

infallibility, infallibleness سہو و خطا سے بریت۔ بے خطائی۔ اچوکتا۔ (قطعیت۔ معصومیت)

infallibly بیچوک۔ بلا فرق۔ یقیناً۔ بے خطا۔ قطعی طور پر۔ حکمی طور پر

infamize بدنام کرنا۔رسوا کرنا۔کلنک کا ٹیکہ لگانا

infamous کھوٹا۔برا۔خراب۔معیوب۔بے عزت۔بے حرمت۔ رسوا۔بدنام۔داغی۔(ملعون۔مردود۔روسیاہ۔ قابل لعنت۔ قابل نفرت۔نفرت انگیز۔ ذلیل)

infanta ولی عہد شہزادی کے سوا ہر شہزادی

infante ولی عہد کے سوا ہر شہزادہ

infantile, infantine طفلانہ۔بچوں کا۔(بچپن کا۔بچوں کا سا۔جو بالکل ابتدائی حالت میں ہو۔نوزائیدہ۔ بچگانہ)

infantry پیدل فوج۔پیادہ۔لال کرتی۔(انفنٹری)

infare پرویش کی ضیافت۔دعوت ولیمہ

infatuate باؤلا۔دیوانہ۔فریفتہ۔شیفتہ

infeasible غیر ممکن الوقوع۔غیر ممکن۔محال

infeasibleness عدم امکان۔نہ ہو سکنے کی خاصیت

infectiously بطور تعدی۔چھوت سے

infectiousness چھوت۔تعدی

infective لگنے والی۔اڑنے والی۔متعدی۔سرایت کرنے والی۔ (روگ لگانے والی)

infecund بانجھ۔اوسر۔عقیم

infecundity اوسر پن۔بانجھ پن

infelicity شامت ۔ کم بختی ۔ بدبختی ۔ ادبار ۔ (رنج ۔ ملال ۔ غم ۔ بد نصیبی ۔ بدبختی ۔ شومئی قسمت)

infeoff جاگیر دینا یا بخشنا

infer بات میں سے بات نکالنا ۔ انومان کرنا ۔ نتیجہ نکالنا ۔ قیاس کرنا ۔ استخراج کرنا ۔ استنباط کرنا ۔ (

دلالت کرنا ۔ ظاہر کرنا)

inferable جو بات کسی بات سے نکل سکتی ہو ۔ منتج ۔ مستنبط

inferior ماتحت ۔ وہ شخص جو عمر یا رتبے میں کم ہو ۔ (گھٹیا ۔ ادنیٰ ۔ ہلکا ۔ کم رتبہ ۔ خرد ۔ کم تر ۔ زیر

دست)

inferiority چھٹائی ۔ خردی ۔ پستی ۔ (گھٹیا پن ۔ کمتری)

inferiority complex احساس کمتری ۔ وہم پستی ۔ کمتری گرہ ۔ چھٹائی کا احساس ۔ خلط کمتری

inferno دوزخ ۔ جہنم ۔ نرک ۔ اسفل السافلین ۔ ہیبت ناک منظر

infertile اوسر ۔ ناقص ۔ جس میں اچھی پیداوار نہ ہو ۔ (غیر سرسبز ۔ غیر زرخیز ۔ بنجر ۔ شور)

infertility اوسر پن ۔ قلت پیداوار ۔ (بنجر پن ۔ غیر زرخیزی)

infest ایذا دینا ۔ ستانا ۔ دق کرنا ۔ تکلیف دینا ۔ خلل ڈالنا ۔ تصدیعہ دینا ۔ کثرت ہونا ۔

امراض ، (حشرات ، چوروں وغیرہ کی) ۔ پٹا ہونا ۔ بھرا ہونا

infestation دکھ۔ایذا۔تکلیف۔تصدیعہ۔(ہجوم۔کثرت)

infidel ملیچھ۔بے دین۔کافر

infidel کافر۔بے دین۔ملحد۔ملیچھ۔منکر۔(زندیق)

infield گھر سے ملحق کھیت۔باڑہ۔قابل زراعت زمین۔مزروعہ زمین

infiltrate مقطر کر کے ڈالنا۔مقطر ہو کر سرایت کرنا۔یا ہونا۔سرایت کرنا۔نفوذ کرنا

infiltration نفوذ۔سرایت۔درریزش

infinite بے پایانی۔لاانتہائی۔ابد

infinitely بےحد۔بے پایاں۔لاانتہا

infiniteness بے پایانی۔لاانتہائی

infinitesimal نہایت چھوٹا۔خرد

infinitive مصدری

infinitude بے پایانی۔ بے نہایتی۔(لا محدودیت ۔ لاامتناہیت ۔ نامحدودی۔بے شمار۔بے اندازہ)

infirmary دارالشفا۔شفاخانہ۔اسپتال۔(بیمارخانہ)

infirmly کمزوری سے

infirmness کمزوری۔نقاہت۔نربلتا

infix گاڑنا۔لگانا۔نصب کرنا۔جڑنا۔ذہن نشین کرنا۔نقش کرنا

inflame تپنا۔جلنا۔گرم ہونا۔غصہ ہونا۔(جوش میں آنا۔ہیجان میں آنا۔آگ ہو جانا۔مشتعل ہونا۔برہم ہونا)

inflammable آتش گیر۔ (تند مزاج۔جلد مشتعل ہو جانے والا۔شعلہ مزاج)

inflective جھکا سکنے والا۔ (گردانی۔تصریفی)

inflexibly کرختگی سے۔بااستحکام۔بااستقلال

inflict لگانا۔ڈالنا۔پہنچانا۔رکھنا۔عاید کرنا

inflorescence نظام گل۔پھولداری۔بہار۔اٹھان

inflorescent پھولدار۔پر بہار

influence تحریک کرنا۔اثر کرنا۔دباؤ ڈالنا

influential ذی اختیار۔رعب داب والا۔(ذی اثر۔با اثر۔صاحب اثر۔بارسوخ)

influentially رعب داب سے۔بزور۔بااختیار۔رسائی سے۔(بارسوخ)

influenza اڑ کر لگنے والا یا متعدی زکام۔(انفلوئنزا)

inform اطلاع دینا یا کرنا۔خبر دینا یا کرنا

informal بے ضابطہ۔خلاف ضابطہ۔غیر معمول۔خلاف آئین۔بے قاعدہ۔خلاف دستور۔بے سرشتہ۔ابدھ۔

کریت۔(غیر رسمی۔سادہ)

informality بے ترتیبی۔بے ضابطگی۔خلاف قاعدگی

informally بے ضابطہ طور پر۔غیر رسمی طور پر

infraction ٹوٹ۔بگھٹنا۔خلاف ورزی۔انحراف۔رخنہ۔فسخ۔شکست

infractor عہد شکن۔منحرف۔توڑنے والا

infragrant بے بو۔جس میں خوشبو نہ ہو

infrangible جسے توڑ نہ سکیں۔ غیر قابل فسخ

infrequence, infrequency ندرت۔ نادرالوجودی۔ کم یابی۔ قلت۔ (غیر تعدد)

infrequent کم۔ نادر۔ قلیل الوقوع۔ خال خال

infringement انحراف۔ بھنجن۔ بگھتنا۔ فسخ۔ شکست۔ خلاف ورزی۔ تجاوز

infructuous بے بار۔ بے ثمر۔ بے پھل۔ بے فایدہ۔ لا حاصل۔ رایگاں۔ فضول۔ اکارت

infrugal فضول خرچ۔ مسرف

infrugiferous بے بر۔ بے ثمر۔ بے پھل

infumed دھواں دیا ہوا

infuriate بورانا۔ دیوانہ کرنا۔ غضب میں لانا۔ (غصہ دلانا۔ اشتعال دلانا۔ طیش دلانا)

infusible جو پگل یا گل نہ سکے۔ سخت۔ (نا قابل تحلیل)

ingathering فصل کو جمع کرنا۔ خرمن بٹورنا۔ انبار کرنا

ingeminate دہرانا۔ بار بار کہنا۔ تکرار کرنا۔ رٹ لگانا۔ (مالا جپنا)

ingemination تکرار۔ دہراؤ

ingenerate ذاتی۔ جگری۔ جبلی۔ باطنی

ingenerate من میں اپجانا۔ اندر پیدا کرنا

ingeniously فراست سے۔ زیرکی سے۔ ہنرمندی سے۔ چترائی سے۔ کاریگری سے۔ خوش تدبیری سے۔ اپج سے۔ سلیقے سے

ingeniousness,see شعور۔ہنر

ingenuity

ingest معدے میں داخل کرنا، اتارنا

ingestion معدے میں ڈالنا یا پہنچانا

ingloriously بے غیرتی سے۔خفت سے۔فضیحت سے۔(شرمناک طریقے سے۔گمنامی میں)

ingloriousness خفت۔بے غیرتی۔فضیحت۔بدنامی۔ذلت

ingoing داخل ہونے والی

ingot دھات کا ٹھایا ڈلا۔ریفی۔چھاری۔میخ۔سلاخ

ingraftation پیوندکاری۔قلم بندی

ingrained پختہ۔پکا۔راسخ۔کامل۔پورا

ingratefully ناشکری۔ناسپاسی یا ناشکرگزاری سے

ingratiate دل میں گھر کرنا۔منظورنظر ہونا۔موردعنایت ہونا

ingratitude نمک حرامی۔ناسپاسی۔بیوفائی۔ناشکری۔ناشکرگزاری۔حق ناشناسی۔

احسان فراموشی

ingredient مسالا۔اسباب۔سامان۔سامگری۔(جز۔جزوترکیبی۔عنصر)

inguinal جانگھ کے متعلق

inhabit رہنا۔بود و باش کرنا۔بسنا۔باس کرنا۔سکونت کرنا۔استقامت کرنا۔(آباد ہونا)

inhabit رہنا۔ٹکنا

inhabitable بسنے یا رہنے کے لائق ۔ قابل سکونت ۔ (قابل استقامت ۔ باس جوگ ۔ قابل بودوباش)

inhabitance, inhabitancy سکونت ۔ استقامت ۔ بودوباش

inhabitant باشندہ ۔ مکین ۔ متوطن ۔ رئیس ۔ ساکن ۔ رہنے والا ۔ باسی ۔ نواسی ۔ مقیم

inhabiter ساکن ۔ باشندہ

inhalation بھپارہ ۔ لخلخہ

inhale اندر کو سانس لینا ۔ دم لینا یا کھینچنا ۔ پینا ۔ (جذب کرنا ۔ لطف اٹھانا)

inhaler شامہ ۔ دم درکشندہ

inharmonious بے سرا ۔ بے تال ۔ ناموزوں ۔ ناموافق ۔ ان میل ۔ (غیر ہم آہنگ ۔ بےمیل ۔ غیر متناسب)

inhearse مردے کو تابوت یا مقبرے میں رکھنا

inhere بیاپک ہونا ۔ عارض ہونا ۔ ایک شے کا دوسری شے میں ہونا ۔ (خلقی ہونا ۔ راسخ ہونا ۔ لاینفک ہونا)

inherence, inherency حلول ۔ بیاپ ۔ عارضیت ۔ (موجودگی)

inherent ذاتی ۔ اصلی ۔ جبلی ۔ خلقی ۔ باطنی ۔ پیدائشی ۔ جنمی ۔ پرکرتی ۔ (راسخ ۔ لاینفک)

inheritable موروثی ۔ قابل ارث ۔ (ارث کے لائق ۔ ارثی)

inheritor وارث ۔میراث پانے والا

inheritress, inheritrix وارثہ

inhospitable نامہربان ۔نامہمان نواز۔ممسک ۔ بے فیض ۔ بے تواضع ۔ بے توفیق ۔(غیر مسافر نواز ۔ بے آسایش ۔ بے فیض)

inhospitableness, inhospitability بے فیضی ۔ بے توفیقی ۔نامہمان نوازی ۔(بخل)

inhospitably روکھے پن سے ۔بلاتواضع ومدارات

inhospitality غیر مہمان نوازی ۔ بے فیضی

inhuman بے ترس ۔کٹھور ۔کٹر ۔ بے درد ۔ بے رحم ۔کٹھ جیو ۔(وحشی ۔ سنگدل ۔غیر انسانی)

inhumanity بے رحمی ۔ بیدردی ۔سختی ۔سنگدلی ۔ٹھرائی ۔کٹھورتا ۔ظلم ۔(کٹر پن)

inhumanly سنگدلی سے ۔ بے رحمی سے ۔بیدردی سے ۔وحشیانہ

inhume دفن کرنا ۔مٹی دینا ۔گاڑنا ۔(مدفون کرنا)

inimaginable خارج از قیاس ۔غیر متصور

inimically دشمنی سے ۔عداوت ۔(معاندانہ)

inimitability بے نظیری ۔یکتائی

inimitable لاثانی ۔یکتا ۔ بے مثل ۔جس کا مقابل نہ ہو سکے ۔(نا قابل تقلید)

inimitableness یکتائی ۔ بے مثالی

inimitably ناقابل تقلید طور پر

iniquitous بے انصافی کا۔ ناحق۔ بعید از انصاف۔ خارج از عدل۔ (پاپی۔ گنہگار۔ سیہ کار۔ بداعمال۔ ظالم۔ بے انصاف)

iniquitously بے انصافی سے۔ بے شرارت۔ (ظلماً۔ سیہ کارانہ۔ گنہگارانہ)

initial پہلا۔ اول کا۔ ابتدائی

initial نام یا لفظ کا اول حرف۔ حرف ابتدائی۔ آغاز۔ ابتداء

initiative آغاز۔ بدایت۔ شروع۔ ابتدا۔ تمہیدی۔ ابتدائی۔ شروع کا

initiatory ابتدائی۔ تمہیدی۔ شروع کا

initiatory پہلی رسم

inject اندر پھینکنا یا پہنچانا۔ (ٹیکے سے اندر پہنچانا)

injection بھیتر پھینکنا یا ڈالنا۔ پچکاری دینا۔ (انجکشن۔ ٹیکا)

injector پچکاری دینے والا۔ پچکاری

injudicious بے تمیز۔ بے سلیقہ۔ نامعقول۔ خلاف مصلحت۔ ناشایستہ۔ (کوتاہ اندیش۔ غیر دانشمند۔ ناعاقبت اندیش)

injudiciously بے شعوری سے۔ بے تمیزی سے۔ (کوتاہ اندیشی سے۔ ناعاقبت اندیشی سے)

injudiciousness بے شعوری۔ بے عقلی۔ بے تمیزی

injunct حکم امتناعی کرانا

injure دکھ یا آزار دینا۔ ازتھ، ظلم یا ان نیایئے کرنا۔ زخمی کرنا۔ گھایل کرنا

injured زخمی۔ مظلوم۔ آزردہ

injuriously بے جا ضرر رسانی سے۔ بے انصافی سے۔ (غیر منصفانہ۔ توہین آمیز طور پر۔ مضر طور پر)

injuriousness ضرر رسانی۔ آزار رسانی۔ (مضرت)

injustice ان نیایئے۔ اندھیر۔ نیت پریت۔ ادھرم۔ ظلم۔ نا انصافی۔ ناحق۔ (بے انصافی)

ink کالا کرنا۔ سیاہی بھرنا۔ سیاہی لگانا

ink کالک۔ سیاہی۔ روشنائی۔ مداد۔ مسی

inkle نواڑ۔ پٹی

inkpot دوات

inkstand, inkhorn دوات۔ قلم دان

inky کالا۔ سیاہ۔ سیاہی آمیز

inlace آراستہ کرنا۔ سنگارنا

inland ملک کا اندرونی حصہ

inlander سمندر کے کنارے سے دور رہنے والا۔ وسطی ملک کا باشندہ

inlaw حمایت قانون میں لینا

inlay پچی کاری

inlay پچی کاری کرنا۔ جڑنا۔ قلم کاری کرنا۔ منبت کرنا

inlayer پچی کار۔ قلم کار۔ منبت کار

inmate ہم خانہ۔ہم مسکن۔(مکین)

inmost بھیتری۔اندرونی۔(مجازاً)قلبی۔دلی۔(باطنی)

inn سرائے۔بھٹیارخانہ۔مسافرخانہ

innavigable جس میں جہاز یا کشتی نہ چل سکے۔(ناقابل جہازرانی)

inner اندرونی۔باطنی۔بھیتری۔(داخلی)

innermost اندرونی۔بھیتری

innkeeper بھٹیارا۔کلوار

innocently معصومیت سے۔بے گناہی سے۔بجرمی سے۔سادگی سے

innocuous بےمضرت۔بغیرنقصان۔بےضرر

innominate بےنام۔گمنام

innovate نئی راہ نکالنا۔ایجاد کرنا۔اختراع کرنا۔بدعت کرنا

innovator مخترع۔بدعتی۔نئی راہ نکالنے والا

innoxiously بےضرر

innuendo اشارہ۔کنایہ۔رمز۔(طعن۔چوٹ)

innumerability, innumerableness بےشماری۔بےحسابی

innumerable ان گنت۔بےشمار۔بےحساب۔بیحد

innumerably بےشمار۔بےحساب

inobservance خلاف ورزی۔بے لحاظی۔عدم تعمیل۔(بےتوجہی۔بے خیالی۔عدم توجہی)

inobservant غیرملتفت۔نرپیکشا

inobservation بےالتفاتی

inoccupation بے مصروفیت ۔ بے شغلی ۔ بیکاری ۔ بیروزگاری ۔ ٹھالی پن

inoculator پیوند یا قلم لگانے والا ۔ (ٹیکہ لگانے والا)

inodorous بے بو ۔ بے باس

inoffensive, see harmless بے ضرر

inoffensiveness بے مضرتی

inofficial بے ضابطہ ۔ (غیر سرکاری)

inofficially غیر سرکاری طور پر

inoperative بے تاثیر ۔ ناکارگر ۔ غیر مؤثر ۔ (بیکار ۔ غیر نافذ)

inopportune بے موقع ۔ بے وقت

inopportunely بے وقت ۔ بے موقع

inordinacy قاعدے کی برخلافی ۔ خلاف دستوری ۔ بے ضابطگی

inordinate بہت ۔ از حد ۔ متجاوز ۔ بے حد ۔ بے ٹھکانے ۔ (غیر معتدل ۔ بے احتیاط ۔ بے اصول ۔ بے ترتیب)

inordinately خلاف دستور ۔ بے ضابطہ ۔ بیحد

inordinateness, inordination بے ضابطگی ۔ خلاف قاعدگی ۔ زیادتی ۔ افراط

inorganic, inorganical بے رگ وریشہ ۔ بے عضو ۔ ہیولی ۔ (غیر نامیاتی ۔ معدنی)

inorganization عدم تنظیم ۔ بے نظمی

inornate غیر مزین ۔ غیر آراستہ ۔ بے نقش و نگار ۔ بے آرایش ۔ (اسلوب) ۔ عاری

inosculate جڑنا۔ملنا

inquest تحقیقات حاکمی۔تحقیقات۔تلاش۔تفتیش۔دیکھا بھالی۔
بازخواست

inquest تحقیقات حاکمی۔تحقیقات۔تلاش۔تفتیش۔دیکھا بھالی۔
بازخواست

inquirable لائق تحقیق۔قابل تفتیش

inquirer پوچھنے والا۔متلاشی۔جویا

inquisitional تحقیقات یا تلاش میں مصروف۔(تحقیقاتی)

inquisitively جستجو سے۔تجسس سے۔جاسوسی سے

inrail کٹہرا لگانا۔کٹہرے سے گھیرنا

inroad دوڑ۔حملہ۔تاخت۔یورش

inrush ریل پیل۔یورش

insalubrious مضر صحت۔ناگوار۔ناموافق۔(غیر صحت بخش)

insalubrity ناگواری۔فساد۔ناموافقت

insanitary گندہ۔حفظان صحت کے اصول کے خلاف۔مضر صحت

insanity, insaneness باؤلا پن۔سودا۔دیوانگی۔جنوں۔خبط۔(پاگل پن)

insatiability, insatiableness ہوکھا۔نیم سیری۔بے اگھائی۔حرص کا نہ بجھنا۔شدت

insatiable جو نہ اگھائے۔جو سیر نہ ہو۔حریص۔بے حد۔بے انتہا۔(
غیر تسکین پذیر)

insatiably بلا سیری۔نہایت حرص سے۔بے اگھائے

insatiate نیم سیر۔حریص۔لالچی۔نہ اگھایا

insatiately بےصبری سے۔حرص سے۔ناشکیبائی سے۔نیم سیری سے

insatiety بےصبری۔حرص۔ناشکیبائی

insaturable جو سیر نہ ہو سکے۔جو بھرا نہ جائے

inscriber نقش کرنے والا۔نقاش

inscriptive تحریر دار۔خطبے دار۔نقش دار

inscrutable غیر ممکن التفحص۔تلاش و تجسس سے باہر۔(نا معلوم۔مخفی۔فہم و ادراک سے باہر)

inseam داغ سے نشان دینا۔داغ دینا

insecticide کیڑوں کا مارنے والا۔کیڑا مار۔کرم کش

insectivorous کرم خور۔کیڑے کھانے والا

insectology کیڑوں کا علم۔حشریات۔کرمیات

insecure غیر محفوظ۔بے آڑ۔بے امن۔خطرے میں پڑا ہوا۔کچا۔غیر مستحکم

insecurely بلا سلامتی۔بے امن۔بغیر حفاظت کے

inseminate بونا۔تخم ریزی کرنا۔تخم پاشی کرنا۔بیج ڈالنا

insemination تخم ریزی۔تخم پاشی

insensate بے عقل۔بے وقوف۔احمق۔بے حس۔بے احساس۔بیدرد۔سنگدل۔بے رحم۔بے شعور۔(نا فہم۔ماؤف)

insensibly ہولے۔بے معلوم۔بتدریج

insensitive بے حس۔ ماؤف۔ بے ذوق۔ کورا

insensitivity عدم حساسیت۔ بے حساسی

insentient بے خبر۔ بے حواس۔ بیہوش۔ بے حس۔ (بے جان)

inseparability, ربط وضبط۔ لازم ملزومی۔ (عدم انفکاک)

inseparableness

inseparable جو جدا نہ ہو سکے۔ غیر منفک۔ لازم ملزوم۔ (لاینفک۔
لازمی۔ ہم پیوستہ)

inseparably بلاتفریق۔ بغیر جدائی کے۔ (غیر منفک طور پر)

insert داخل کرنا۔ شامل کرنا۔ درج کرنا۔ مندرج کرنا۔ لکھ دینا۔
لگانا۔ نصب کرنا۔ ٹھونسنا۔ اندر ڈالنا۔

اضافہ کرنا۔ شائع کرنا

inside اندر۔ میں

inside باطنی۔ اندر کی طرف کا۔ (اندرونی)

insider گھر کا۔ اندر کا۔ بھیدی۔ واقف کار۔ رازدار

insidious گھاتی۔ عیار۔ دھوکا دینے والا۔ پھانسنے والا۔ (فریبی۔ دغا
باز۔ مکار۔ پرفریب)

insidiously دغا، عیاری یا حیلہ بازی سے۔ (مکر سے۔ فریب سے۔ چپکے
چپکے۔ غیر محسوس طور پر)

insidiousness دغابازی۔ حیلہ سازی۔ (فریب۔ مکاری)

insight بھیتری نظر۔ بصیرت۔ شناخت۔ پرکھ۔ (دقت نظر۔ درک)

insignificance, چھٹائی۔ بے وقری۔ خفت۔ ہلکا پن۔ ادنیٰ پن۔ بے

insignificancy قدری۔ بیہودگی۔ (بے

اہمیتی)

insignificantly نالیاقتی سے۔کم۔ناقص۔نا قابلیت سے۔(بے معنی طور پر۔ بے اہمیتی سے)

insignificative علامت ظاہری سے نہ ظاہر کرنے والا

insincere چھلیا۔ریا کار۔دغاباز۔کپٹی۔بے وفا۔جھوٹا۔دورنگا۔بے اخلاص۔(غیر مخلص۔منافق۔سخن ساز)

insincerely دغابازی، بے وفائی، ریا کاری یا ناراستی سے۔بہ حیلہ سازی

insincerity کپٹ۔جھوٹ۔دورنگی۔دوروئی۔بے وفائی۔ظاہرداری۔مکر۔ریا کاری۔منافقت

insinuative منوہر۔دل کش۔دل آویز۔دل فریب۔چکنی چپڑی۔چرب

insinuator خوشامدی۔چاپلوس۔دم باز۔چرب زبان۔اشارہ کرنے والا

insipidly بیلطفی، بے مزگی یا پھیکے پن سے

insistent مبنی۔قایم۔جما ہوا۔(مصر۔بضد۔اڑا ہوا)

insitiency عدم تشنگی

insition پیوند شاخ

insnare جال میں پھنسانا۔الجھانا۔پھانسنا

insobriety مستی۔بد پرہیزی۔متوالا پن۔بیہوشی۔بدمستی۔(بے اعتدالی)

insolate دھوپ میں رکھنا۔دھوپ دینا۔سکھانا۔خشک کرنا

insolence, insolency شوخی۔ ڈھٹائی۔ نٹھرائی۔ گستاخی۔ گردن کشی۔ بے ادبی۔ (بدتمیزی)

insolent گستاخ۔ نٹھر۔ ڈھیٹ۔ شوخ۔ سرکش۔ گردن کش۔ مغرور۔ بے ادب۔ (بدتمیز۔ توہین آمیز)

insolidity پول۔ کھوکھلا پن۔ جوف۔ غیر مضبوطی خلا۔ ہلکا پن

insolubility, insolubleness نہ گلنے یا گھلنے کی خاصیت۔ حل ہونے کی ناقابلیت۔ (پیچیدگی۔ لاینحل ہونا۔ غیر تحلیل پذیر ہونا)

insolvency ادائے قرض کی بے مقدوری۔ ناداری۔ مفلسی۔ (دیوالا۔ دیوالیہ پن)

insolvent شخص نادار۔ نادار۔ مدیون۔ دیوالیہ۔ بے زر۔ مفلس۔ بے مقدور

insolvent مفلس۔ دیوالیہ۔ تہی دست۔ نادار۔ بے زر۔ بے مقدور۔ بے استطاعت۔ کھک

insomuch یہاں تک۔ اس مرتبے تک۔ اس قدر۔ حتیٰ کہ۔ اس حد تک

inspector نگہبان۔ امین۔ داروغہ۔ ناظر۔ (انسپکٹر)

inspectorate, inspectorship انسپکٹری۔ عہدہ نظارت۔ داروغائی

insphere گھیرنا۔ کرہ بنانا۔ گیند کی شکل دینا

inspirable دم کشی کے لائق۔ لائق الہام۔ قابل القا

inspire سانس کھینچنا۔ دم لینا۔ کھینچنا

inspissate گاڑھا یا غلیظ کرنا

inspissate گاڑھا۔ غلیظ۔ موٹا

inspissation تبخیر وغیرہ سے گاڑھا کرنے کا عمل

instability, بے ثباتی۔ ناپائیداری۔ بے استقلالی۔ تلون مزاجی۔ (عدم

instableness استحکام۔ نا استواری)

instable بے قرار۔ بے قیام۔ غیر مستقل۔ بے ثبات۔ ناپائیدار۔ بے استقلال

install جگہ دینا۔ بٹھانا۔ تلک کرنا۔ راج تلک کرنا۔ راج ابھشیک کرنا۔ مسند نشین کرنا۔ گدی یا تخت پر بٹھانا۔ کام سونپنا۔ (عہدہ یا منصب سپرد کرنا۔ نصب کرنا)

installation تخت نشینی۔ مسند نشینی۔ کسی عہدے پر مامور کرنے کی رسم۔ (تقرر۔ تنصیب۔ نصب کاری)

instance مثال لانا۔ درشٹانت دینا۔ نظیر پیش کرنا

instancy درخواست۔ تقاضا۔ التجا

instantaneous برمحل۔ بروقت۔ (فوری)

instantly, فوراً۔ اسی وقت۔ اسی دم۔ فی الحال۔ بلاتوقف۔ بمجرد۔ فی

instantaneously الفور۔ آناً فاناً میں۔ جھٹ پٹ۔ جھٹ۔ (معاً)

instate درجہ یا عہدہ دینا۔ کسی جگہ پر قایم کرنا

instauration اجراء۔ تجدید۔ واپسی۔ استرداد۔ باز دہی۔ واگزاشت۔ بحالی

insteep بھگونا۔ تر رکھنا۔ بھگو رکھنا

instep پشت پا۔ تلی۔ گا مچھی۔

instigate اکسانا۔ بھڑکانا۔ ابھارنا۔ اٹھانا۔ بھرنا۔ شہ دینا۔ آمادہ کرنا۔ مستعد کرنا۔ اغوا کرنا۔ ورغلانا۔ برانگیختہ کرنا۔ برپا کرنا۔ اشتعال دینا۔ تحریک کرنا۔ (ترغیب دینا)

instigation اغوا۔ بہکاوا۔ تحریک۔ برانگیختگی۔ (ترغیب)

instigator مفسد۔ بانی فساد۔ فتنہ انگیز۔ ورغلانے والا۔ بس کی گانٹھ۔ (محرک)

instinct عقل حیوانی۔ پشو بدھی۔ تحریک طبعی۔ (جبلت۔ جبلی افعال۔ وجدان۔ فطری مہارت یا مناسبت۔ اندرونی تحریک)

instinctive ذاتی۔ طبعی۔ (جبلی۔ فطری۔ وجدانی)

instintively بے اختیار۔ طبعی۔ سبھاوک۔ بلا ارادہ۔ (جبلی طور پر۔ وجدانی طور پر۔ اندرونی تحریک سے۔ خودبخود)

institutional, institutionary شاستری۔ آئینی۔ قانونی۔ اصولی۔ جائز۔ روا

institutist اصول و مبادی کا مصنف یا ماہر

instransitive اکرمک۔ فعل لازم

instructible تعلیم پذیر۔ تربیت پذیر

instructive عبرت خیز۔ عبرت پذیر۔ عبرت بخش۔ عبرت انگیز۔ نصیحت آمیز۔ آگاہی بخش۔ سیکشک۔ (پر از معلومات۔ مفید۔ سبق آموز)

instructively تعلیم یا نصیحت کے طور سے۔ سکھلانے کے طور پر

instructiveness تربیت۔ تعلیم

instructor پاٹھک۔استاد۔اتالیق۔ادیب۔معلم۔پیر۔گرو

instrumentality تائید۔اعانت۔وسیلہ۔ذریعہ۔دوارا

instrumentally بہ طفیل۔دوارے۔بذریعے۔بوسیلے

insubordinate نافرمان۔باغی۔سرکش

insubordination عدول حکمی۔نافرماں برداری۔سرتابی۔سرکشی۔نافرمانی۔سرزوری۔آ گیا نہ ماننا۔

insubstantial غیر حقیقی۔غیر مادی۔غیر جامد۔خیالی۔بے جسم

insufferable غیر قابل برداشت۔شدید۔سخت۔غیر ممکن التحمل۔(سخت متکبر)

insufferably نہایت سختی سے۔بہ شدت۔اس طور پر کہ برداشت نہ ہو

insufficiently نالیاقتی سے۔کم۔ناقص۔نا قابلیت سے۔(ناکافی طور پر)

insular,insulary ٹاپوکا۔مثل جزیرہ۔پانی سے گھرا ہوا

insulator علیحدہ کرنے والا۔حاجز

insult برا کہنا۔تحقیر کرنا۔بے عزت کرنا۔ذلیل کرنا۔حرمت لینا

insult, see affront حقارت

insulter ہتک کرنے والا

insulting تہتک آمیز۔کپتی

insuperable لاحل۔جس پر غالب نہ ہوسکیں۔(نا قابل عبور۔نا قابل فتح۔لاثانی۔بے نظیر)

insuperably اس طور پر کہ زیر نہ ہو سکے

insupportable نا قابل برداشت

insuppressible جس کو دبا نہ سکیں

insurable بیمہ کرنے کے لائق

insurance بیمہ۔دل جمعی۔خاطر جمع۔اطمینان

insure بیمہ کرنا۔ بے جوکھوں کرنا۔ دل جمعی کرنا۔اطمینان کرانا۔ خاطر جمع کرانا

insurer بیمہ کرنے والا۔بیمہ مہاجن

insurgent باغی۔مفسد۔فسادی

insurgent سرکش۔فتنہ انگیز۔باغی۔مفسد۔فسادی۔گردن کش

insurmountable جو زیر نہ ہو سکے۔جس پر غالب نہ آ سکیں۔(نا قابل فتح)

insurrection بلوہ۔ بغاوت۔سرکشی۔ شورش۔ ہنگامہ۔ فساد۔(فتنہ۔ سازش)

insurrectionary فساد انگیز۔فتنہ انگیز

insusceptibility غیر اثر پذیری۔عدم صلاحیت۔عدم شعور

insusceptible غیر متاثر۔ بے اثر۔نا قابل علاج

intact جس کو ہاتھ نہ لگا ہو۔سالم۔ثابت۔بجنسہ۔جوں کا توں۔ محفوظ۔درست۔اچھی حالت میں

intagliated کھودا یا کندہ کیا ہوا

intaglio کھدا ہوا پتھر یا نگینہ۔(منقوش ہیرا)

intangibility غیر محسوسیت

intangible نا قابل مس۔غیر محسوس۔جو چھونے یا ٹٹولنے سے معلوم نہ ہو۔لمس نا پذیر۔نا قابل درک

integer عدد صحیح۔سموچا آنک۔مقدار سالم۔مکمل بالذات شے

integral تمام ۔ غیر مکسور ۔ صحیح ۔ مسلم ۔ سموچا

integral کل ۔ کل شے ۔ کل عدد ۔ کلیہ

integrally بالکل

integrant پورا کرنے والا جزو ۔ جزو جو تکمیل کے لیے ضروری ہو ۔ متمم

integration بھانت پھیلاؤ نچوڑ ۔ تکمیل

integrroatory استفہامیہ

integument جھلی ۔ چھال ۔ پردہ ۔ پوشش ۔ کھال ۔ جلد ۔ غلاف ۔ چھلکا ۔ پوست

intellect گیان ۔ سمجھ ۔ عقل ۔ بدھ ۔ قوت متخیلہ ۔ فہم و فراست ۔ تعقل ۔ ذہن ۔ دانا ۔ دانش مند ۔ ارباب

عقل و دانش

intellectuality عقلیت

intellectualization عقلیت کے رنگ میں رنگنا یا رنگا جانا ۔ تعقل

intellectually عقلاً ۔ بلحاظ ذہنی قابلیت کے

intelligencer خبر رساں ۔ اخبار نویس ۔ وقائع نویس ۔ جاسوس ۔ مخبر ۔ (اطلاع دہندہ)

intelligent چتر ۔ سیانا ۔ نپن ۔ گیانی ۔ بدھ وان ۔ سجان ۔ خبر دار ۔ ہوشیار ۔ صاحب ادراک ۔ ذی شعور ۔ واقف ۔

زیرک۔ عاقل۔ دانا۔
فہیم۔زود۔فہم خردمند۔
سمجھ دار۔ ماہر۔ واقف
کار۔ دانش مند۔ ذی
ہوش۔فہمیدہ۔تیز
فہم۔(ذہین)

intelligentzia,sia روشن خیال طبقہ۔(طبقہ دانشوراں)

intelligibility, intelligibleness گیان۔بدھ۔فراست۔دانائی۔معقولیت۔سریع الفہمی

intelligible معقول۔سریع الفہم۔قابل فہم۔صاف وصریح۔سمجھ میں آنے کے لایق

intelligibly صاف صاف۔سمجھا کر۔بصراحت

intemperament بے اعتدالی۔علالت

intemperately بد پرہیزی سے۔بے اعتدالی سے

intemperateness بے اعتدالی۔بد پرہیزی۔زیادتی۔ہاؤکا

intenable جس پر قایم نہیں رہ سکتے

intend ارادہ کرنا۔عزم کرنا۔چاہنا۔نیت کرنا۔ذہن میں رکھنا۔مطلب رکھنا۔مدنظر رکھنا۔ملحوظ رکھنا۔(

قصد کرنا۔نیت رکھنا۔
مخصوص رکھنا۔ نامزد
کرنا۔مدعا ہونا)

intend منصوبہ رکھنا۔منشا رکھنا

intendancy ضلع۔ضلعدار کی کچہری۔(نظارت۔داروغگی)

intendant ضلعدار۔عامل۔ناظر۔(منتظم۔داروغہ)

intended مطلوب۔منظور۔مقصود۔مدنظر۔

intendedly قصداً۔عمداً

intensify سخت کرنا۔شدید کرنا۔زیادہ کرنا۔(تیز کرنا۔بڑھانا)

intensively زور سے۔تاکید سے۔تاکیداً۔بافزونی

intent مشتاق۔سرگرم۔آرزومند۔مشغول۔مصروف۔ساعی۔لگا ہوا۔مائل۔(تلا ہوا۔آمادہ۔منہمک۔
جٹا ہوا۔پر جوش۔پر شوق)

intent نیت۔مراد۔غرض۔مطلب۔عزم۔ارادہ۔مدعا۔معنی۔مقصد۔منشا۔ارتھ۔پریوجن۔منورتھ۔عندیہ

intentional دانستہ۔جانا بوجھا۔مطلبی۔ارادی۔(بالقصد)

intentionally جان بوجھ کر۔سمجھ بوجھ کر۔دیدہ و دانستہ۔قصداً۔عمداً۔ارادتاً۔بالارادہ۔بالقصد

intently جی لگا کر۔جی سے۔بہ دل و جان۔سرگرمی سے۔تن دہی سے۔بہ شوق۔بغور۔بہ جدو
جہد۔(سرگرمی سے۔انہماک سے)

intentness کوشش۔تن دہی۔توجہ۔غور۔سعی۔دل دہی۔جد و جہد۔(آمادگی۔سرگرمی۔
انہماک۔جوش)

inter گاڑنا۔دفن کرنا۔مٹی دینا۔مدفون کرنا۔رکھنا

inter,prefix اندر۔بیچ۔درمیان

interact ایک دوسرے پر اثر ڈالنا۔تفاعل کرنا

interaction تامل۔باہمی عمل

interactive تفاعلی۔تاملی

interamnian میان دوآبی

interbreed دو غلے یا دو نسلے بچے پیدا کرنا۔دو نسلوں کو ملانا

intercalar, intercalary فروری کا انتیسواں دن جو سال شمسی پورا کرنے کو جوڑتے ہیں

intercalate سال شمسی پورا کرنے کو دن کا جوڑ دینا

intercalation درمیان میں کسی دن یا وقت کا جوڑ دینا

intercede بیچ یا درمیان میں پڑنا۔شفاعت کرنا۔دو شخصوں میں رفع شر کرنا۔دخل دینا۔(اپرالا کرنا۔

(سفارش کرنا)

interceder شفیع۔درمیانی

intercepter پکڑنے یا روکنے والا۔حائل۔مزاحم

interception اٹکاؤ۔روک۔مزاحمت۔(انقطاع)

intercessory شفاعت آمیز

interchain لڑی بند کرنا۔زنجیر بند کرنا۔باہم باندھنا

interchangable مبادلہ پذیر۔بدل پذیر۔قابل تبادلہ

interchange ادلا بدلی۔بدلہ۔تبادلہ۔مبادلہ۔معاوضہ۔(ہیر پھیر۔الٹ پھیر)

interchangeability, باری باری۔ادلے بدلے کی خاصیت۔(متبادل پذیری۔

interchangeableness مبادلہ

پذیری)

interchangeably ادلے بدلے سے۔باری باری سے۔تبدیل سے

intercipient راہ میں پکڑ لینے والا۔مزاحم۔روکنے والا۔مانع۔راہ کاٹنے

والا

interclude باز رکھنا۔بند کرنا۔روک دینا۔حارج ہونا۔مزاحم ہونا

intercollegiate بین الکلیاتی

intercommunicate باہم آمدورفت کرنا یا رکھنا

intercommunion آپس کی آمدورفت یا ربط وضبط

interconnect باہم مربوط کرنا

interconvertible تبادل پذیر۔مبادلہ پذیر

intercostal پسلیوں کے بیچ کا

intercourse راہ ریت۔راہ رسم۔آوا جانی۔معاملہ۔بول چال۔بات

چیت۔مراسلت۔ربط وضبط۔

ملاپ۔(تعلق۔میل

جول۔آمد و رفت۔

بیوہار۔گفتگو)

intercurrence وقوع درمیانی

intercurrent بیچ میں جاری یا رواں۔حائل۔(درمیانی۔نوبتی۔عارضہ)

intercutaneous چام کے تلے۔کھال کے بھیتر

interdentil دندانوں کے بیچ کا فاصلہ

interdepend ایک دوسرے کا پابند ہونا۔ایک دوسرے پر منحصر ہونا۔ایک دوسرے کے تابع ہونا

interdependence باہمی انحصار

interdict ممانعت۔حکم امتناعی

interdiction ممانعت۔امتناع۔نفرین

interdictive, interdictory مانع۔امتناعی۔منع کرنے کی طاقت رکھنے والا

interest راغب کرنا۔شوق دلانا۔دل لگانا۔ترغیب دینا۔غرض رکھنا۔علاقہ رکھنا۔واسطہ رکھنا۔اثر کرنا۔(دلچسپی پیدا کرنا۔توجہ دلانا۔متوجہ کرنا)

interested سوارتھی۔ساجھی۔گوں گیرا۔مطلبی۔غرضی۔غرض مند۔سمبندھی۔شریک۔حصہ دار

interesting دلچسپ۔سہاونا۔من بھاونا۔دل بہلاو۔مرغوب

interfluent, interfluous بیچ میں جاری یا بہتا ہوا۔(سنگمی)

interfuse ملانا۔بیچ بیچ میں بکھیرنا۔مخلوط کرنا۔امتزاج کرنا

interfused بیچ میں پھیلا ہوا

interfusion ملانا۔مخلوط کرنا یا ہونا۔امتزاج

interim درمیان کا عرصہ یا وقت۔ انتر۔ اثنا۔ بیچ کا زمانہ۔ عرصہ مابین۔ (عارضی۔ غیر مستقل۔ ہنگامی۔ عبوری)

interiorly اندر۔ (داخلی طور پر۔ باطنی طور پر۔ اندرونی طور پر)

interjacence, interjacency توسط۔ درمیان میں واقع ہونا

interjacent درمیانی۔ متوسط۔ حایل

interject بیچ میں داخل کرنا۔ داخل کرنا۔ کہہ اٹھنا۔ (بیچ میں) چلا اٹھنا

interlace گھال میل کر دینا۔ ملا جلا دینا۔ آمیزش کر دینا۔ (وابستہ کرنا۔ گھتنا۔ مخلوط کرنا۔ ملانا)

interlard آمیزش کرنا۔ خلط ملط کرنا۔ داخل کرنا۔ مندرج کرنا۔ (غیر زبان کے لفظ استعمال کرنا)

interleaf سادہ ورق جو لکھے ہوئے اوراق میں لگا دیا جائے

interleave کتاب کے ورقوں میں سادہ ورقوں کا لگانا

interlineal, interlinear, interlineary سطروں کے بیچ میں لکھا ہوا

interlink لڑی کرنا۔ کڑی سے کڑی جوڑنا۔ لڑ سے لڑ ملانا۔ (باہم مربوط کرنا۔ ایک دوسرے سے جوڑنا)

interlocation بیچ بیچ میں رکھنا

interlock ایک دوسرے میں پھنسنا یا اٹکنا۔ ایک دوسرے کے ساتھ مقفل کرنا یا ہو جانا

interlope ہاتھ ڈالنا۔ دست اندازی کرنا۔ مخل ہونا۔ بلا اجازت تجارت کرنا۔ دخل دینا۔ (زبردستی کا شریک بنا۔ خواہ مخواہ دخل دینا)

interloper بیجا دخل دینے والا۔ دست اندازی کرنے والا۔ ناحق کسی کام میں ہاتھ ڈالنے والا۔ دخل در معقولات کرنے والا۔ غیر مجاز تاجر۔ خدائی فوجدار

interlude دو سوانگوں کے بیچ میں کسی تماشے کا کرنے والا

interlunar, interlunary اس وقت کے متعلق جبکہ چاند بسبب قریب ہونے سورج کے نہیں دکھائی دیتا ہے۔ بین قمری

intermarriage مناکحت۔ آپس میں بیاہ شادی کی رسم۔ باہم ازدواج

intermarry آپس میں شادی بیاہ کرنا

intermeddle بیجا مداخلت کرنا۔ دخل در معقولات کرنا۔ ناحق دست اندازی کرنا۔ مخل ہونا۔ پاؤں اڑانا

intermeddler خارج۔ مخل۔ دخل در معقولات کرنے والا۔ ناحق دست اندازی کرنے والا

intermedial, intermediate درمیانی۔ بیچ کا۔ بچلا

intermediately درمیان میں ۔ بیچ بچاؤ کے طور پر ۔ مابین

intermediator ثالث ۔ پنچ

intermigration باہم تبدیل وطن ۔ پرسپر جنم بھوم پلٹا

interminable بیحد ۔ بے پایاں ۔ لا انتہا ۔ اننت ۔ (لامتناہی ۔ طول طویل ۔ شیطان کی آنت)

interminableness بے پایانی ۔ بے انتہائی

intermingle گھال میل کرنا ۔ گڈمڈ کرنا ۔ ملانا ۔ آمیز کرنا ۔ خلط ملط کرنا ۔ مخلوط کرنا

intermingle مل جل جانا ۔ گھال میل ہونا ۔ مخلوط ہونا ۔ خلط ملط ہونا ۔ گڈمڈ ہونا

intermissive گنڈے دار ۔ باری کا

intermit ٹھیرانا ۔ انتر ڈالنا ۔ ملتوی رکھنا ۔ موقوف رکھنا ۔ (روکنا ۔ بند کرنا ۔ معطل کرنا)

intermittent باری کا ۔ انتر کا ۔ باری سے ۔ آنے والا ۔ (وقفہ دار)

intermittingly باری سے ۔ گنڈے دار ۔ وقفے سے ۔ انتر سے

intermix ملانا ۔ گڈمڈ کرنا ۔ گھال میل کرنا ۔ خلط ملط کرنا ۔ مخلوط کرنا

intermix ملنا ۔ خلط ملط ہونا ۔ مخلوط ہونا ۔ گڈمڈ ہونا

intermixture گھال میل ۔ خلط ملط ۔ گڈا ۔ (آمیزش)

intermundane کروں کے درمیان

internality داخلیت

internally اندرونی طور پر ۔ داخلی طور پر

international آپس کا۔قوموں میں۔مختلف قوموں کے درمیان۔(بین الاقوامی)

internationality بین الاقوامیت

internationally بین الاقوامی اعتبار سے

internuncio, internuncius بچولیا۔بسیٹھ۔وکیل

interpage زایئد درمیانی صفحات پر لکھنا یا چھاپنا

interpellate وضاحت طلب کرنا۔دخل دینا

interpenetrate سرایت کرنا۔نفوذ کرنا۔جاری وساری ہو جانا۔ایک دوسرے میں در آنا یا گھس جانا

interpenetration سرایت۔نفوذ

interpledge باہم قول وقرار کرنا

interpoint نشان کے لیے نقطے کرنا

interpolate ٹھونسنا۔باڑنا۔تحریف کرنا۔(الحاق کرنا۔بڑھانا۔اضافہ کرنا۔اندراج کرنا)

interpolator تحریف کرنے والا

interpose بیچ میں پڑنا

interposer بچولیا۔دست انداز۔مخل۔بیچ میں پڑنے والا

interpretable قابل تشریح وتوضیح

interpreter دوبھاشیا۔شارح۔تعبیر گو۔مترجم۔(ترجمان۔مفسر)

interregnum, interreign تخت سلطنت کے خالی رہنے کا وقت۔(وقفہ۔درمیانی عرصہ۔درمیانی مدت)

interrelation باہمی تعلق۔باہمی علاقہ

interrelationship باہمی تعلق ہونا۔باہمی علاقہ ہونا

interrogate پوچھنا۔سوال کرنا۔اظہار لینا۔استفسار کرنا۔دریافت کرنا۔ پرشن کرنا

interrogative استفہامیہ۔پرشن باچک

interrogative کلمہ استفہامیہ۔(سوالیہ)

interrogatively سوال کے طور پر

interrogator سوال کرنے والا۔سایل۔پرسندہ۔پوچھنے والا

interrogatory استفسار۔سوال

interruptedly ٹوٹ ٹوٹ کر۔بے سلسلہ۔فاصلے سے۔گنڈے دار۔(رک رک کر۔ٹھیر ٹھیر کے۔تھوڑے تھوڑے وقفے سے)

interscind کاٹنا

intersect بیچ میں سے دو کرنا۔کاٹنا۔چیرنا۔تقاطع کرنا

interspace فاصلہ۔دوری۔بچا

intersperse بکھیرنا۔چھترانا۔چھڑکانا۔پھیلانا۔(گونا گوں کرنا۔بوقلموں کرنا۔رنگ برنگ کرنا۔طرح طرح کا کرنا)

interspersion بکھراؤ۔چھتراؤ۔پھیلاؤ

interstate ریاستوں کے مابین۔بین ریاستی

interstellar, interstellary ستاروں کے درمیان کا۔نظام شمسی کے باہر والا

interstice خالی جگہ۔فاصلہ۔بچا۔(درز۔شگاف۔دراڑ۔روزن)

interstitial فاصلے کا۔بچے کا۔(شگافی)

intertangle الجھانا۔بل دینا۔بٹنا

intertexture بناوٹ

intertwine لپیٹنا۔باٹنا۔(گوندھنا۔بٹنا یا بل دینا)

intertwist مروڑنا۔بھانجنا۔بٹنا۔اینٹھنا۔بل دینا

interview ملاقات۔بھیٹ۔درشن۔دیدار۔ملاپ۔(انٹرویو)

interviewer سوال جواب کرنے والا۔انٹرویوور

intervolve لپیٹنا

interwreathed مالا میں بٹا ہوا

intestable جو وصیت کرنے کے قابل نہ ہو

intestacy بے وصیت مرنے کی حالت۔فوت بلا وصیت۔کچھ نہ کہہ مرنا

intestinal انتڑیوں کا۔آنتوں کے متعلق

intestines آنتیں۔انتڑیاں۔رودہ

intimate familiarsee گاڑھا یار۔دلی دوست

intimate ایما کرنا۔اشارہ کرنا۔جتانا۔آگاہ کرنا۔مطلع کرنا۔(واقف کرنا۔بیان کرنا)

intimately دل و جان۔با اختلاط۔نہایت ملا جلا۔بے تکلفانہ

intimation ایما۔اشارہ۔کنایہ۔اطلاع۔آگاہی

intimidate دھمکانا۔ڈرانا۔ڈپٹنا۔ڈانٹنا۔ڈر دکھانا۔بزدل کرنا۔دہلانا

intimidation دھمکی۔وحشت۔ڈر۔ڈانٹ۔خوف۔تخویف

intimity داخلیت۔باطنیت۔خلوت۔تخلیہ۔تنہائی

into بیچ میں۔اندر۔درمیان۔بھیتر۔بھیتر تک۔(طرف۔میں)

intolerable ناقابل برداشت۔غیر متحمل۔ناجائز۔ناروا۔دُسّہ

intolerably نہایت۔ بہ شدت۔(نا قابل برداشت طور پر)

intolerance, intolerancy, intoleration تعصب۔مذہبی قید یا روک۔غیر تحمل۔عدم رواداری۔

نارواداری

intonate آواز دینا۔بجنا

intone لمبی آواز کرنا۔آواز بڑھانا۔(لحن سے پڑھنا۔خاص لہجے میں ادا کرنا)

intort مروڑنا۔اینٹھنا۔تاب دینا

intoxicant منشی۔نشہ آور۔مسکر

intoxicate متوالا کرنا۔مست کرنا۔بیہوش کرنا۔مدہوش کرنا۔سرشار کرنا۔مخمور کرنا

intoxicate متوالا۔بے ہوش۔سرشار۔بدمست۔مخمور۔نشے میں چور

intoxicating نشیلا۔نشے دار۔مسکر

intractability, intractableness منہ زوری۔ہٹ۔کڑا پن۔سرکشی۔(ناتربیت پذیری)

intranquility بے کلی۔بے چینی۔بے آرامی

intransient پائیدار۔غیر فانی۔قایم

intransigent انتہاپسند۔کٹر۔سخت۔(سیاست میں)

intransitively بطور فعل لازمی

intransmutable غیر مبدل۔بے تبدیل۔ان پلٹ

intrepid نڈر۔ دلیر۔ بے باک۔ بے خوف۔ شیر مرد۔(شجاع۔ جری۔شیر دل۔بہادر)

intrepidity بے باکی۔ جاں بازی۔ دلیری۔تہور۔ جواں مردی۔شیر مردی۔(جرات۔شجاعت)

intrepidly مردانہ۔دلیرانہ۔بیبا کی سے۔دلیری سے

intricacy, intricateness الجھیڑا۔الجھاؤ۔پیچ۔لپیٹ۔(پیچیدگی۔دقت۔دشواری۔ گنجلک)

intricate الجھا۔پیچ در پیچ۔پیچ دار۔پیچیدہ۔(ادق۔مشکل۔دشوار۔ دقت طلب۔دھندلا۔مبہم۔الجھا ہوا۔گنجلک)

intricately پیچ سے۔الجھاؤ سے۔(پیچیدہ عبارت میں۔پیچیدہ انداز میں)

intriguer فطرتی۔بندشی۔سازش کرنے والا۔(سازشی)

intrinsic, intrinsical بھیتری۔ذاتی۔اصلی۔حقیقی۔معنوی۔(عینی)

intrinsically اندر۔باطن میں۔بھیتر۔حقیقتہ۔دراصل۔فی الحقیقت۔ بنفسہ

introducer جاری کرنے والا۔داخل کرنے والا۔شروع کرنے والا۔ پیش کرنے والا۔ملاقات کرنے والا۔ مربی۔ حامی۔ (تعارف کنندہ)

introductive, introductory تمہیدی ۔ ابتدائی ۔ بطور عنوان ۔ از راہ تمہید ۔ بطور مقدمہ ۔ تعارفی ۔

افتتاحی

intromission مداخلت ۔ ارسال ۔ ادخال ۔ (باریابی ۔ داخلہ ۔ اندراج)

introreception شمول ۔ ادخال

introspect اپنی نفسی کیفیات کا خود مطالعہ کرنا ۔ مشاہدہ نفس کرنا

introspection مشاہدہ نفس ۔ معایئنہ نفس ۔ خودنگری ۔ مطالعہ باطن

introspectionist قایل مشاہدہ نفس ۔ ماہر معایئنہ نفسی

introspective مشاہدہ نفس کا ۔ خودنگر

introspectively مشاہدہ نفس کے طور پر ۔ خودنگری سے

introversion اندر کو مڑنا ۔ بھیتر کی طرف پھر جانا ۔ (باطنیت)

introvert اندر کو موڑنا ۔ بھیتر کو پھیرنا ۔ (مطالعہ باطن کرنا)

intrude پیٹھانا ۔ داخل کرنا ۔ گھسانا ۔ باڑنا

intruder مخل ۔ پیٹھنے یا گھس جانے والا ۔ مداخلت کرنے والا ۔ غیر ۔ اجنبی ۔ دست انداز ۔ (بن بلایا مہمان)

intrusive بنا بلائے چلا آنے والا ۔ مداخلت کرنے والا

intrust سونپنا ۔ امانت یا دھروڑ رکھنا ۔ سپرد کرنا ۔ تفویض کرنا ۔ تحویل کرنا

intuitively خود بخود ۔ دل سے ۔ بلا غور و تامل ۔ بہ القا ۔ (وجدانی طور پر)

intumesce سوجنا ۔ پھولنا ۔ بڑھنا ۔ پھیلنا

intumescence سوجن ۔ پھولن ۔ پھدپھداہٹ ۔ ورم ۔ (تورم)

intwine entwinesee گونتھنا

inurbane کھرا۔ کج خلق

inurbanity گنوار پن۔ اجڈ پن۔ بے ادبی۔ بیسلیقگی۔ نا شائستگی۔ بد تہذیبی۔ (کھرا پن۔ کج خلقی)

inure عادی کرنا۔ خوگر کرنا۔ عادت یا بان ڈالنا

inure کام میں آنا۔ لگنا۔ مستعمل ہونا

inurement بان۔ عادت۔ خو۔ ربط۔ مشق۔ دستور۔ استعمال۔ محاورہ۔ عمل۔ (خوگری)

inurn دابنا۔ گاڑنا۔ دفن کرنا

inutile بیکار۔ نکما۔ فضول۔ بے فائدہ

inutility نکماپن۔ لاحاصلی۔ فضولی

invader غنیم۔ حملہ آور۔ چڑھ آنے والا

invaginate غلاف چڑھانا۔ میان میں رکھنا

invalid بیکاروں کی فہرست میں داخل کرنا۔ (بیمار پڑنا۔ علیل ہونا۔ مجروح یا بیمار قرار دینا)

invalid ضعیف یا بڈھا سپاہی وغیرہ۔ معذور الخدمت

invalidate باطل کرنا۔ فسخ کرنا۔ ناجائز کرنا۔ بیکار کرنا۔ رد کرنا۔ توڑنا۔ بھنگ کرنا۔ جھوٹا کرنا۔ معطل کرنا۔

(بے ضابطہ قرار دینا۔

قانونا بے اثر کرنا)

invalidity ناجوازی۔ بطلان۔ اپرمانتا۔ (علالت۔ مرض۔ معذوری۔ جسمانی کمزوری)

invalidly ناجائز یا بے ضابطہ طور پر۔ بغیر قانونی حیثیت کے

invaluable بے بہا۔بیش بہا۔انمول

invariability, یکسانی۔استقامت۔عدم تغیر

invariableness

invariable مستقل۔غیر متغیر۔بے تبدیل۔اٹل۔اچل۔یکساں

invariably بے بدل۔بلا ناغہ۔برابر۔نت۔ہمیشہ۔مدام۔سدا۔بلا کسر۔بلا تبدیل۔علی الدوام۔(غیر متغیر طور پر)

invaried بلا تبدیل۔بلا تغیر

invasive حملہ آور۔چڑھائی کرنے والا۔متصرف۔دست دراز

invective دشنام آمیز۔ہجویہ۔طنز آمیز

invective لعنت۔ملامت۔مذمت۔ہجو۔لعن طعن۔گالی

invectively ہجویہ۔مذمتہ۔زباں درازی سے۔لعنت ملامت سے۔طعنہ زنی سے

inveigh نندا،ہجو،مذمت یا طعن کرنا۔برا کہنا۔(پھٹکارنا)

inveigle پھانسنا۔للچانا۔لبھانا۔بہکانا۔اکسانا۔پٹی پڑھانا۔پٹی دینا۔مایل کرنا۔ترغیب دینا۔ورغلانا۔

(بھگا لے جانا۔اغوا کرنا۔پھسلانا)

inveiglement لبھاؤ۔پھسلاہٹ۔اغوا۔پٹی۔دم بازی

inveigler پھسلانے والا۔دم باز۔کٹنا۔فریب دہ

inventive موجد۔مخترع۔مضمون خیز۔رسا۔مبدع۔(ایجادی۔اختراعی)

inventor بانی۔ موجد۔ واضع۔ مبدع۔ نئی بات نکالنے والا۔ (مخترع)

inventory فرد بنانا۔فہرست لکھنا۔تعلیقہ کرنا

inventory فرد۔فہرست ۔سیاہہ۔بند

inveracity عدم صداقت۔کذب۔جھوٹ ۔دروغ

inversely برخلاف۔برعکس ۔الٹا

inversive تقلیبی ۔معکوس

invert الٹا کرنا۔ اوندھا کرنا۔ پلٹنا۔ (الٹنا۔ترتیب الٹ دینا۔ تقلیب کرنا)

invert قوس معکوس۔محراب معکوس

invertebrate غیرمہرہ پشت ۔بے ریڑھ کا۔غیرفقری

inverted الٹا۔اوندھا۔مقلوب

invertendo الٹی لاگ

investigable تحقیقات پذیر۔ لائق دریافت ۔تفتیش پذیر۔ ڈھونڈنے جوگ

investigate ڈھونڈنا۔کھوجنا۔تحقیق کرنا۔دریافت کرنا۔تلاش کرنا۔حل کرنا۔تفتیش کرنا۔

تجسس کرنا۔(چھان بین کرنا)

investigation تحقیقات۔ بچار۔تحقیق ۔تلاش ۔تفتیش ۔کھوج۔ جست و جو۔دریافت ۔امتحان ۔جانچ۔

تجسس ۔(چھان بین)

investigative مستحق تحقیق۔ محقق۔ (تحقیقاتی۔ تفتیشی۔ تحقیقی)

investigator محقق۔ کھوجی۔ متلاشی

investor لباس پہنانے والا۔ خلعت دینے والا۔ روپیہ لگانے والا۔ سرمایہ کار

inveteracy, inveterateness استقامت۔ قیام۔ ہٹ۔ آڑ۔ (سختی۔ شدت)

invidiousness حسد انگیزی۔ بغض انگیزی۔ (بے انصافی۔ ناگواری)

invigilate امتحان دینے والے طلبا کی نگرانی کرنا

invigilation نگرانی (امتحان کی)

invigilator ناظر امتحان۔ نگران کار (امتحان کا)

invigorate بل دینا۔ مضبوط کرنا۔ قوی کرنا۔ توانا کرنا۔ زور آور کرنا۔ قوت دینا۔ (تقویت پہنچانا۔ روح پھونکنا۔ جان ڈالنا۔)

invigoration تقویت۔ توانائی۔ زور۔ بل۔ زور دہی

invigorative تقویت بخش۔ جان فزا

invincible اجے۔ اجیت۔ اڈگ۔ مضبوط۔ جرار۔ حصین۔ زبردست۔ (ناقابل فتح۔ ناقابل تسخیر۔ غیر مغلوب)

invincibleness, invincibility غیر مغلوبی۔ استحکام

inviolable موثق۔ واثق۔ ناقابل انفساخ۔ ناقابل خلاف ورزی۔ واجب التعمیل۔ محترم۔ قابل حرمت

inviolate مستحکم۔ استوار۔ بے نقص۔ بے فتور۔ (ناشکستہ۔ صحیح وسالم۔ مسلم۔ محفوظ۔ غیر آلودہ۔ پاک۔ خالص۔)

inviolateness استحکام۔استواری۔بےعیبی۔پاکی۔عصمت۔تقدس

invirility عدم رجولیت۔نامردی۔ڈھیلاپن۔سستی

inviscate لاسالگانا

invisibility, عدم رویت۔نہ دکھائی دینا۔(غیر مرئیت)

invisibleness

invisible الوپ۔الکھ۔غائب۔پوشیدہ۔نہاں۔مخفی۔(غیر مرئی۔ خفیف۔غیر محسوس)

invisibly پوشیدہ پوشیدہ۔چھپے چھپے۔(غیر مرئی طور پر)

invitation نوتا۔بلاوا۔طلب۔(دعوت)

inviting مرغوب۔دل کش۔دلچسپ

invocatory مناجاتی۔التجائی

invoice بیجک بنانا یا لکھنا۔چالان کرنا

invoice فہرست۔بیجک۔تعلیقہ۔چالان۔(انوائس)

involuntarily ازخود۔آپ ہی۔بےقصد۔بےارادہ۔بلاخواہش۔بے اختیار۔(غیر ارادی طور پر۔بلاقصد۔بلاارادہ)

involuntariness جبر۔نارضامندی

involuntary بےبس۔بےاختیار۔بےارادہ۔(غیر ارادی۔بلاقصد)

involute پیچیدہ۔ادق۔الجھاہوا۔پیچ در پیچ

involvement لپیٹ۔الجھاؤ۔شمول۔مالی مشکلات۔پیچیدہ معاملہ۔عقدہ۔گتھی

invulnerability, زخمی نہ ہونے کی خاصیت یا حالت۔(غیر ضرر پذیری)

invulnerableness

invulnerable جو زخمی نہ ہو۔ بجرنگی۔ روئیں تن۔ اکٹ۔ (غیر ضرر پذیر)

inwardness باطن۔ داخلیت۔ روحانیت

inwards انتڑیاں۔ آنتیں

inweave ملا کر بننا۔ (پیوست کرنا۔ وابستہ کرنا)

inwreathe لپیٹنا

inwrought کامدار۔ بنا ہوا۔ جڑاؤ۔ مرصع۔ (مزین)

ionic,ionian یونانی۔ یونان کا

iota دانہ۔ ذرہ۔ ریزہ۔ حبہ۔ تل بھر

ipsedixit نری باتیں

irascibility تندمزاجی۔ جھلاپن۔ چڑچڑاپن

irascible کرودھی۔ غصیل۔ مغلوب الغضب۔ تندمزاج۔ (جھلا۔ چڑچڑا)

ire angersee کوپ

irenic,irenical امن خواہ۔ صلح خواہ۔ (صلح جو)

iridescence رنگینی۔ (قزح رنگی)

irish آئرلینڈ کا باشندہ یا اس کی زبان

irksome ناگوار۔ بھاری۔ گراں۔ تھکاؤ۔ تکلیف دہ۔ مشکل

ironclad لوہے سے منڈھا ہوا۔ (آہن پوش)

ironclad لوہے سے منڈھا ہوا جہاز

ironic,ironical طعن آمیز۔ رمز کا۔ طنز آمیز۔ (طنزیہ)

ironically طنزاً۔ طعنے کے طور پر

ironmonger لوہیا۔ لوہار۔ آہن گر۔ لوہے کی چیزیں بیچنے والا

ironmould لوہے کا داغ

ironsmith لوہار۔آہن گر

ironwork لوہیکے پرزے۔لوہیکی چیز۔(لوہیکا کام)

irony بولی ٹھولی۔ہجو۔رمز۔طنز۔طعن

irradiant روشن۔درخشاں۔منور۔ضیابار

irradiate جھلابور۔زرق برق۔نوردار۔منور۔درخشاں

irradiative ضیابار۔نورافشاں۔توضیحی

irrationality بے عقلی۔نامعقولیت۔(ناعقلیت)

irrationalize غیر معقول یا غیر منطقی بنانا

irrationally بے عقلی سے۔حیوانیت سے۔بیہودہ

irreclaimable جوتربیت پذیر نہ ہو۔گیا گزرا۔(غیر اصلاح پذیر۔ناقابل اصلاح)

irrecognizable ناقابل شناخت

irrecoverable غیر ممکن الوصول۔ناقابل الوصول۔پڑا الجھ۔ڈوبا ہوا۔گیا گزرا۔لاعلاج

irrecoverably جس کا چارہ نہ ہو۔جو وصول نہ ہو سکے۔اس طرح پر کہ پھر حاصل نہ ہو

irrecusable ناقابل رد۔واجب القبول

irreducibility غیر تحویل پذیری۔غیر تخفیف پذیری

irreducible گھٹنے کے ناقابل۔(ناقابل تحویل۔غیر تحویل پذیر۔غیر تخفیف پذیر۔ناقابل تخفیف)

irrefragable, irrefutable لاجواب ۔ مسلم ۔ غیر ممکن الرد ۔ اڈگ ۔ مسکت ۔ (نا قابل تردید)

irrefrangible نا قابل خلاف ورزی ۔ نا قابل عدول ۔ غیر انعطاف پذیر

irregular سپاہی جو معمولی فوج کا نہ ہو

irregularity بے ضابطگی ۔ بے قاعدگی ۔ بے سرشتگی ۔ بے ترتیبی ۔ ابتری ۔ آوارگی ۔ ناہمواری ۔ (بے اصولی ۔ بے ڈھنگا پن ۔ بے اسلوبی ۔ بے نظمی)

irregularly بے قاعدہ ۔ بے ترتیبی سے ۔ ناہمواری سے ۔ بلا دستور ۔ خلاف قاعدہ ۔ (بے اصولی سے ۔ بے ضابطگی سے ۔ خلاف ضابطہ)

irrelative بیلگاؤ ۔ بے جوڑ ۔ بے علاقہ ۔ (غیر متعلق ۔ بے ربط)

irrelevancy بیگانگی ۔ مغایرت ۔ بے تعلقی

irrelevant بے علاقہ ۔ بے لگاؤ ۔ بیگانہ ۔ بے موقع ۔ غیر مناسب ۔ اجنبی ۔ مغایر ۔ خارج از بحث ۔ (غیر متعلق ۔ بے تک ۔ بے جوڑ ۔ بے ربط ۔ بے محل)

irrelevantly بیلگاؤ ۔ بلا تعلق

irrelievable نا قابل تسکین یا تخفیف

irreligion لامذہبی ۔ بے دینی ۔ الحاد ۔ زندقہ

irreligionist لامذہب ۔مخالف مذہب ۔ملحد ۔کافر ۔بے دین

irreligiosity بے دینی ۔لامذہبیت ۔الحاد ۔زندیقی

irreligious بے دین ۔لامذہب ۔ملحد

irreligiously بے دینی سے ۔رندانہ ۔کافرانہ ۔(ملحدانہ)

irreligiousness بے دینی ۔کفر ۔الحاد ۔لامذہبی

irremeable بے مراجعت ۔ بے لوٹ

irremediable بے اپایے ۔لادوا ۔ بے چارہ ۔لاعلاج ۔(نا قابل تلافی)

irremissible غیر قابل عفو ۔ جو معاف کرنے کے لایق نہ ہو ۔(نا قابل معافی)

irremovable نا قابل حرکت ۔اٹل ۔اچل

irreparability لاعلاجی ۔عدم ترمیم پذیری

irreparable نا قابل ترمیم ۔لاعلاج ۔غیر قابل ایفا

irrepealable غیر قابل رد یا منسوخی

irreplaceable جس کا بدل نہ ہو ۔نا قابل تلافی

irreprehensible نردوش ۔ بے عیب ۔ بے نقص ۔ بے الزام

irrepresentable جس کی نقل یا مورت نہ بن سکے

irreproachable, irreprovable نا قابل ملامت ۔ بے الزام ۔ پاک و صاف ۔ بے قصور ۔ (بے داغ)

irresistance آدھینی ۔ فرماں برداری ۔ اطاعت ۔ آدھینتائی ۔ عدم مزاحمت

irresistibility نا قابل مزاحمت ہونا ۔ بے حد قوی، مدلل یا دلکش ہونا

irresistible غیر قابل مزاحمت ۔ نا قابل مقابلہ۔ نہیں ضبط ہو سکنے کے قابل ۔(نا قابل تعرض)

irresoluble غیر قابل تحلیل ۔نا گداختنی ۔ جو پگل نہ سکے

irresolute غیر مستقل ۔متلون ۔ مذبذب ۔ دبدھا کا۔(متامل ۔حیص بیص میں ۔ضعیف الارادہ ۔ارادے کا کچا)

irresolutely تذبذب سے ۔غیر مستقل مزاجی سے

irresolution بے استقلالی ۔ڈانواں ڈولی ۔تلون ۔تذبذب

irresolvable نا قابل تجزیہ ۔نا قابل تحلیل ۔ نا قابل حل

irrespective,irrespectively بالحاظ ۔قطع نظر

irresponsibility غیر ذمہ داری ۔لاابالی پن

irresponsible بے مواخذہ ۔ جواب دہی سے بری ۔ بری الذمہ ۔ (بے پروا ۔لاابالی ۔غیر ذمہ دار ۔غیر ذمہ دارانہ)

irresponsibly غیر ذمہ داری سے ۔غیر ذمہ دارانہ ۔لاابالی پن سے

irresponsive غیر جواب دہ یا غیر ہم آہنگ ۔غیر اثر قبول ۔غیر موافق ۔غیر متاثر

irresponsiveness غیر جواب دہ یا غیر متاثر ہونا وغیرہ

irretention قوت ماسکہ کا فقدان ۔عدم امساک ۔حافظے کی کمزوری

irretentive بھلکڑ ۔بھلو

irretrievable غیر قابل ایفا ۔غیر ممکن الحصول یا اصلاح ۔ گیا گزرا ۔ لا علاج ۔نرا پائے ۔(نا قابل تلافی)

irretrievably اس طور پر کہ پھر اصلاح نہ ہو سکے۔(نا قابل تلافی طور پر)

irreverence ان آدر۔ بے ادبی۔ اپمان۔(بے احترامی)

irreverent بے ادب۔اپمان کرنے والا۔(بے احترام)

irreverently ان آدر پن سے۔ بے ادبی سے۔(بے ادبانہ)

irreversible ان پلٹ۔ بے تغیر۔ غیر متبدل۔ نا قابل تبدیل۔(نا قابل تغیر۔غیر متغیر۔غیر انقلاب پذیر۔ نا قابل منسوخی۔اٹل)

irrevocability, irrevocableness عدم تنسیخ یا تردید

irrevocable نا قابل تنسیخ یا تردید۔ان پلٹ۔اٹل۔(نا قابل منسوخی)

irrigate سینچنا۔ پانی دینا۔ پٹانا۔ آب پاشی کرنا۔(آبیاری کرنا۔ سیراب کرنا)

irrigation سنچائی۔آبپاشی۔پانی دینا۔پٹائی۔(آبیاری)

irriguous تر۔بھیگا۔گیلا۔نم

irritancy جھلاہٹ۔غصہ۔کوفت

irritant اپاڑ کرنے والا۔سوزش یا جلن پیدا کرنے والا۔مشتعل کرنے والا۔ ہیجان میں لانے والا۔(مجازاً)تکلیف دہ چیز۔جو(چیز)۔دماغی سکون میں خلل انداز ہو

irritant اپاڑ کی دوا

irritative غصہ دلانے والا۔بھڑکانے والا۔سوزش آفریں(مہیج)

irrpressible جو دب نہ سکے

irruptive گھس جانے والا۔ٹوٹ پڑنے والا۔چڑھ آنے والا

is ہے۔ ہیگا۔ سے۔ ہا

ischury موتر روک۔ حبس البول

islam اسلام۔ عالم اسلامی

islamic اسلامی

islamism اسلامیت

islamist محقق علوم اسلامیہ

island ٹاپو۔ جزیرہ۔ دیپ

islander ٹاپو باسی۔ جزیرے کا رہنے والا

isle جزیرہ۔ ٹاپو۔ دیپ

islet چھوٹا ٹاپو

ism کوئی خاص مسلک یا نظریہ

isochronal, ischronous سم کالک۔ مساوی الوقت۔ سے سان

isolation تنہائی۔ علیحدگی۔ علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا

isomeric مرکبات جن میں ایک سے اجزا ایک ہی حساب سے ملائے گئے ہوں اور مزاج جداگانہ رکھتے ہوں۔

isonomy قانون جس میں سب ایک ہی لکڑی سے ہانکے جائیں۔ قانون مساوی الحقوق۔ سم ادھکار

isosceles دو بھج برابر۔ متساوی الساقین

issuable قابل اشاعت۔ قابل طبع۔ قابل اجرا

issued مصدورہ۔ مجریہ۔ مروجہ

issueless نر بنس۔ بے اولاد۔ لاولد۔ نپوتا

issues پیداواری۔فوائد۔منافع۔لابھ۔محاصل

isthmus خاکنائے۔گردن زمین

it وہ۔یہ

italian اٹلی کا باشندہ۔(اطالوی)

italic ملک اطالیہ کے متعلق

italicize ترچھے حروف میں چھاپنا یا لکھنا

italics ترچھے حروف جو پہلے اطالیہ میں مستعمل تھے۔(ترچھے حروف جن میں امتیازی یا تاکیدی الفاظ عبارت میں لکھے جاتے ہیں)

itchy کھاج بھرا۔خارشتی۔چل ہایا

item بھی۔نیز۔ایضاً۔اسی طرح

item رقم۔مد۔چیز۔اخبار(وغیرہ) کی خبر۔مضمون

item یادداشت لکھ لینا

iterate دہرانا۔تکرار کرنا۔مکرر کرنا۔(اعادہ کرنا۔دوبارہ کہنا)

iteration پنر بچن۔پنرا کت۔مکرر کہنا۔دہراؤ۔تکرار۔(اعادہ)

itinerant دورہ کرنے والا۔چلتا پھرتا۔خانہ بدوش۔رمتا۔سیاح۔(سفری)

jabber بکنا۔بک بک کرنا۔گل کرنا۔(بکواس کرنا۔بڑبڑانا)

jabber بکواس۔بک بک۔گل۔جھک۔(بڑ۔مہمل گفتگو)

jabberer بکواسی۔گل کرنے والا۔بکی۔جھکی

jacent لمبا پڑا ہوا۔پسرا ہوا۔پڑا ہوا۔پھیلا ہوا

jacinth جواہرات کی قسم۔(سرخی مائل نارنجی رنگ کا قیمتی پتھر)

jack جیک لگانا۔دست بردار ہونا۔چھوڑ دینا

jackal گیدڑ۔شغال۔سیار۔جمبو۔شرگال

jackass گدھا۔خر۔بیوقوف

jackboots گھٹنوں تک کا جوتا۔موزہ۔

jackdaw زاغ۔کاگ۔کوا

jacket جاکٹ۔کمری۔مرزئی۔(آستین دار صدری)

jackfruit کٹھل۔پھنس

jackpuddin مسخرا۔تماشے کا آدمی۔نقل مجلس۔گل۔گوپال پانڈے

jacksauce گستاخ۔شوخ

jacksmith تیغ بنانے والا لوہار

jacobite ایک فرقہ عیسائیوں کا

jacobus سکہ طلائی۔پچیس شلنگ کا

jactitation بیماری کی بےچینی سے کروٹیں بدلنا۔ہاتھ پیر پٹکنا۔(قانون) زوجیت کا جھوٹا دعویٰ

jaculation, jactation پھینک۔انداخت

jade ایک قسم کا پتھر

jade تھکانا۔ماندہ کرنا

jag چھوٹا بوجھا۔گٹھڑی

jag دندانے دار کرنا۔دانتے ڈالنا

jag,jagg دندانہ۔شگاف۔دانتا

jagged,jaggy دندانے دار۔دنتیلا

jailer داروغہ جیل خانہ۔(جیلر)

jam دابنا۔دبانا۔بھینچنا۔کچلنا۔پیسنا۔روندنا

jam مربہ۔جام

jangler جھگڑالو۔حجتی۔تکراری

janiter دربان۔ڈیوڑھی بان۔چوکیدار۔(نگہبان۔پہریدار)

jantiness خودنمائی۔بھڑک

janty رنگیلا۔بھڑکیلا۔چھبیلا۔چٹکیلا۔خوش پوشاک

january انگریزی برس کا پہلا مہینہ۔جنوری

japan جاپان کے طریق پر روغن کرنا

jar جھگڑا۔تکرار۔کرخت آواز۔بیسری آواز۔صدمہ۔دھچکا۔
جرجری۔نزاع

jar گھڑا۔گھڑیا۔مٹکا۔مرتبان۔کروا۔ہانڈی۔ناند۔گنگال

jargon ایسی بات جو سمجھ میں نہ آئے۔ست بھیچڑی بولی۔گپڑ سپڑ،
(بےتمیز یا پھوڑ) بول چال۔

بک بک۔جھک
(جھک)

jasmine چنبیلی۔یاسمین

jasper زبرجد۔سنگ یشب

jaundice کنول بائے۔یرقان۔پانڈو۔پنڈ روگ

jaunt سیر کرنا۔ٹہلنا۔پھرنا۔چلنا

jaunt سیر۔سیر گشت۔(گلگشت۔تفریحی سفر)

jaunty زندہ دل۔ہنس مکھ۔البیلا۔بانکا

javelin برچھی۔نیزہ۔شکتی

jaw گالی دینی۔دشنام دینا۔(بکواس کرنا۔سرزنش کرنا۔)

jay نیل کنٹھ۔سبزک۔(دماغ چٹ۔باتونی۔بکی۔سادہ لوح۔احمق)

jealously رشک سے۔حاسدانہ۔شک سے۔وسواس سے۔(رقابت سے۔)

jeer بولی ٹھولی۔لعن طعن۔طعنہ تشنے۔(مضحکہ۔طنز۔رمز۔چوٹ)

jeer بولی یا طعنہ مارنا۔طعنے تشنے دینا۔آڑے ہاتھوں لینا۔(طنز کرنا۔مضحکہ اڑانا۔ہنسی اڑانا۔

فقرے کسنا۔)

jeerer طعنہ زن۔بولی مانے والا۔حریف۔بولی ٹھولی پھینکنے والا

jeering طعنہ زنی۔بولی ٹھولی

jeeringly طعنے زنی سے۔لعن طعن سے۔بولی مارکر

jehovah یاہو۔اللہ تعالی۔ایزد

jejunely روکھے پن سے۔بیلذتی سے۔بیلطفی سے

jellybag شیرا اچھالنے کی تھیلی۔انگریزی صافی

jemmy وضع دار۔(خوش وضع)

jeopard خطرے یا جوکھوں میں ڈالنا۔بلا میں مبتلا کرنا

jeopardize خطرے میں ڈالنا۔جوکھوں میں ڈالنا

jeopardy جان جوکھوں۔اندیشہ۔خطرہ۔

jerk جنبش دینا، جھڑ جھڑانا۔ پھینکنا۔ ہچکولا دینا۔ جھر کانا۔ (جھٹکا دینا۔ دھکیل دینا یا پھینک دینا)

jerkin کرتی۔ مرزئی۔ کمری۔ انگرکھی

jersey جرسی۔ تنگ اونی بیان۔

jess تسمہ جو باز کی ٹانگ میں بندھا رہتا ہے۔ پیٹی۔ پھندنا۔

jest ٹھٹھا، ہنسی، دل لگی یا کھلی کرنا۔ (مذاق کرنا۔ فقرے کسنا۔)

jesting ٹھٹھے بازی۔ ٹھٹھولی۔ مسخرہ پن

jestingly ہنسی سے۔ کھلی سے۔ (مذاق میں۔)

jestingstock مسخرہ۔ ٹھٹھول

jesuitism عیسائیوں کے ایک فرقے کا اصول۔ (یسوعیت)

jesuschrist حضرت عیسیٰ۔ مسیح

jew یہودی۔ عبرانی۔ قوم یہود

jewel ہیرے جواہرات جڑنا۔ جڑاؤ زیور پہنانا۔ جواہرات سے آرساتہ کرنا۔

jewellery آبھوکن۔ گہنا۔ زیور۔ جواہرات

jewess عبرانی عورت۔ یہودن۔

jewish عبرانی۔ یہودیوں کا

jewishly عبرانی طور پر

jewry یہودیوں کا پرگنہ، گاؤں یا محلّہ۔ یہودی واڑا

jewsharp منہ چنگ۔ مرچنگ

jibber اڑیل گھوڑا

jig ناچنا۔ توڑے لینا

jill عورت، لگائی

jillflirt ہنسوکڑ۔ خندی۔ نین مٹکو

jilt بیوفا عورت نخرے باز عورت۔ عیار

jilt دم جھانسے میں رکھنا۔ بتا دینا نخرے بازی کرنا۔ چھلنا، ٹھگنا

jingle چھن چھن۔ جھن جھن۔ جھنکار۔ جھنجھناہٹ۔ (چھنا کا)

jingle چھنچھنانا۔ جھنکارنا۔ جھن جھن کرنا۔ کھن کھن کرنا

jobbernowl بیوقوف۔ گاؤدی۔ احمق۔ کندہ ناتراش

jobbery آڑت۔ دلالی۔ (بددیانتی کا کام۔ بیایمانی۔ رشوت ستانی)

jockey دغا کرنا۔ فریب دینا، ٹھگنا

jocosely, jocularly ہنسی سے۔ ٹھٹھے کی راہ سے۔ خوش طبعی سے۔

jocoseness, jocularity ٹھٹھے بازی، کھلی۔ ظرافت۔ خوش طبعی۔ (مسخراپن)

jocund رنگیلا۔ خوش مزاج۔ زندہ دل۔ خوش طبع۔ مگن۔ (ہنسوڑ۔ خوشگوار۔)

jocundity زندہ دلی۔ خوش مزاجی۔ کھلاڑی پن۔ خوش طبعی۔ (ہنسوڑ پن۔)

jog دھچکے کھاتے چلنا۔ جھومتے چلنا۔ گرتے پڑتے چلنا۔ مرے پاؤں چلنا۔

jog ٹہوکنا۔ کہنی مارنا۔ (ٹھیلنا۔ جھنجھوڑنا۔ حافظے پر زور ڈالنا۔)

joggle دھکا دینا۔ ہچکولا دینا۔ ہلانا

join نقطۂ اتصال۔ مقام اتصال۔ ملنے کی جگہ۔ سنگم۔

joinder ملاؤ۔جوڑ۔ضمیمہ

joinery بڑھئی کا کام

joining اتصال۔جوڑ۔گانٹھ

jointed,)bot.(گرہ دار۔گٹھیلا۔جوڑدار

jointly مل کر۔اکٹھا۔باہم۔ساجھے میں۔سامل ہوکر۔ایک ساتھ۔ایک ہوکر۔جڑکر۔(بالاشتراک۔

مل جل کر۔شرکت میں)

jointress عورت جوشہر کی جائیدادرکھتی ہے۔دھن والی استری

jointstock سرمایہ مشترک۔پونجی حصہ داراں۔ساجھیوں کادھن

jointtenancy قبضہ شاملات

jointure استری دھن۔حق زوجیت۔مہر

jointure حق زوجیت مقرر کرنا۔استری دھن ٹھیرانا

joist کڑی۔سوت۔دھنی

joke ٹھٹھا مارنا۔ہنسی یا کھلی کرنا۔مذاق کرنا۔(دل لگی کرنا۔مسخرہ پن کرنا۔ہنسی اڑانا۔

چھیڑنا۔)

joke ٹھٹھا۔کھلی۔مذاق۔ہنسی۔(لطیفہ۔ٹھٹھول۔مضحک واقعہ۔دل لگی۔)

joker ٹھٹھے باز۔ہنسوڑ۔مسخرہ۔ٹھٹھول۔کھلی باز۔(جوکر۔)

joking ٹھٹھا۔کھلی۔ہنسی۔مذاق۔

jole,jowl. گال۔کلا۔رخسار۔(جبڑا۔جبڑے کی ہڈی۔)

jollification سرور۔رنگ رلیاں۔بادہ نوشی۔

jollify رنگ رلیاں منانا۔بادہ نوشی کرنا۔پینا پلانا۔سرور پیدا کرنا۔
مست کرنا۔فرحت بخشنا۔

jollity زندہ دلی۔خوش طبعی۔رنگ رس۔(رنگ رلیاں۔عیش و
نشاط)

jolt دھکا۔ہچکولا۔جنبش

jolt ہچکولا دینا۔ہلانا۔دھکا دینا

jonquil, jonquille گل نرگس۔گل شبو۔

jorden حاجتی۔پیشاب دان۔پرگہی

jostle ٹکرانا۔دھکا کھانا۔چھینا جھپٹی کرنا۔دھکم دھکا کرنا

jot کن۔ریزہ۔ذرہ۔تل۔رائی کا دانہ۔

jot یادداشت لکھنا۔لکھ رکھنا۔ٹانکنا

journalism صحافت۔اخبار نویسی۔

journalist روزنامچہ نویس۔اخبار نویس۔روزنامہ لکھنے والا۔(صحافی)

journalize اخبار میں لکھنا۔روزنامے میں مندرج کرنا

journey چلنا۔سفر کرنا

journey سفر۔مسافرت۔سیاحت

journeyman روزینہ داری پر کام کرنے والا۔کمیرا۔کارندہ۔

journeywork اجرت یا ٹھیکے کا کام

joust جھوٹی لڑائی۔جنگ زرگری

jove مشتری۔برہسپت

jovialist زندہ دل۔خوشی میں گزارنے والا۔

jovialness زندہ دلی۔خوشی۔شادمانی

joy باغ باغ کردینا۔مسرورکرنا۔نہال کرنا۔شادمان کرنا

joy خوش ہونا۔باغ باغ ہونا۔خوش وخرم ہونا۔محفوظ ہونا۔خرسند ہونا۔(دلشادہونا۔خوشی

منانا۔)

joyful مگن۔خوش۔خرم۔محفوظ۔شادماں۔باغ باغ۔(مسرت بخش)

joyfully شادمانی سے۔خوشی سے۔بہ خوشنودی

joyfulness شادمانی۔خوشی۔خوش وقتی۔

joyless اداس۔ناخوش۔ناشاد۔غمگین۔رنجیدہ۔(بیلطف۔)

joylessness بیلطفی

joyous مگن۔خوش۔خرم۔(پرمسرت)

jubilant مگن۔شادمان۔خرم

jubilate بغلیں بجانا۔خوشی منانا۔جشن منانا۔اظہارخوشی کرنا۔

jubilation شادمانی۔(مسرت)

jubilee یہودیوں کاوہ جشن جوپچاسویں برس ہوتاتھا۔جشن۔خوشی۔آشب۔عید۔(جوبلی۔)

judgeship منصفی۔صدارت۔(ججی)

judgmentday قیامت۔روزقیامت۔روزجزا۔یوم الحساب۔(روزمحشر)

judgmentseat مسندعدالت۔کرسی عدالت

judicatory عدالت۔محکمہ۔کچہری

judiciary فتویٰ دینے والی عدالت۔(عدلیہ)

judicious عاقل۔عقل مند۔دانش مند۔داتا۔دانشور۔بدھ مان۔
گیانی۔صاحب شعور۔مدبر۔صاحب
تمیز۔(سمجھدار۔
دوربین۔نکتہ رس۔
معاملہ فہم۔)

judiciously عقل سے۔تمیز سے۔دانائی سے۔عاقلانہ۔عقلمندی سے۔

judiciousness دانائی۔عقلمندی۔دانشمندی۔بدھ

jug جھجر۔صراحی۔گڑوا۔کروا۔(جگ۔)

juggle ڈھٹ بندی کرنا۔بازی گری کرنا۔نظر بندی کرنا۔چھل بٹا
کرنا۔(شعبدہ بازی کرنا۔ہاتھ کی صفائی دکھانا۔تماشا
کرنا۔)

juggle ڈھٹ بندی۔نظر بندی۔پچھلی بل۔(شعبدہ۔فریب۔
دھوکا)

jugglery شعبدہ بازی۔بازیگری۔مداری پن۔دغابازی۔عیاری۔
مکاری۔

jugular حبل الورید۔شاہ رگ

jugular گلے کا۔حلقی۔گردن کا

juice رس۔عرق۔شیرہ۔پانی۔(جوس)

juiceless بیرس۔بیعرق۔خشک

juiciness رسیلا،عرق داریا رس دار ہونا

juicy رسیلا۔ رس دار۔ رس بھرا۔ شیرے دار۔ عرق دار۔ (دلچسپ۔لطیف۔معنی خیز۔پر معنی)

julep جلاب۔جلاب شکریں۔

july انگریزی ساتواں مہینہ۔ساون بھادوں۔(جولائی)

jumble گھال میل۔گڈمڈ۔خلط ملط۔(بےترتیب مجمع یا ڈھیر۔انبار۔بےترتیبی)

manifestation ظہور۔توضیح۔ انکشاف۔ اظہار۔ تصریح۔ افشا۔ اعلان۔ پرکاش۔(مظاہرہ۔تجلی)

manifestly صاف صاف۔کھلم کھلا۔صریحاً۔علانیہ۔کھلے خزانے۔برملا۔ بدیہی۔(واضح طور پر)

manifesto منشائے شاہی کے دلائل کا اظہار۔(اعلان۔منشور۔اعلامیہ۔ مینی فیسٹو)

manifold گونا گوں۔بوقلموں۔کئی طرح کا۔چند در چند۔(رنگا رنگ۔ قسم قسم کا۔متنوع)

manifoldly طرح طرح سے۔بہتیرے ڈھنگ سے

manifoldness تنوع۔بوقلمونی۔رنگا رنگی

maniple مٹھا۔مٹھی

manipulate ہاتھ سے کام کرنا۔دست کاری کرنا۔(کسی چیز کو سلیقے سے استعمال کرنا یا برتنا۔ساز باز کرنا۔جوڑتوڑ کرنا)

manipulation ہاتھ کا کام۔دست کاری۔(ساز باز۔جوڑتوڑ۔کارستانی)

mankind بنی آدم۔آدم زاد۔نوع انساں۔منش جاتی۔(نوع بشر۔نسل انساں)

manlike بشری۔انسانیت کا۔آدمیت کا۔انسانی

manliness مردی۔بہادری۔بزرگی۔جواں مردی۔(مردانگی۔دلیری۔شجاعت)

manly دلیرانہ۔مردانہ۔(بہادرانہ۔شجاعانہ۔شریفانہ)

manmidwife مرددائی

manmilliner زنانی ٹوپیاں بیچنے والا

manmountain دیو

mannerism راہ و رسم کی پابندی

mannerist صنعت کار جو ایک ہی وضع اختیار کرے

mannerless بدتہذیب۔بدتمیز۔ناشائستہ۔گنوار۔کندہ تراش

mannerliness سلیقہ۔شائستگی۔انسانیت

mannerly خلق،شائستگی یا بھلمنسات سے۔(بااخلاق)

mannerly خلیق۔شائستہ۔باوضع۔(مہذب۔تمیزدار۔خوش خلق)

manoeuvre داؤں گھات کرنا۔تدبیر،جگت،حکمت یا چالاکی کرنا۔(جوڑتوڑ کرنا)

manoeuvre داؤں۔گھات۔توڑ جوڑ۔جگت۔تدبیر۔حکمت۔چالاکی۔
عیاری۔سانٹ بانٹ۔(ترکیب۔تدبیر۔چال)

manor جاگیر۔زمینداری۔علاقہ۔تعلقہ۔سیر

manorhouse تعلق دار کا مکان

manorial زمینداری کے متعلق۔(جاگیردارانہ)

manpleaser خوشامدی آدمی

manpower افرادی قوت

manslayer منش گھاتک۔قاتل انسان۔مردم کش

manstealer مردم دزد۔منش چور

manstealing منش چوری۔مردم دزدی

m a n t e l , چغہ۔فرغل۔لبادہ

mantlet

mantiger لنگور۔بڑا بندر

mantle ڈھانکنا۔اڑھانا۔چھپانا۔پہنانا

mantrap آدمی پھسان۔منش جال

mantua گون۔پشواز۔لہنگا۔

manual دستی۔ہاتھ کا۔ہاتھ کے متعلق

manual رسالہ۔چھوٹی کتاب۔صحیفہ۔سفینہ۔بیاض۔عیسائیوں کا
دستورالعمل۔(کتابچہ۔دستی کتاب)

manubrium قبضہ۔دستہ۔ہتا۔مونٹھ

manufactory کارخانہ۔(فیکٹری)

manufactory کارخانے یا دستکاری کے متعلق

manufacture بنانا۔ گھڑنا۔ کام کرنا۔ دست کاری کرنا۔ کپڑا بننا۔ (بڑے پیمانے پر اشیاء تیار کرنا)

manufacture صنعت۔ دست کاری۔ کاریگری۔ بنت۔ ساخت۔ کار۔ کام۔ گھڑت۔ بناوٹ۔ کپڑے کی بناوٹ۔ (صنعتی پیداوار۔ مصنوعات)

manufacturer بنانے والا۔ گھڑنے والا۔ دست کار۔ کاریگر۔ کمیرا۔ (صانع۔ کارخانہ دار)

manumission غلاموں کی آزادی یا رہائی

manumit غلامی سے رہا کرنا۔ آزاد کرنا۔ خلاص کرنا

manure پانس یا کھات ڈالنا۔ کمانا۔ سیر اصل یا زرخیز کرنا۔ (کھاد ڈالنا)

manure کھات۔ پانس۔ (کھاد)

manuscript قلمی کتاب۔ ہاتھ کا لکھا ہوا کاغذ۔ (مسودہ۔ مخطوطہ۔ قلمی نسخہ)

manuscript قلمی۔ دستی۔ ہاتھ کی لکھی ہوئی

many بہت آدمی۔ جمعیت۔ جماعت کثیر۔ جم غفیر۔ (بڑی تعداد)

many بہت۔ بہتیرے۔ ڈھیر سارے۔ اکثر۔ بسیار۔ (متعدد)

map ملک کا نقشہ۔ نقشہ زمین۔ نقشہ۔ بھوگول چتر ام

map نقشہ بنانا یا کھینچنا

m a p l e , mapletree ایک درخت جس سے چینی بنتی ہے

mappery ملک اور زمین کی نقشہ کشی

mar ضرر یا نقصان پہنچانا۔ زیان کرنا۔ ابتر کرنا۔ خراب کرنا۔ بدصورت کرنا۔ بگاڑنا۔ (برباد کرنا۔ غارت کرنا)

marasmus تحلیل بدن۔ سوکھا۔ چھے روگ

maraud لوٹ مار کرتے پھرنا۔ غارت گری کرنا۔ ڈاکہ ڈالنا۔ (چھاپا مارنا۔ تاراج کرنا۔ لوٹنا)

maraud لوٹ مار۔ غارت گری۔ ڈاکہ

marauder لٹیرا۔ پنڈارا۔ ڈاکو۔ رہزن۔ غارت گر۔ ڈکیت۔ قزاق

marble ابری بنانا

marble سنگ مرمر۔ مرمر۔ (جمع) سنگ تراشی کے نمونوں کا مجموعہ۔ کھیلنے کی گولی

marblehearted سنگدل۔ کٹھور۔ سرد مہر

marblepaper ابری کا کاغذ۔ ابری

marbly مرمریں

marc پھوک، خاص کر انگور کا۔ سیٹھی۔ پھوج۔ کھل۔ سفل۔ فضلہ

march انگریزی تیسرا مہینہ۔ پھاگن چیت۔ (مارچ)

march چلانا۔ لے چلنا۔ روانہ کرنا۔

marchpast فوج کی سلامی۔ مارچ پاسٹ

marchioness بیگم۔ ٹھکرانی

marchpane میٹھا روٹ۔ مال پوڑا۔ میٹھا سہال

marcid سوکھا۔ دبلا۔ مرجھایا ہوا۔ لاغر

marcidity, marcor دبلاپن۔ لاغری۔ سوکھاپن

marconi لاسلکی پیغام۔ لاسلکی خبر۔ مارکونی طریقے سے لاسلکی خبر رسانی

mare گھوڑی۔ مادیان

marena ایک قسم کی مچھلی

maresnest بیہودہ اور بیاصل چیز۔(سراب آسا انکشاف)

margaric صابن۔پانی اور تیزاب کے مرکب کا۔موتی سا آبدار

marginalia حواشی۔حاشیہ پر لکھی ہوئی تشریحات

marginally حاشیے پر (بہ طور حاشیہ)

marginate, حاشیے دار۔(کنارہ دار۔سنجافی)

marginated

margrave ملک جرمنی کا امیرانہ خطاب

marigenous بحری۔سمندری

marigold دونا۔گیندا۔صدبرگ۔(گل صدبرگ)

marine بحری۔دریائی۔سمندری (آبی۔امور بحری سے متعلق)

mariner ملاح۔جہازراں

marital شوہری۔خاوند کا۔(متعلق بہ شوہر۔ازدواجی۔شادی کے متعلق)

marjoram نازبو۔مرزن جوش

market بازار دکھانا۔بیچنا۔کوڑے کرنا

market خرید وفروخت کرنا۔لین دین کرنا۔بسانا۔ہاٹ کرنا۔بازار کرنا

marketable قابل فروخت۔بکنے کے لائق۔جو بک سکتا ہے۔(قابل بازار۔بکنے والی)

marketday روز بازار۔پینٹھ کا دن

marketfolk بازار میں بیچنے والے لوگ۔بازاری۔سودے والے

marketmaid بازار کی بیچنے یا خرید نے والی عورت

marketprice, نرخ بازار۔بازار کا بھاؤ۔ در۔شرح۔(بازاری قیمت۔منڈی

marketrate کا بھاؤ)

markettown قصبہ یا شہر جس میں بازار لگنے کا حکم ہو

marksmanship نشانہ بازی۔قدر اندازی

marl کھتیلی مٹی

marly کھتیلی مٹی دار

marmalade مربہ بہی۔(نارنگی کا مربہ)

marmoset بندر۔مرکٹ

marmot گلہری سا ایک جانور

marque حکم نامہ اخذ معاوضہ یا انتقام

marquess, دوسرے درجے کا امیری خطاب

marquis

marquisate مارکوئیس کا درجہ

marriage شادی۔بیاہ۔گٹھ بندھن۔نکاح۔عقد۔ازدواج۔(عروسی)

marriageable برجوگ۔ بیاہنے جوگ۔ قابل نکاح۔ شادی کے لائق۔

(قابل عقد)

married منکوحہ۔بیاہتا۔سہاگن۔بیاہا ہوا۔(شادی شدہ)

marrowish ہڈی کے گودے کی مانند

marrowless بیگودے۔بیمغز

marrowy گودے دار۔مغز دار

marsh دلدل۔کیچڑ۔پانکا۔بجھن۔(گلابہ)

marshal آراستہ کرنا۔ترتیب دینا۔صف آرائی کرنا۔قطار لگانا

marshalship سپہ سالاری

mart بازار۔منڈی۔گدڑی۔(نیلام خانہ۔ نیلام گھر۔ نیلام گاہ۔
تجارتی مرکز)

martagon ایک قسم کا گل سوسن

marten ایک چھوٹا جانور جس کے سمور کی ٹوپیاں بنتی ہیں

martin ابابیل

martinet فوج کا سخت بندوبست

martingale زیر بند۔پیش بند

martyr جو دین کے واسطے جان دے۔شہید۔سچ پر جان دینے والا۔
ستی

martyr شہید کرنا۔مار ڈالنا۔تکلیف دے کے مارنا

martyrdom شہادت۔(اذیت۔کرب)

martyrological شہیدوں کے متعلق

martyrologist شہیدوں کا تواریخ نویس

martyrology شہیدوں کی تواریخ۔ سیر الشہدا۔ شہادت نامہ۔(سلسلہ
شہدا۔فہرست شہدا۔تاریخ شہدا۔مآثر شہدا

marvel اچرج،اچنبھا یا تعجب کرنا۔(حیرت زدہ ہونا۔محو حیرت ہونا)

marvel اچرج۔اچنبھا۔تعجب۔معجزہ۔(حیرت انگیز واقعہ۔عجیب و
غریب چیز۔انوکھی چیز۔اعجوبہ)

marvellously نرالی راہ سے۔عجب طرح سے

marvellousness انوکھاپن۔انوٹھاپن۔(حیرت انگیزی)

mash ملغوبہ یا سانی سا۔ کچلا ہوا

mash ملغوبہ۔سانی۔(کچومر۔معجون مرکب۔ایک قسم کا شعیرہ)

mask سوانگ بننا یا بھرنا

masker نقاب پوش۔چہرہ لگانے والا

masonic فرقہ فراموشن کے متعلق

massacre قتل،خون،خوں ریزی یا کٹا کرنا

massacre قتل۔کٹا۔خوزیزی۔خون۔(قتل عام)

massage جسم کی مالش۔مشت مال۔ملاولی۔چپی۔مساج۔

masseter نیچے کے جبڑے کا ایک پٹھا

massicot مردار سنگ

massiness کلانی۔بھاری پن۔گرانی۔

massiveness بھاری پن۔ٹھوس پن۔وسعت یا کثرت احساس۔بوجھل پن

masterful استاد۔کامل۔(خودسر۔خودرائے۔تحکم پسند۔قوی العزم)

masterhand کاریگر۔استاد

masterkey ایک تالی جس سے بہت سے قفل کھلتے ہوں

mastership حاکمی۔حکومت۔سرداری۔خاوندی۔صاحبی۔استادی۔
فوقیت۔بزرگی۔امیری۔(مدرسی۔ماسٹری۔ٹیچری۔معلمی)

masterstroke استادی کا کام۔اصلاح استادانہ۔صنعت۔کمال

masticate چاہنا۔چبانا

mastication چبائی۔چاب

masticatory چبانے کی دوا

mastiff ایک قسم کا بڑا کتا

masturbate جلق لگانا۔ ہتھ رس کرنا۔ مشت زنی کرنا

masturbation جلق، مٹھولے بازی۔ ہتھ رس۔ دست کاری۔ (مشت زنی)

mat بوریا۔ چٹائی۔ سیتل پائی۔ زیر انداز

matachin ایک طرح کا ناچ

match دیا سلائی۔ توڑا۔ بتی۔ فتیلہ

matchable مقابل۔ موافق۔ برابر کا

matchbox آگ پیٹی۔ ماچس کا بکس۔ دیا سلائی کا بکس۔ ماچس کا ڈبیا۔ ماچس

matchless انوکھا۔ لاثانی۔ لاجواب۔ بےنظیر۔ اجوڑ۔ فرد۔ (عدیم المثال۔ بےعدیل۔ بےمثل۔ عدیم النظیر)

matchlock توڑے دار بندوق۔ توڑے دار

mate شطرنج میں شاہ کی ضیق۔ زچ۔ (مات)

materia چیز۔ شے۔ بستو۔ مادہ

material اسباب۔ سامان۔ مسالا۔ لوازمہ۔ پدارتھ۔ سامگری۔ (مواد)

materialism روح کو جسمانی ماننے کا عقیدہ۔ اناتمامت۔ (مادیت۔ مادہ پرستی)

materialist وہ شخص جو روح کو جسمانی مانے۔ منکر روح۔ اناتماتی۔ (مادی۔ مادہ پرست۔ دہریہ)

materialistic مادیتانہ۔ مادہ پرستانہ

materialization وقوع۔ تجسیم

materialize ہیولانی یا مادی یا جسمانی بنانا۔ جسم کی صورت میں کرنا

materialness جسمانیت

maternal مادرانہ۔کوکھ کا۔ماں کا۔ماں کی طرف سے۔(مادری۔ننھیالی)

maternity مادری رشتہ۔ مادری طور وطریق۔ ماں کے سے ڈھنگ۔ (ماںتا۔زچگی)

maternity hospital شفاخانہ زچگی۔شفاخانہ زچہ وبچہ

mathematic, mathematical علم ریاضی کے متعلق۔گنت سمبندھی۔(ریاضیاتی)

mathematically بقاعدہ علم ریاضی۔ریاضی کے قاعدوں سے۔گنت ریت سے

mathematician ریاضی داں۔مہندس۔گنت گیاتی (ماہر ریاضیات)

mathematics علم ریاضی۔ہندسہ۔گنت بدیا۔(ریاضیات)

matin صبح کے وقت کا

matinee سہ پہر کا تماشا۔میٹنی

matins پربھاتی۔صبح کی عبادت

matrass کٹھالی۔سمپٹ۔موس

matriarch قبیلے کی سردار

matriarchal حکومت مادری کے متعلق

matriarchy حکومت مادری

matriculate مدرسے میں بھرتی کرنا۔جماعت یا مجلس میں شریک کرنا

matriculate وہ شخص جس کا نام کسی مجمع یا مجلس کے شرکا میں داخل ہو۔سبھا سدھ۔ممبر۔(میٹرک پاس)

matriculation ادخال نام بزمرہ طلبہ یا شرکا۔(امتحان خانہ)

matrimonial, ازدواجی۔نکاحی۔شادی کا

matrimonious,

seeconjugal

matrimony بیاہ۔شادی۔نکاح۔ازدواج۔گٹھ بندھن۔(عقد)

matron بڑی بوڑھی۔ لگائی۔ دائی۔ (زن منکوحہ۔ بیاہی عورت۔ مدرسے وغیرہ کی منتظمہ)

matronal بڑی بوڑھی کے لائق۔ مادرانہ۔سنجیدہ۔(منتظمہ کا یا اس کے متعلق)

matronly بڑی بوڑھی کا سا

matronship منتظمہ کا عہدہ یا کام

mattamore تہہ خانہ۔زمین دوز گھر یا گودام

matterless بے مواد۔ بے پیپ

mattock کدال۔پھاوڑا۔پھر سا

mattoid سنکی آدمی

mattress نہالی۔توشک۔(گدا)

maturant پکانے والی دوا

maturate پکانا۔پختہ کرنا۔(پھوڑے وغیرہ کا پکنا)

maturation پکاؤ۔پختگی۔(نشوونما)

maturative پکانے والا

maturely بہ پختگی۔بغور۔(کامل نشوونما کے ساتھ)

matureness پختگی۔پکاپن۔(بلوغ۔رسیدگی)

matutinal, matutine سحری، صبح یا بھور کا۔ (سحر گاہی۔ صبح گاہی)

maudlin ایک قسم کا درخت

maudlin سرشار۔ مدہوش۔ نیم مست

maul پیٹنا۔ دھننا۔ ٹھوکنا۔ زدوکوب کرنا۔ (بری طرح مارنا۔ پرخچے اڑا دینا۔ دھجیاں بکھیر دینا)

maul موگرا۔ موگری

maundythursday انگلستان میں بادشاہ کی زکوات کا جمعرات کا دن۔ (خیراتی جمعرات)

mausolean مقبرے کے متعلق

mausoleum روضہ۔ مقبرہ

mavis ایک قسم کی چڑیا

maw پوٹا۔ حوصلہ۔ جانور کا معدہ

mawkish مکروہ۔ کریہہ۔ ناگوار۔ برا

maxillar, maxillary جبڑے کا۔ کلّھڑے کا۔ (فکّی)

maxim کہاوت۔ مقولہ۔ مسئلہ۔ قاعدہ۔ (اصول۔ ضابطہ عمل۔ گر۔ حکمت۔ قول)

maximize بہت بڑھا دینا۔ انتہا تک پہنچا دینا۔ بڑھا چڑھا کر دکھانا یا بیان کرنا

maximum بڑے سے بڑی مقدار۔ حد غایت۔ اکثر مقدار یا عدد۔ (زیادہ سے زیادہ۔ منتہا)

may مئی کی پہلی صبح کو پھول چننا

may, an auxillary verb اختیار، امکان اور دعا کے معنی دیتا ہے

mayday مئی کا پہلا دن۔(یوم بہار۔یوم مئی)

mayflower مئی مہینے کا پھول

maygame کھیل۔بازی۔(یوم بہار کے کھیل)

mayor شہر کا بڑا حاکم فوجداری۔کوتوال۔(رئیس بلدیہ۔صدر بلدیہ)

mayoralty بڑے حاکم کا عہدہ۔(صدر بلدیہ کا عہدہ)

maypole مئی مہینے کے ناچ کا بانس

mayweed ایک قسم کی نباتات

maze حیران کر دینا۔چکر میں ڈال دینا۔سراسیمہ کر دینا۔گھبرا دینا

mazy پیچیدہ۔پر پیچ وخم۔پیچ در پیچ۔الجھا ہوا

me مجھے۔مجھکو۔اپنتیں۔اپنے کو۔(اپنے آپ کو)

mead شربت

mead, meadow مرغزار۔سبزہ زار۔چراگاہ

meagrely قلت سے۔لاغری سے۔(نامکمل طور پر۔ناقص طور پر)

meal سانانا۔ملانا۔گوندھنا۔اوسننا

mealymouthed, mealmouthed چکنی چپڑی باتیں کرنے والا۔میٹھا۔چرب زبان

meander گھماؤ۔چکر۔پیچ۔موڑ۔بھول بھلیاں

meander گھومنا۔پیچ یا چکر کھانا۔پھرنا۔مڑنا

meaning مقصود۔ مقصد۔ مطلب۔ مراد۔ غرض۔ منورتھ۔ نیت۔ ارادہ۔ معنی۔ منشا۔ مدعا۔ ارتھ۔ مرم۔ بھاؤ۔ بھید۔ مدنظر۔ ابھپرائے۔ تات پرج۔ (مفہوم)

meaningless بے معنی۔ بیارتھ۔ (مہمل۔ لغو)

meanly خفت، کمینگی، سبکی، سفلگی، کم ہمتی، پاجی پنے یا ذلت سے۔ (قلیل مقدار میں۔ افلاس زدہ حالت میں۔ تنگ خیالی سے)

meanness خفت۔ سبکی۔ لچتی۔ کمینگی۔ رذالت۔ ذلت۔ حقارت۔ پاجی پنا۔ خواری۔ دوں ہمتی۔ فرومائیگی۔ سفلگی۔ (کنجوسی۔ تنگ دلی۔ تنگ ظرفی۔ تنگ نظری)

means اُپائے۔ تدبیر۔ آمدنی۔ اسباب۔ ذریعہ۔ معرفت۔ گنجائش۔ وسیلہ۔ وساطت۔ لوازمہ۔ آلہ۔

meantime, meanwhile اس عرصے، انتر، اثنا یا درمیان میں۔ بیچ میں۔ اس میں

measles خسرا ماتا۔ پنسا۔ پنگوئی

measurable ماپنے کے لائق۔ جو ماپا جا سکے۔ (قابل پیائش۔ قابل اندازہ)

measurably اعتدال سے۔ اندازے سے۔ (حد کے اندر)

measureless بے حد۔ بے اندازہ۔ بے وزن۔ (بیکراں۔ بےقیاس۔ بیا نتہا)

measurer جریب کش۔ مردھا۔ ناپنے والا

meatless بیگوشت کا

mechanic کاریگر۔دست کار

mechanically علم جرثقیل کی رو سے۔کلوں کی راہ سے۔ بقوت جسمانی۔ (میکانکی طریقے سے)

mechanics علم جرثقیل۔بل بدیا۔(علم سکون وحرکت۔میکانیات)

mechanism کل کی ساخت۔توڑ جوڑ۔بناوٹ۔پرزے۔ترکیب۔مشین سازی۔میکانیہ۔پرزہ کاری۔(مجازاً) کسی چیز کی

ساخت۔ ترکیب
وترتیب۔منظم جسم۔
نظام۔ (آرٹ)
اصول فن۔فنی پہلو۔
ظاہری ساخت

mechanist کل بنانے والا۔کاریگر۔دست کار۔(مشین ساز۔میکانیات دان)

mechanography کل کے وسیلے سے بہت سی نقلوں کے تیار کرنے کا فن۔ (مشینی نقل گری)

medal تمغا۔تغما۔(نشان۔میڈل)

medallion قدیم زمانے کا سکہ یا تمغا

meddle دخل دینا۔ہاتھ ڈالنا یا لگانا۔مداخلت کرنا۔درمیان میں پڑنا۔دست اندازی کرنا

meddler مداخلت کرنے والا۔بیچ میں پڑنے والا۔دخل دینے والا۔درمیان میں آنے والا۔پاؤں اڑانے والا۔(مداخلت کنندہ)

meddlesome ناحق مداخلت کرنے والا۔ دخل درمعقولات کرنے والا

meddling بیجا مداخلت

medial وسطی۔ متوسط۔ درمیانی۔ بیچ کا

mediate بالواسطہ۔ متوسط۔ حائل

mediate بیچ میں پڑنا۔ درمیان میں پڑنا۔ رفع شر کرنا۔ بیچ بچاؤ کرنا۔ (مصالحت کرانا۔ سبب ہونا۔ باعث ہونا۔ وسیلہ ہونا۔ ذریعہ ہونا)

mediately بہ وسیلے۔ بہ وساطت۔ (بالواسطہ طور پر)

mediatize بالواسطہ الحاق کرنا۔ مشروط الحاق کرنا

mediator درمیانی۔ ثالث۔ شفیع۔ بچولیا۔ پنچ۔ (شفاعت کنندہ)

mediatorial شفیع و ثالث کے متعلق

mediatorship ثالثی۔ بچولیا پن۔ (شفاعت)

medicable علاج پذیر۔ قابل علاج

medical حکیمی۔ طبی۔ ڈاکٹری۔ معالجے سے متعلق۔ (میڈیکل)

medically ازروئے طب۔ بطور دوا

medicament لیپ۔ ضماد۔ مرہم۔ دارو۔ دوا

medicaster جڑی بوٹی کرنے والا۔ نیم حکیم۔ عطائی

medicate دوا ملانا

medicated دوا آمیز

medicinally بجائے دوا۔ بطور دوا کے۔ (طبی طور پر۔ دواء)

medieval ازمنہ وسطی کے متعلق۔ قرون وسطی کے متعلق

mediocre اوسط درجے کا۔ بیچ کا۔ راسی۔ (معمولی بین بین)

mediocrist اوسط درجے کی لیاقت کا شخص

meditation, see contemplation فکر۔ استغراق۔ مراقبہ۔ مطالعہ

meditative, see contemplative دھیانی۔ (تفکر پسند)

meditator مراقبہ کرنے والا۔ غور و فکر کرنے والا

mediterranean sea بحیرہ روم

medlar درخت۔ کندس

medley گڈمڈ۔ آمیزش۔ ہفت رنگی۔ (گھال میل۔ پچ میل۔ مجموعہ)

medulla حرام مغز۔ ہڈی کا گوشت

medullar, medullary مغز دار۔ گودے کا

meek, see gentle3. حلیم۔ نرم۔ ملائم۔ سلیم۔ مسکین۔ متحمل

meek,meeken حلیم کرنا۔ غریب کرنا۔ ملائم کرنا۔ نرم کرنا

meekly, see gently ملائمت، نرمی یا حلیمی سے

meekness, see humbleness مسکینی

meet, see becoming مناسب

meetingplace جلسہ گاہ۔مقام جلسہ۔مقام انجمن

meetly ٹھیک۔درستی سے۔(موزوں طریقے سے۔مناسب طور پر)

meetness درستی۔مطابقت۔ موافقت۔ مناسبت۔ (موزونیت۔ سزاواری)

megacosm بڑا عالم۔جہان۔دنیا۔سنسار

megaphone بھونپو۔میگافون۔مکبر الصوت

meiosis علم معانی میں ایک صنعت۔تقلیل۔تحقیر۔مبالغہ

melancholia مالیخولیا۔خفقان۔وحشت۔سودا۔جنون۔

melancholy, melancholic اداس۔غمگین۔افسردہ۔ ناشاد۔ ناکام۔ (ملول۔ دل گیر۔ حسرت ناک۔غمناک)

melange ملغوبہ۔گڈا

melee لڑائی۔کشتی۔کشت وخون۔لڑائی دنگا

meliorate سدھارنا۔سنوارنا۔بنانا۔بہتر کرنا۔اصلاح کرنا۔ترتیب کرنا۔ عمدہ کرنا۔(ترقی دینا۔ترمیم کرنا)

melioration بناؤ۔سدھار۔بہتری۔اصلاح۔(ترقی)

melliferous, mellific شہد پیدا کرنے والا

melliflence شکرریزی۔شیریں زبانی۔مٹھ بولا پن۔امرت بانی۔(خوش کلامی۔شیرینی۔حلاوت)

mellifluent, mellifluous شکرریز۔شکرلب۔شیریں زبان۔مٹھ بولا۔(حلاوت آمیز)

mellilite, mellite شہد کے رنگ کا پتھر

mellow نرم کرنا۔ملائم کرنا۔گلانا۔پختہ کرنا۔نرمانا۔(دھیما کرنا)

mellowy رسیلا۔کومل۔نرم۔ملائم

melodious رسیلا۔ملائم۔نرم۔کومل۔خوش آہنگ۔خوش الحان۔سریلا۔میٹھی۔(پرنغمہ)

melodiously خوش نوائی سے۔خوش الحانی سے۔سریلے پن یا رسیلے پن سے۔(خوش آہنگی سے)

melodiousness ملائمت۔نرمی۔خوش نوائی۔خوش الحانی۔شیرینی۔سریلا یا رسیلا پن۔(خوش آہنگی)

melodize راگ گانا۔(گیت بنانا۔سریلے نغمے ترتیب دینا۔سریلا کرنا۔)

melodrama جذبات انگیز ڈراما۔میلوڈراما

melody خوش نوائی۔خوش الحانی۔لے۔(آہنگ)

melon تربوز۔خربوزا۔سردا۔پھوٹ

melter گلانے والا۔گدازندہ

membership ممبری۔عہدہ ممبر۔(رکنیت)

membrane جھلی۔پردہ۔

membraneous, membranaceous جھلی دار۔ پردہ دار۔ جھلی سا۔

memento یادگاری۔ چتاؤنی۔ ایما۔ (یادگار۔ یادداشت۔ نشانی)

memento mori موت کو یاد رکھ

memnon ایک بت جس سے سورج کی کرن پڑنے سے ایک جھنجھناہٹ نکلتی ہے

memoir تزک۔ سرگزشت۔ تذکرہ۔ (سوانح۔ سوانح عمری۔ سیرت۔ خودنوشت سیرت۔ آپ بیتی۔ فاضلانہ مقالہ۔ محققانہ رسالہ)

memoirist تزک نویس۔ (تذکرہ نویس۔ سوانح نگار)

memorability یاد۔ یادگاری۔ یادگار ہونا۔

memorable مشہور۔ قابل یاد۔ معروف۔ نامور۔ یادگار

memorandum یادداشت۔ روزنامچہ۔ (روداد)

memorialist فدوی۔ عرض پرداز۔ سائل۔ (عرض گزار)

memorialize یادگار منانا۔ یادداشت پیش کرنا۔ عرض داشت پیش کرنا۔ میموریل پیش کرنا

memorize یاددلانا۔ یادداشت لکھ رکھنا

menace دھمکانا۔ دھمکی دینا۔ ڈرانا۔ آنکھیں دکھانا۔ بھے یا ڈر دکھانا

menace دھمکی۔ ڈر۔ چشم نمائی۔ سرزنش۔ تہدید۔ ڈراوا

menacer دھمکانے والا

menacingly دھمکی کے طور پر۔ چشم نمائی کی طرح

menage, menagerie وحوش۔ وحوش خانہ۔ جانور خانہ۔ پشواستھان۔ (چڑیا گھر)

mendable مرمت کے لائق ۔ اصلاح پذیر۔ درست ہونے جوگ ۔ (قابل اصلاح ۔مرمت پذیر ۔رفو پذیر)

mendacious جھوٹا ۔باطل ۔کاذب ۔(دروغ گو)

mender اصلاح یا مرمت کرنے والا ۔سدھارنے والا ۔بہتر کرنے والا

mendicancy, mendicity درویشی ۔فقیری۔ گدائی ۔ جوگ ۔ بھکاری پن (گداگری ۔ دریوزہ گری)

mendicant بھکاری ۔منگتا ۔درویش ۔فقیر ۔گدا ۔دریوزہ گر ۔(بھک منگا ۔ گداگر)

mendicant درویش کا ۔ بھکاری کا

menial کمین ۔خدمت گار ۔نوکر ۔چاکر ۔شاگرد پیشہ

menologium, menology مہینوں کی یادداشت ۔(تقویم ۔جنتری)

mensaetthoro ایک قسم کی طلاق جس میں رشتہ ازدواج نہیں ٹوٹتا

menstruate ایام ماہواری کا جاری ہونا ۔حیض کا جاری ہونا

menstruation حیض ۔طمث

menstruum گھلانے والا ۔محلل

mensurability پیائش کی قابلیت ۔مساحت

mensurable پیائش کے قابل ۔ جس کو ناپ سکیں ۔ (محدود ۔ تال دار ۔ موزوں)

mensural پیائشی ۔مساحتی

mental باطنی ۔قلبی ۔دلی ۔عقلی ۔دماغی ۔ذہنی ۔روحانی ۔(نفسی)

mentality ذہنی ہونا ۔ دماغی ہونا ۔ ذہنی قابلیت ۔ ذہنی معیار ۔ ذہنیت ۔ طرز طبیعت ۔ افتادِ طبع ۔ سیرت

mentally عقلاً ۔ عقل سے ۔ فکر میں ۔ ذہن میں ۔ خیال میں ۔ (دل میں ۔ ذہنی طور پر ۔ دماغی طور پر)

mentation عمل ذہنی ۔ دماغی فعل ۔ ذہنی کیفیت یا حالت

menthol جوہر پودینہ ۔ مینتھل

mention چرچا ۔ تذکرہ ۔ ذکر

mention نام لینا ۔ ذکر کرنا ۔ زبان پر لانا ۔ بکھانا ۔ چرچا کرنا ۔ بیان کرنا ۔ (ظاہر کرنا ۔ اظہار کرنا ۔ اشارہ کرنا)

mentionable قابل ذکر ۔ چرچے جوگ

mento تجربے کار اور بھروسے کا مشیر ۔ عقلِ کل ۔ اتالیق ۔ مرشد ۔ گرو

menu فہرست طعام ۔ طعام نامہ ۔ مینو

mephetic, mephitical متعفن ۔ بودار ۔ مُضر ۔ گندہ ۔ مکروہ ۔ سڑا ہوا

mercantile تجارتی ۔ بیوپاری ۔ سوداگری ۔ مہاجنی ۔ متعلقہ اہل تجارت

mercenary بھاڑے کا سپاہی ۔ پردیسی فوج ۔ (بھاڑے کا ٹٹو)

mercer ریشمی اسباب و پشمینہ فروش ۔ حریر فروش

mercery ریشمی قماش اور پشمینہ فروشی

merchandise سوداگری کرنا ۔ تجارت کرنا ۔ بیوپار کرنا

merchant سوداگر ۔ بیوپاری ۔ تاجر ۔ بنجارا

merchantable بکنے جوگ ۔ قابل فروخت

merciful غفور۔ رحیم۔ کریم۔ آمرزگار۔ دیالو۔ رحم دل۔ دیاونت۔ مہربان۔(نرم دل۔دردمند)

mercifully کریمانہ۔شفقت سے۔رحم سے۔رحم دلی سے

mercifulness دردمندی۔رحم دلی۔عفو۔آمرزگاری۔رحیمی۔(نرم دلی۔کرم)

merciless کٹھور۔بیدرد۔ناترس۔جیپر۔سنگدل۔بیرحم۔

mercilessly سنگدلی سے۔بیرحمی سے۔کٹھورتا سے

mercilessness کٹھورتا۔بیدردی۔سنگدلی۔بیرحمی

mercurialist عطارد کی مانند۔وہ شخص جس پر عطارد کا زور ہو۔

mercuriality اچپلاہٹ۔شوخی۔چنچل پن۔تیزی طراری

mercy مہر۔شفقت۔رحمت۔رحم۔شفاعت۔کرم۔عفو۔ترس۔دیا۔کرپا۔(مہربانی۔شفقت۔درگذر)

mercyseat خدا کا تخت

merge ڈوبنا۔غرق ہونا۔غرقاب ہونا

merge, see immerge ڈبانا

merger ڈوبنے یا ڈبانے والا۔(ضم ہونا۔اشتمال۔انضمام۔وحدت)

merils لڑکوں کا ایک کھیل

meritorious لائق توصیف۔قابل تعریف۔مستحسن۔پسندیدہ۔قابل شکریہ

meritoriously لیاقت سے۔مستحقانہ

meritoriousness خوبی۔استحقاق۔(عمدگی۔فضیلت)

merle کویل

merlin باز کی ایک قسم

mermaid زن مچھ۔ بنت البحر

merrily خوشی سے۔ خرمی سے ہشاش بشاش۔ فرحاں شاداں۔ چہل سے

merriment, seegaiety مذاق۔ چہل

merriness خوشی۔ خرمی۔ ہنسی۔ زندہ دلی۔ خوش طبعی

merryandrew خوش مسخرہ۔ مسخرہ۔ ٹھٹھول۔ جعفر زٹلی

merrygoround جھولا۔ چرخ چوں

merrymake بزم۔ جلسہ

merrymake عیش وعشرت کرنا۔ ناچ رنگ کرنا۔ رنگ رلیاں کرنا۔ رول چول کرنا۔ آنند کے تار بجانا

merrymaking ہنسی۔ چہل۔ مذاق۔ ٹھٹھا۔ (قہقہے۔ چہچہے)

merrythought چڑیا کی ایک خاردار ہڈی، جسے لڑکے لڑکیاں توڑتی ہیں، جس کی طرف زیادہ حصے آئیں، کہتے ہیں کہ اسی کا پہلے بیاہ ہوگا۔ زناخ۔

mersion ڈبکی۔ غوطہ

mesentery آنتوں کی جھلی۔ انتڑیوں کی تھیلی

mesh جال میں پھنسانا

mesh جھنجری۔ جال یا جالی کا چھید۔ جالی۔ شبکہ

meshy جال سا بنا ہوا۔ جالی دار

meslin نیجھر

mesmere معمول

mesmerism ایک عمل جس سے آدمی پر ایک خواب ساطاری ہو جاتا ہے اور باطن کا حال کھل جاتا ہے۔ حیوانی کشش مقناطیسی۔ (مسمریزم)

mesmerist عامل

mesmerization عمل مسمریزم کا

mesmerize بیہوش کرنا۔ (مسمریزم کرنا)

mesne درمیانی۔ بیچ کا۔ منجھولا

message خبر۔ سندیسا۔ سماچار۔ پیغام۔ پیام

messiah حضرت مسیح۔ (کسی مقصد یا نظریے کا پرجوش مبلغ)

messieurs صاحبان۔ چند شرکائے تجارت۔ (میسرز)

messmate ہم سفرہ۔ ہم طعام۔ ہم نوالہ۔ ہم کاسہ۔ ہم طبق۔ ہانڈی وال

messuage حویلی کے متعلق مکانات وغیرہ۔ مکانات پائیں۔

metacerpus ہتھیلی۔ کف دست۔

metachronism تاریخ کی غلطی جو کسی واقعہ کو اس کی صحیح تاریخ کے بعد ٹھیرانے سے ہو

metal دھات۔ فلز۔ (میٹل)

metalepsis علم بلاغت کی ایک صنعت

metallic دھات کی۔ فلزی

metalliferous دھات پیدا کرنے والا۔ فلز خیز

metallist دھات کا کام کرنے والا۔ فلزات کا ماہر

metallurgist دھات صاف کرنے والا۔ (دھات کار)

metallurgy دھات صاف کرنے کا کام۔ (دھات کاری)

metalman دھات کا کام کرنے والا

metamorphic قلب ماہیت کا۔(ارضیات)متغیر

metamorphism تغیر۔کامل تغیر

metamorphose صورت بدلنا۔کایاپلٹ کرنا۔(قلب ماہیت کر دینا)

metamorphosis تبدیل شکل۔تبدیل صورت۔کایاپلٹ۔قلب بدن۔قلب ہیئت۔تناسخ

metaphor کنایہ۔استعارہ۔مجاز۔اُپما۔پرمان۔

metaphoric, metaphorical مستعار۔مجازی۔(استعاری)

metaphorically بطور استعارہ۔مجازاً

metaphorist استعارہ نویس

metaphrase لفظی ترجمہ۔تحت لفظی

metaphrast تحت لفظی ترجمہ کرنے والا

metaphrastic لفظی۔تحت لفظی

metaphysic, metaphysical الٰہی۔نظری۔طبعی۔(مابعدالطبیعی۔الٰہیاتی۔بعید دقیق۔مافوق العادت۔مافوق الفطرت۔خیالی۔تصوری)

metaphysician عالم الٰہیات۔ماہر نظریات

metastasis انتقال مرض

metatarsal تلوے کا

metatarsus تلوا

metathesis ایک لفظ میں حروف تہجی کی تبدیل۔(تجنیس۔تقلیب)

mete ماپ۔پیمانہ۔ناپنا

mete ناپنا۔ماپنا

metempsychosis آواگون۔تناسخ

meteor ٹوٹتا تارا۔شہاب ثاقب

meteoric شہاب ثاقبی

meteorologic, شہاب ثاقب کے متعلق۔حوادث سماوی کا

meteorological

meteorologist ماہر حوادث سماوی

meteorology علم حوادث سماوی۔علم کائنات الجو

methaphysically بقاعدہ الٰہیات۔بطور نظریات۔(معقول یا مجرد حیثیت سے۔ مابعد الطبیعیات میں۔ازروئے الٰہیات)

methodic, باقاعدہ۔ باترتیب۔ باسلیقہ۔ بااسلوب۔ ترتیب وار۔

methodical (باضابطہ۔بااصول)

methodism عیسائی مذہب کا ایک خاص طریقہ

methodize ترتیب دینا۔باترتیب کرنا

meticulous باریک بین۔بیحد محتاط۔جزویات کا حد سے زیادہ خیال رکھنے والا۔

metiterranean ساحل بحر سے دور۔ چاروں طرف خشکی سے گھری ہوئی (جھیل)

metonymy علم کلام میں ایک صنعت۔مجاز

metoposcopy علم قیافہ

metre وزن۔بحر۔چال۔(میٹر)

metricsystem اعشاری نظام

metrical باوزن ۔ (پیمائشی)

metropolis دارالسلطنت ۔ تخت گاہ ۔ دارالخلافت ۔ دارالحکومت ۔ پائے تخت ۔ (راجدھانی)

metropolitan بڑا لاٹ پادری

metropolitan دارالسلطنت کے متعلق ۔ دارالخلافت کا ۔ دارالحکومت کا

mettlesome جان دار ۔ دلیر ۔ چست ۔ چالاک ۔ تیز ۔ تند ۔ پھرتیلا ۔ کڑوا ۔ مضبوط ۔ (جی دار ۔ جوشیلا ۔ دم خم کا)

mew بلی کی طرح بولنا ۔ میاؤں میاؤں کرنا ۔

mewl بچے کی طرح رونا ۔ اُوں اُوں کرنا

mica ابرق ۔ طلق ۔ بھوڈل ۔ چلچل

micaceous ابرق کی خاصیت کا ۔ ابرق صفت ۔ چمکدار ۔ (ابرق ۔ ابرق دار)

michaelmas عیسائیوں کا تیوہار جو انتیسویں ستمبر کو ہوتا ہے ۔ میکائیل کی دعوت

mickle بڑا ۔ بہت ۔ (زیادہ ۔ کثیر)

mico امریکہ میں ایک قسم کا بندر

microbiology حیاتیات جرثومی

microcosm عالم صغیر یعنی انسان

microcosmography بیان عالم صغیر یعنی انسان کا

micrography بیان اشیا کا جو خردبین سے نظر آتی ہیں

micrometer چھوٹی چیزوں کے ناپنے کا آلہ ۔ خردپیا

microscope خردبین

microscopic, microscopical خردبین کے متعلق

micturition سلسل بول ۔چھلک مُتی ۔(پیشاب کی کثرت)

mid حائل ۔درمیانی ۔بیچ کا ۔(وسطی)

midday دوپہر کا

midday دوپہر،مدھیان کال ۔نیم روز ۔(نصف النہار)

middle مدھ ۔بیچ ۔درمیان ۔کمر ۔قلب ۔ناف ۔(مرکز ۔وسطی حصہ)

middlemost وسطی ۔درمیانی ۔وسط سے قریب تر

middling میانہ ۔اوسط درجے کا ۔متوسط ۔راسی ۔خاصا

midland اندرونی ۔بھیتری ۔بھیتروار ۔دریا سے دور ۔وسط ملک کا

midleg ٹانگ کا بیچ

midnight آدھی رات ۔نیم شب ۔(نصف شب)

midriff چھاتی اور پیڑوں کے بیچ کا پردہ

midst بیچ ۔عین ۔درمیان

midsummer عین موسم گرمی

midway آدھی راہ ۔اثنائے راہ

midwife دائی ۔جنائی ۔قابلہ

midwifery دائی پنا ۔قابلیت ۔(دایہ گری)

midwinter جاڑے کا چلہ ۔جاڑے کا وسط

mien, seeair3, 4. چھب

miff رسانا ۔ناراض، ناخوش یا خفا کرنا

miff غصہ۔ روس۔ خفگی۔ ان بن۔ ناراضگی۔ دل چلی۔ (چھیڑ۔ جھڑپ)

might زور۔ مقدور۔ قوت۔ طاقت۔ شکتی۔ مجال۔ بل۔ (زور طبیعت۔ قابلیت۔ قدرت۔ عظمت)

migrate دیس چھوڑ جانا۔ چلا جانا۔ ترک وطن کرنا۔ ہجرت کرنا۔ (نقل وطن کرنا)

migration تبدیل ملک۔ نقل وطن۔ نقل مکان۔ دیس بدل۔ (ہجرت)

migrator مہاجر۔ (تارک وطن)

milage مسافت (میلوں میں)۔ بھتا فی میل۔ خرچ فی میل۔

mildew چیپا۔ رولی۔ کیڑا۔ روگ۔ (پھپھوندی)

mildew خراب کرنا۔ بگاڑنا۔

mildly نرمی یا آہستگی سے۔ (حلم و مروت سے۔ ملائمت سے۔ رحمدلی سے)

mildness نرمی۔ نرم دلی۔ شفقت۔ حلم۔ شیرینی۔ موم دلی۔ ملائمت۔ (نرم مزاجی۔ رحمدلی)

mile میل۔ پون کوس

mileage اجرت یا رسوم فی میل

milepost, milestone میل کا پتھر۔ میل۔ (سنگ میل)

miliary جوار یا باجرے برابر

militancy جنگ جوئی

militant لڑاکا۔ جنگجو۔ جنگ آور۔ (مجاہد۔ محارب)

military فوج ۔لشکر ۔سپاہ ۔اہلِ سیف ۔(فوجی دستہ ۔ملٹری)

militate مخالف ہونا ۔مخالفت کرنا ۔لڑنا ۔جنگ کرنا

militia وہ پیشہ ور لوگ جو لڑائی کے وقت سپاہ کا کام دیں ۔(رضا کار فوج)

milk دودھ ۔شیر ۔لبن ۔گورس ۔پے

milkiness ملائمت ۔نرمی ۔تحمل ۔بردباری ۔(دودھیا پن)

milklivered ڈرپوک ۔نامرد ۔بزدل

milkmaid دودھ والی ۔گوالن ۔گھوسن ۔گجری ۔گدن

milkman گوالا ۔دودھ والا ۔گھوسی ۔(شیر فروش)

milkpail دوہنے کا برتن ۔دُہاونی

milkpan دودھ رکھنے کا برتن ۔دُودھینڈی

milkscore دودھ کا حساب

milksickness وبائی بیماری جو امریکہ میں دودھ سے ہوتی ہے

milksop بزدل ۔زنانہ ۔نامرد ۔ڈرپوک

milktooth دودھ کا دانت ۔کچا دانت ۔

milkwarm شیر گرم ۔گنگنا ۔(کنکنا)

milkwhite دودھ سا سفید ۔(نہایت سفید)

mill امریکہ کا ایک سکہ

millenarian وہ عیسائی جس کا یہ عقیدہ ہو کہ حضرت عیسیٰ زمین پر پھر آ کر ہزار برس قبل قیامت سلطنت کریں گے ۔

millenary ہزار سالہ ۔ہزار برس کا

millennium ہزار برس ۔وہ زمانہ جس میں حضرت عیسیٰ زمین پر آئیں گے ۔

milleped لکڑی کا ایک کیڑا۔ ہزار پا۔ (کھنکھجورا)

millesimal ہزارواں

millet باجرا۔ منڈوا۔ کنگنی۔ کودوں

milligramme ملی گرام۔ ایک گرام کا ہزارواں حصہ

millilitre ملی لٹر۔ ایک لٹر کا ہزارواں حصہ

millimetre ملی میٹر۔ ایک میٹر کا ہزارواں حصہ

milliner انگریزی زنانی ٹوپی اور پوشاک بیچنے والا۔ (کلاہ ساز)

millinery ٹوپیاں، گوٹا، فیتہ وغیرہ۔ سر کی پوشاک کا اسباب۔ (کلاہ سازی کا کام)

million دس لاکھ

millionaire لکھ پتی۔ کروڑ پتی

millionth دس لاکھواں

milt مچھلی کو حاملہ کرنا

milter مچھ۔ (نر مچھلی)

mimery سوانگ۔ نقل۔ نقالی۔ (اندھی تقلید)

mimic سوانگیا۔ نقال۔ بہروپیا

mimic نقل کرنا۔ منہ چڑانا۔ خاکہ اڑانا۔ (نقل اتارنا۔ نقالی کرنا۔ اندھی تقلید کرنا)

mimographer ناٹک لکھنے والا۔ نقلوں کا لکھنے والا۔ سانگیت

minacious تہدیدی۔ تہدید آمیز۔ دھمکی

minacity تہدید آمیز ہونا۔ تہدید آمیزی

minaret مینار۔ لاٹھ۔ منارہ

minatory تہدیدی۔تخویف آمیز۔تہدید آمیز۔دھمکی کا

mince ناز سے قدم دھرنا۔اٹھکیلیوں سے چلنا۔مٹکتے چلنا

mincemeat قیمہ

mincepie کوفتوں کا سموسہ

mind راغب ہونا۔مائل ہونا۔میل کرنا

minded راغب۔مائل۔دماغ والا

mindedness میل۔میلان۔رغبت

mindful ہوشیار۔آگاہ۔متوجہ۔خبردار۔فکرمند۔(محتاط)

mindfully بغور۔بہوش۔(احتیاط سے۔توجہ سے)

mindfulness لحاظ۔ملاحظہ۔التفات۔(احتیاط۔لحاظ۔فکر)

mine میرا۔اپنا

mineral کانی شے۔معدنی شے۔دھات۔(جمادات)

mineralogical معدنیاتی۔معدنی۔علم معدنیات کے متعلق

mineralogist معدنیات جاننے والا۔دھاتو وادی۔(عالم معدنیات۔ماہر معدنیات۔معدنیات داں)

mineralogy علم معدن۔دھاتو بدیا۔(علم معدنیات)

minerva سرسوتی۔بدیا دیوی۔(علم ودانش کی دیوی)

mingle آمیز ہونا۔ملنا۔شامل ہونا۔(مخلوط ہونا۔مرکب ہونا)

miniate شنگرفی کرنا۔شنگرف سے رنگنا۔

miniature چھوٹی شبیہ یا تصویر۔مورتی۔(کتابی تصویر)

minify کم کر کے دکھانا۔چھوٹا کر کے دکھانا۔گھٹا کر ظاہر کرنا۔چھوٹا کرنا۔وقعت یا اہمیت کم کر دینا۔قدر گھٹا دینا۔

minimize گھٹا کر کم سے کم کرنا۔ کم سے کم اندازہ کرنا۔ کم سے کم کر کے دکھانا

minimum کم سے کم۔ اقل مقدار۔ (قلیل ترین مقدار)

minimus بونا۔ بالشتیا۔ پست قد

minious شنجرفی

ministerially وکالتاً۔ سفیرانہ۔ وزارت یا سفارت کے طور پر

ministrant مطیع۔ فرماں بردار۔ حکمی۔ تابع۔ حاضر باش۔ (معاون۔ مُمد)

minium سندور۔ شنگرف

minnow ایک قسم کی بہت چھوٹی مچھلی

minor چھوٹا۔ کہتر۔ کمتر۔ اصغر۔ کوچک۔ اسفل۔ خفیف۔ (گھٹیا۔ کم درجے کا)

minotaur ایک خیالی جانور، آدھا آدمی آدھا بیل

minster خانقاہ کے متعلق گرجا۔ مٹھ

minstrel وہ لوگ جو جوگیوں کی طرح گاتے بجاتے پھرتے تھے۔ مُطرب۔ (بھانڈ)

mint پودینہ۔ لعناع

mintage سکے کی بنوائی۔ ڈھلوائی

minter ٹکسالیا۔ مُوجد۔

mintmaster ٹکسال کا داروغہ۔ (مہتمم دارالضرب)

minuet ایک قسم کا ناچ

minus کم۔ منفی۔

minute یادداشت لکھنا

minutebook کتاب یادداشت۔(کتاب روداد)

minuteglass وہ ریت گھڑی جس میں بالو ایک دقیقہ میں اُترتا ہے۔منٹ ریت گھڑی

minutehand دقیقے کی سوئی۔منٹ کی سوئی

minuteness باریکی۔چھٹائی۔خُردی۔(نکتہ رسی۔نکتہ سنجی۔دقت نظر۔باریک بینی۔موشگافی)

minutewatch گھڑی جس میں دقیقے کے نشان ہوتے ہیں

minutiae جزئیات

miracle کرامت۔معجزہ۔پرچہ۔تصرف۔آشچرج کرم۔(اعجاز۔عجیب وغریب واقعہ)

miraclemonger معجزے کا جھوٹا دعویٰ کرنے والا۔بھگلیا۔پاکھنڈی۔

miraculously کرامت سے۔معجزے سے عجیب طور پر۔(معجزانہ)

mirador نشیمن۔بالاخانہ۔چوبارہ۔

mirage مرگ ترشنا۔دھوکا۔سراب۔(فریب نظر)

mire میلا کرنا۔دلدل میں پھنسانا۔کیچڑ میں بھرنا۔(مجازاً) مصیبت میں پھنسانا۔مشکلات میں مبتلا کرنا)

mire کیچڑ۔چُہلا۔دلدل۔کیچ۔پانکا

mirk تاریک۔اندھیرا

mirth خوشی۔طرب۔مسرت۔انبساط۔نشاط۔آنند۔خرسندی۔(ہنسی۔رنگ رلیاں۔قہقہے۔چہچہے)

mirthful, see cheerful خرم۔خوش۔مسرور

mirthfully خوشی سے۔خرمی سے۔ہنسی سے۔بشاشت سے۔

mirthless ناشاد۔ناخوش۔(بیلطف)

miry دلدل سے بھرا ہوا۔کیچڑ دار۔(شرمناک۔ذلیل)

mis غلط۔ک۔متھیا

misacceptation پریت۔گرہن۔غلط فہمی

misadventure بلا۔ شامت۔ آفت ۔ بدبختی۔ خطا۔ کم بختی۔ درگت۔ (بدقسمتی۔بدنصیبی۔مصیبت)

misallegation غلط بیانی۔متھیاباد

misallege غلط بیان کرنا

misalliance کسنگت۔خراب صحبت۔سازش

misanthrope, misanthropist انسان سے نفرت کرنے والا۔منش دروہی یا بیری۔(مردم بیزار)

misanthropy انسان سے نفرت۔منش دروہ۔(مردم بیزاری)

misapplication بے جا استعمال۔صرف بیموقع(تصرف بیجا)

misapply بے جا اٹھانا یا لگانا۔خرچ،صرف، برباد یا ضائع کرنا۔(بیجا تصرف کرنا۔غلط استعمال کرنا)

misapprehend خلاف یا غلط سمجھنا

misapprehension غلط فہمی۔بھول۔خطا

misapprehensive غلط فہمی پر مبنی۔غلط سمجھنے والا

misappropriate تصرف بے جا کرنا۔ خرد برد کرنا۔ تغلب کرنا۔ الگ کر دینا۔ غبن کرنا

misappropriation تصرف بے جا۔ تغلب۔ (غبن)

misarrange بے ترتیب کرنا

misascribe غلط منسوب کرنا۔ کچھ کا کچھ کر دینا۔

misassign چوک یا بھول میں دینا

misbecome زیب نہ دینا۔ بدزیب ہونا۔ (خلاف شان ہونا۔ نامناسب ہونا۔ نازیبا ہونا)

misbegot حرام زادہ۔ ولدالزنا۔ (حرامی۔ بدذات)

misbehave بدچلن چلنا۔ بدسلوکی کرنا۔ (بداطواری کرنا۔ بدچلنی کرنا۔ بدتمیزی کرنا۔ ناشائستہ حرکتیں کرنا)

misbehaved بدوضع۔ بےتمیز۔ گستاخ۔ بےادب۔ ناتراشیدہ۔ بدچلن

misbehaviour برا چلن۔ کچال۔ بدسلوکی۔ بداطواری۔ ناشائستگی۔ بدچلنی۔ (ناشائستہ حرکت۔ بدتمیزی۔ بدکرداری)

misbelief جھوٹا عقیدہ۔ غلط اعتقاد۔ (فاسد عقیدہ۔ بداعتقادی)

misbelieve غلط اعتقاد کرنا۔ جھوٹا عقیدہ کرنا

misbeliever جھوٹے مذہب پر چلنے والا۔ (گمراہ۔ بداعتقاد)

misbeseem, see misbecome برا لگنا

misborn مصیبت کے لیے پیدا ہوا۔ کم بخت

miscalculate غلط حساب کرنا۔ حساب میں چوک کرنا

miscalculation حساب کی بھول۔ غلطی ۔ بھول چوک ۔ (غلط اندازہ)

miscall غلط نام لینا یا بولنا۔ (گالیاں دینا۔ برا بھلا کہنا)

miscast غلط حساب کرنا۔ چوکنا۔ غلط قیاس کرنا

miscegenation اختلاط اقوام۔ مختلف نسلوں کی آمیزش

miscellane ست نجا۔ ماگاہ یا اشیائے متفرق

miscellanea ادبی رسائل کا مجموعہ۔ مجموعہ مضامین ۔ ادبی کشکول

miscellaneous متفرق ۔ مختلف۔ مخلوط ۔ پچ میل ۔ ہر طرح یا قسم کا۔ (جامع حیثیات، شخص)

mischance بلا، مصیبت، کم بختی یا شامت آنا

mischance کم بختی ۔ بد نصیبی ۔ آفت ۔ بلا۔ برا اتفاق ۔ (بدبختی ۔ بد قسمتی ۔ گردش تقدیر۔ گردش طالع ۔ (گردش ایام)

mischarge داخلے کی غلطی ۔ لکھنے کی بھول

mischief فتنہ۔ شرارت ۔ کھٹائی ۔ ضرر۔ خرابی ۔ بدی ۔ برائی ۔ آسیب ۔ اذیت ۔ نقصان ۔ مضرت ۔ فساد۔ بذاتی ۔ بگاڑ۔ کم بختی ۔

mischiefmaker برا۔ مُفسد ۔ فتنہ انگیز۔ کھوٹا ۔ بس کی گانٹھ۔ بلا۔ آگ لگاؤ۔

mischievously زیاں کاری، ضرر رسانی ، بدی ۔ شرارت یا نٹ کھٹی سے

mischievousness ایذا رسانی ۔ شرارت ۔ بد ذاتی ۔ مفسدی ۔ زیاں کاری ۔ فتنہ انگیزی

miscitation غلط حوالہ۔ غلط تمثیل

miscite بے جا تمثیل لانا ۔ غلط حوالہ دینا۔ غلط سند لانا

misclaim بے جا دعویٰ ۔ غلط دعویٰ ۔ جھوٹا دعویٰ

miscomputation غلط حساب

misconceit دھوکا۔خطا۔چوک۔مغالطہ۔خیال باطل

misconceive خلاف سمجھنا۔غلط فہمی کرنا

misconception غلط تصور۔غلط فہمی۔غلط رائے

misconduct بداطواری کرنا۔بدچلنی کرنا۔بدانتظامی۔

misconduct بداطواری۔ بدچلنی۔ بدمعاملگی۔ بدوضعی۔ بدکرداری۔
سرکشی۔ کچال۔ بدطریقہ۔ (بری حرکت۔ ناشائستہ فعل۔
بدفعلی۔بداعمالی۔بدنظمی۔بدانتظامی)

misconjecture جھوٹا خیال پکانا

misconjecture خیال باطل۔غلط قیاس

misconstruction خلاف تعبیر۔غلط معنی

misconstrue, غلط معنی کہنا۔(غلط تعبیر کرنا۔غلط مفہوم سمجھنا)

misconstruct

misconstruer غلط معنی بیان کرنے والا

miscorrect غلط اصلاح دینا

miscounsel بری صلاح دینا۔بری رائے دینا

miscount شمار میں غلطی کرنا

miscreant آوارہ۔رند۔مردود۔کافر۔

miscreated بدقطع۔مکروہ۔صورت حرام

miscreation خلقت ناقص

misdate غلط تاریخ

misdate غلط تاریخ لکھنا

misdeed کُکرم۔ جرم۔ خطا۔ پاپ۔ برا کام۔ قصور۔ فعل بد۔ بدکرداری۔(بدکاری۔مجرمانہ فعل)

misdeem بے جا تجویز کرنا۔(غلط رائے قائم کرنا)

misdemean کچال چلنا۔مجرم ہونا

misdemeanant جرم خفیف یا بداعمالی کا مجرم

misdemeanour تقصیر۔قصور۔جرم صغیرہ۔بداطواری۔(قابل مواخذہ جرم)

misdirect جھوٹا راستہ بتانا یا دکھانا۔ غلط جگہ روانہ کرنا۔ بہکانا۔ (غلط رہنمائی کرنا۔گمراہ کرنا)

misdo جرم کرنا۔خطا کرنا۔تقصیر کرنا۔غفلت کرنا۔بیجا کام کرنا۔

misdoer قصوروار۔خطاوار۔بیجا کام کرنے والا۔کچالی

misdoing قصور۔خطا۔کھوٹ۔(بدکاری۔بدکرداری)

misdoubt صداقت پر شبہ کرنا۔ شک کرنا۔مشکوک سمجھنا۔مشتبہ سمجھنا۔ شکوک رکھنا۔

misemploy بیجا صرف کرنا۔ضائع کرنا۔بیفائدہ کھونا۔بیجا لگانا۔

misemployment استعمال بیجا۔صرف بیجا۔مصروفیت۔بیسود

misentry حساب کی غلطی۔غلط داخلہ۔(غلط اندراج)

miser سوم۔بخیل۔کنجوس۔مُمسک۔مکھی چُوس۔دل کا تنگ یا چھوٹا۔ (لالچی۔طماع۔حریص)

miserably بری طرح۔متبذل طور پر۔(تکلیف دہ طور پر۔ذلیل حالت میں)

miserly کنجوس۔لالچی۔حریص۔طامع۔ذلیل۔نہایت بخیل۔شوم۔ کنخک۔(ممسک)

misfashion بدشکل یا بدصورت بنانا۔ چھوٹا یا بڑا۔ تنگ یا ڈھیلا۔ ناموزوں۔ نامناسب کپڑا۔ ناموزوں شخص

misform بدشکل کرنا۔ بدصورت کرنا

misfortune شامت۔ بلا۔ تباہی۔ زوال۔ (بدبختی۔ بدنصیبی۔ بدقسمتی۔ آفت۔ مصیبت)

misgive شک پیدا کرنا۔ دھوکا دینا۔ شبہ ڈالنا۔ ماتھا ٹھنکنا

misgiving چوک۔ دھوکا۔ شک۔ شبہ۔ (اندیشہ۔ خطرہ۔ دھڑکا۔ وسوسہ)

misgovern بدعملی کرنا۔ بطور حکومت کرنا۔ خراب انتظام کرنا

misgovernment بدعملی۔ کراج۔ بدانتظامی

misground غلط بنیاد ڈالنا

misguidance دھوکا۔ گمراہی

misguide گمراہ کرنا۔ بہکانا۔ بھلانا۔ خطا میں ڈالنا۔

misguided گمراہ۔ گم کردہ راہ۔ بیراہ رو

mishandle بری طرح انجام دینا۔ بدسلیقگی سے کرنا۔ بدسلوکی کرنا۔ برا سلوک کرنا۔

mishap بدبختی۔ دلوں کی شامت۔ (حادثہ۔ سانحہ۔ مصیبت۔ آفت)

mishear بخوبی نہ سننا۔ غلط سننا۔

mishmash گھال میل۔ کھچڑی۔ ست نجا۔ (گڈمڈ)

misinfer غلط نتیجہ نکالنا

misinform جھوٹی خبر دینا۔ (غلط اطلاع دینا۔ غلط فہمی میں ڈالنا)

misinformant, misinformer جھوٹی خبر دینے والا

misinformation جھوٹی خبر۔(غلط اطلاع)

misinterpret غلط معنی بیان کرنا۔جھوٹی تعبیر دینا۔(غلط مطلب یا نتیجہ نکالنا)

misinterpretation غلط معنی۔غلط بیان۔غلط تعبیر۔متھیات۔(غلط استنباط۔غلط استخراج)

misinterpreter غلط بیان کرنے والا۔متھیاتی

misjoin بیطور یا بیجوڑ لگانا یا ملانا

misjoinder چند دعووں کو ایک نالش میں بیجا شامل کرنا

misjudge غلط تجویز کرنا۔غلط رائے لگانا۔(غلط اندازہ لگانا)

mislay رکھ کر بھول جانا۔کہیں کا کہیں رکھ دینا۔بیجگہ رکھنا

misle کہر برسنا

mislead دھوکا دینا۔بھٹکانا۔گمراہ کرنا۔بھلانا۔مغالطہ دینا۔بہکانا۔کُمارگ کرنا۔

mismanage بدانتظامی یا بیطور اہتمام کرنا۔درہم برہم کرنا۔بگاڑنا۔

mismanagement بیتدبیری۔بدانتظامی۔بدعملی۔(بدنظمی۔سُوتدبیر)

mismark کہیں کا کہیں نشان کرنا

mismatch کجوڑ کرنا۔بیجوڑ لگانا۔بیمیل کرنا۔نامناسب پیوند لگانا

misname غلط نام لینا یا رکھنا

misnomer غلط اسمی۔نام کی غلطی

misobserve اچھی طرح خیال نہ کرنا۔مشاہدہ یا خیال کرنے میں چوکنا

mispersuade الٹا سمجھا دینا۔بہکا دینا

misplace کٹھور یا بیجگہ رکھنا۔(نامناسب شخص کے ہاتھ میں دینا)

misplacement غلط استعمال۔بیمحل استعمال۔

misprint غلط چھاپا۔ چھاپے کی غلطی

misprint غلط چھاپنا

misproceeding بے ضابطگی۔ غلط کارروائی

misprofess جھوٹا دعویٰ کرنا۔ غلط بیان کرنا

mispronounce غلط تلفظ کرنا

misproportion عدم تناسب

misproportion غلط اندازہ کرنا۔ بیجا جوڑ لگانا

misquotation غلط حوالہ یا سند

misquote بیجا استدلال کرنا۔ غلط سند لانا۔

misrableness بدبختی۔ بیکسی۔ مفلسی۔ افلاس۔ تباہی۔ خرابی۔ پریشانی

misrate غلط اندازہ کرنا

misread غلط پڑھنا۔ غلط تعبیر یا تفسیر کرنا

misreceive کچھ کا کچھ سننا یا سمجھنا

misrecital غلط پڑھنا

misreckon غلط شمار کرنا۔ گنتی میں بھول جانا

misrelate کچھ کا کچھ بیان کرنا

misrelation بیان نادرست

misremember یاد میں غلطی کرنا

misreport جھوٹ یا غلط خبر دینا

misrepresent جھوٹا یا پھیر پھار کر بیان کرنا۔ (غلط تصویر پیش کرنا۔ خلاف واقعہ بیان کرنا)

misrepresentation خلاف بیانی ۔ دروغ بیانی ۔ دھوکا۔ مغالطہ۔ جھوٹ ۔ (غلط بیانی۔تدلیس)

misrule بدانتظامی ۔بدعملی ۔بےبندوبستی ۔درہمی برہمی ۔ہنگامہ ۔ابتری ۔ اندھیر

missal پادریوں کی نماز کی کتاب

missarrangement بےترتیبی

missay جھوٹ بولنا

missay غیب کرنا ۔برا کہنا۔برائی یابدگوئی کرنا

missend غیر مقام پر بھیج دینا

misserve نمک حرامی کرنا۔حق خدمت ادانہ کرنا

misshape بدصورت بنانا۔ بدشکل، بدوضع یابدقطع کرنا۔ برے راستے پر ڈالنا

missile پھینک کر مارنے کا ہتھیار۔ بھالا۔ برچھا۔(میزائل)

missile پھینکنے کا

missing الوپ ۔گم۔غائب ۔ناپیدا

missinglink گمشدہ کڑی۔مفقودکڑی ۔

missingly بھولے بھٹکے۔کبھی کبھی۔غلطی سے

missionary وہ شخص جومذہب پھیلانے کے واسطے بھیجا جاتا ہے۔پادری ۔ (مشنری)

missive جو چیز بھیجی یا پھینکی جائے

missive مراسلہ۔خط۔پیغام

misspeak کچھ کا کچھ کہہ دینا۔غلط بولنا

misspell غلط ہجے کرنا

misspend بیجا صرف کرنا۔ضائع کرنا۔بگاڑنا۔خراب کرنا

misspender بیجا صرف کرنے والا۔اڑاؤ۔لٹاؤ۔فضول خرچ۔لکھ لٹ

misstate غلط بیان کرنا۔ناراست اظہار کرنا

misstatement اظہار دروغ۔غلط بیان

mist دھندلا کرنا۔تاریک کرنا

mist کہر پڑنا۔پھوار پڑنا۔

mistakable جس میں بھول چوک ہو سکے۔مغالطہ کے لائق

mistake خطا یا غلطی کرنا۔کچھ کا کچھ سمجھنا۔بھولنا

mistakenly, mistakingly غلط فہمی سے۔بھول چوک سے۔سہواً۔دروغ۔غلطی سے

misteach غلط سکھانا یا پڑھانا۔الٹی پٹی پڑھانا

mister,mr. صاحب

misterm جھوٹا یا غلط نام رکھنا

mistful کہر سے بھرا ہوا۔(کہریلا۔دھندلا)

mistily کہر سے۔تاریکی سے۔اغلاق سے۔

mistime وقت پر نہ کرنا۔بیوقت کرنا۔وقت ٹال دینا

mistiness اندھیرا۔تاریکی۔تیرگی۔دھند۔

mistletoe, misletoe آکاس بیل۔امر بیل

mistlike کہر سا۔بخار سا۔

mistrain بری تربیت کرنا۔بیجا تعلیم کرنا۔

mistranslate غلط ترجمہ کرنا

mistranslation غلط ترجمہ

mistressship عورت کی حکومت یا انتظام

mistrust بدظنی ۔بدگمانی ۔وسواس ۔بیاعتباری

mistrust شک کرنا ۔بیاعتباری کرنا ۔اعتماد نہ کرنا ۔شبہ کرنا ۔گمان کرنا ۔

mistrustful شکی ۔وسواسی ۔وہمی ۔بدگمان ۔بدظن ۔

mistrustfulness وسواس ۔وہم ۔شک ۔بیاعتباری ۔شبہ ۔بدگمانی

mistrustless بےشبہ ۔بیوسواس

mistutor غلط تعلیم کرنا

misunderstand غلط سمجھنا ۔کچھ کا کچھ سمجھنا

misusage برا استعمال ۔استعمال بیجا ۔بدسلوکی ۔خواری

misyoke بطور بیجا جوتنا یا جوڑنا ۔

mitigable کم ہونے کے قابل ۔تخفیف کے لائق

mitigant آرام دہ ۔تسکین بخش

mitigate کم کرنا ۔گھٹانا ۔تخفیف کرنا ۔ہلکا کرنا ۔خفیف کرنا ۔درد کرنا ۔ مندا یا دھیما کرنا ۔معتدل کرنا ۔موافق کرنا ۔ملائم ۔نرم یا ٹھنڈا کرنا ۔

mitigation کمی ۔گھٹی ۔رعایت ۔تخفیف ۔نرمی ۔تسکین

mitigative نرم کرنے والا ،مسکن ۔تخفیف کرنے والا ۔گھٹانے والا

mitten,mitt بغیر انگلیوں کا دستانہ

mity روے دار ۔دانے دار

mixed ملا ہوا ۔مخلوط ۔مرکب

mizzen پچھلا ۔ پیچھے کا

mizzen جہاز کا پچھلا پال

mizzle پھوار ۔ پھوئیں ۔ ترشح

mnemonics حافظہ بڑھانے کا ہنر

mnemosyne سرسوتی ۔ یاد کی دیوی

moan نوحہ ۔ ماتم ۔ گریہ وزاری ۔ سانپا ۔ واویلا

moan کراہنا ۔ کوکنا ۔ کانکھنا ۔ نوحہ کرنا ۔ آہ کرنا ۔ نالہ وزاری کرنا ۔
گریہ وزاری کرنا ۔ تراہ تراہ کرنا ۔ واویلا کرنا ۔ غم وافسوس کرنا ۔

moanful غم خیز ۔ نوحہ انگیز ۔ ماتم انگیز

moanfully بہ گریہ وزاری ۔ آہ وزاری سے

moat پانی سے بھری ہوئی کھائی یا خندق

moat کھائی سے گھیرنا ۔ خندق بنانا

mob بلوہ ، ہجوم یا بھیڑ کرنا

mob عوام ۔ عوام الناس ۔ مجمع ۔ ہجوم ۔ بازاری لوگ ۔ بلوہ ۔ (انبوہ ۔
بھیڑ بھاڑ ۔ جم غفیر)

mobbish شوروغل مچانے والا ۔ کمینہ ۔ فسادی

mobile عوام الناس ۔ ہماشما

mobile غیر مستقل ۔ متلون ۔ (منقولہ ۔ نقل پذیر ۔ قابل حرکت ۔ حرکت
پذیر)

mobilization فوج سے لڑائی کا کام لینا ۔ فوج کا حالت جنگ پر فراہم کرنا ۔
(اجتماع افواج ۔ لام بندی)

mobilize حرکت پذیر بنانا۔حرکت میں لانا۔گردش میں لانا۔(فوج یا بیڑے کو) جنگ کے لیے تیار کرنا۔جمع کرنا۔بحری اور بری فوج کا

اجتماع کرنا۔

mock جھوٹا۔نقلی

mock ہنسی۔ٹھٹھا۔تضحیک۔مضحکہ۔تمسخر۔استہزا۔ہزل۔نقل

mocker منہ چڑانے والا۔نقال۔طعنہ زن۔ہنسوڑ

mockingbird مینا

mockingstock, جس سے سب ٹھٹھا کریں۔چتھا

s e e

laughingstock

modal ظاہری۔صوری۔دکھاوے کا

modalist صورت پرست

modality صوریت۔جہت۔نہج۔طریقہ۔مشروطیت۔

model ڈول ڈالنا۔خاکہ بنانا۔نقل کرنا۔ترکیب دینا۔(تشکیل کرنا)

moderate ملائم کرنا۔تھمنا۔کم ہونا۔گھٹنا۔(ہلکا ہونا۔نرم پڑنا۔دھیما ہونا۔معتدل ہونا۔اعتدال پر آنا)

moderately ملائمت سے۔اعتدال سے۔تھوڑا سا۔دھیرج سے۔(اوسط درجے کے لحاظ سے)

modern نیا۔جدید۔حال کا۔متاخر۔حادث۔(دور حاضر کا۔جدت پسند)

modernism جدید خیال۔جدید خیالات۔جدید اصول۔جدت پسندی

modernization زمانہ حال کے مطابق کرنا۔زمانہ حال کے رنگ میں رنگنا

modernize قدیم کو جدید کے طور پر کرنا۔رواج جدید کے موافق کرنا۔طرز جدید پر لانا

moderns متاخرین

modestly حیا، شرم یا خاکساری سے۔ بہ انکسار۔ بہ حلم۔ بہ ادب۔ (شرمیلے انداز سے۔سیدھے سادے طریقے سے)

modicum مقدار قلیل۔ٹکڑا۔پارچہ

modifiability اعتدال پذیری۔تبدیل پذیری۔ترمیم پذیری۔تغیر وتبدل کی صلاحیت

modifiable قابل ترمیم۔تبدیل پذیر۔(اعتدال پذیر۔ترمیم پذیر)

modillion ستون میں ایک قسم کی زیبایش

modish رسمی۔رواجی۔(طرحدار۔فیشن کے مطابق)

modishly طور پر۔رواج کے مطابق۔(فیشن کے لحاظ سے)

modishness تکلف۔ڈھنگ۔وضع داری۔(فیشن کے مطابق ہونا)

modulate آواز کا گھٹانا یا بڑھانا۔الاپنا۔سادھنا۔(کمی بیشی کرنا۔سُر ٹھیک کرنا۔ٹھیک ترتیب پر لانا)

modulator سادھک۔آواز باندھنے والا

module نمونہ۔نقشہ

modulus مقادیر متبادل کا مضروب فیہ معین۔(معیار قوت اور کام کا تناسب)

mohair ایک قسم کی بکری کا رواں

mohawk, mohock ایک قسم کا ٹھگ

mohterland جنم بھوم۔زاد بوم

moiety آدھا۔نیم۔ادھیار۔ادھواڑ۔نصف

moil سانا۔لتھیڑنا۔میلا کرنا۔بگاڑنا۔

moil محنت کرنا۔مشقت کرنا

moist سیلا۔گیلا۔تر۔مرطوب۔نم

moisten گیلا کرنا۔تر کرنا۔نم کرنا

moistness گیلا پن۔سیلا پن۔(نمی۔تری۔رطوبت۔سیلن)

moisture تری۔نمی۔سیل۔رطوبت

molar ڈاڑھ

mole بل کھودنا

molecast, molehill مٹی کا ڈھیر جو چھچھوندر لگاتی ہے۔

molecatcher چھچھوندر مار

molecular ذروں کے متعلق۔کن سا۔(سالماتی)

molecularity سالمیت۔سالمے کی خاصیت

molecule کنکا۔کن۔ذرہ۔پرمائو۔(سالمہ۔مالیکیول)

moleeyed چھچھوندر آنکھا۔چندھا۔اندھا

molest, see disturb2,3. دکھ دینا۔حیران کرنا۔کشٹ دینا۔دخل دینا۔مداخلت کرنا۔(دق کرنا۔چھیڑنا۔پریشان کرنا)

molestation, ایذا رسانی ۔ مزاحمت ۔

seeannoyance

molester خارج ۔ موذی ۔ مزاحم

molestful تکلیف دہ ۔ دکھ دائی ۔ زحمت رساں

moletrack زمین کے نیچے چھچھوندر کی راہ

mollient ملائم کرنے والا ۔ تسکین دینے والا

mollification ملائمت ۔ نرمی ۔ تسکین ۔ تخفیف

mollifier نرم کرنے والا ۔ ملین ۔ مسکن

mollusk پلپلے جانور اور گھونگے

mome احمق ۔ گم صم آدمی ۔ مونی

momentarily ہر دم ۔ ہر ساعت ۔ دم بدم ۔ (عارضی طور پر)

momentary ایک ساعت کا ۔ ایک دم کا ۔ ناپائیدار ۔ (عارضی ۔ وقتی ۔ آنی)

momently دم بدم ۔ لحظہ بہ لحظہ ۔ ہر لحظہ ۔ ہر ساعت ۔ ہر دم ۔ ہر آن

momentous عظیم ۔ بھاری ۔ (مہتم بالشان)

momentousness اہمیت ۔ عظمت و شان

momentum متحرک چیز کا زور یا صدمہ ۔ تصادم ۔ قوت رفتار ۔ (معیار حرکت ۔ زور حرکت)

monachism قلندری ۔ (رہبانیت ۔ رہبان ۔ راہبانہ زندگی)

monad جز لا تجزی ۔ ذرہ ۔ (اکائی)

monarchess شاہ بیگم ۔ ملکہ ۔ رانی

monarchism شاہ پسندی ۔ شاہ پرستی ۔ شخصی حکومت ۔ شاہی نظام حکومت

monarchist شاہی حکومت کا طرف دار ۔ (شاہ پسند)

monasterial ڈیرے یا خانقاہ کے متعلق

monastery ڈیرا۔ خانقاہ۔ صومعہ۔ دھرم شالا۔ استھل۔ مٹھ

monasticism رہبان۔ رہبانیت۔ خانقاہی زندگی

monday پیر۔ سوموار۔ دوشنبہ

monetary نقدی کا۔ روپے پیسے کا۔ (مالی)

moneybag تھیلی۔ کیسہ زر۔ بٹوا۔

moneyed مال دار۔ روپے والا۔ دولت مند۔ زردار۔ (متمول۔ صاحب دولت)

moneyless بے زر۔ مفلس۔ قلاش۔ غریب۔ نادار۔

moneymaking فائدے کا۔ روپیہ کمانے کا

moneyorder ہُنڈی۔ ٹیپ۔ خط۔ (منی آرڈر)

moneysworth قیمتی چیز۔ (مساوی زر۔ بدل زر)

monger بیچنے والا۔ فروشندہ۔ فروش۔ بیوپاری۔ (تاجر۔ سوداگر)

mongoose نیولا

mongrel دوغلا۔ دونسلا۔ میل کا

monism وحدت وجود۔ وحدت جوہر

monist وحدت پرست۔ وحدت وجود کا قائل

monitive ناصح۔ نصیحت بخش۔ آگاہی بخش۔ سکشک

monitress, monitrix استانی۔ خلیفہ۔ (ناصحہ)

monk زاہد۔ راہب۔ قلندر۔ عابد۔ جوگی۔ مُنی۔ بیراگی۔ تپسوی۔ (تارک الدنیا۔ درویش)

monkery درویشی۔ قلندری۔ گزران۔ (رہبانیت۔ راہبانہ زندگی۔ خانقاہ۔ جماعت راہبان۔ راہبانہ طرزِ عمل)

monkey بندر۔ کپی۔ بوزانہ۔ میمون۔ مرکٹ۔

monkhood فقیری۔ خلوت نشینی۔ گوشہ نشینی۔ جوگ۔ (رہبانیت۔ راہبانہ زندگی)

monkish درویشانہ۔ زاہدانہ۔ قلندرانہ۔ فقیرانہ۔ منی سمبندھی (راہبانہ)

monoceros گینڈا۔

monochord اکتارہ

monocular, monoculous کانڑا۔ یک چشم۔ ایک انکھا

monody دردناک اشعار جنہیں ایک ہی آدمی گائے۔ سوز۔ مرثیہ۔ (نوحہ)

monogamist ایک عورت سے شادی کرنے والا

monogamy ایک ہی عورت سے شادی کرنا۔ (یک زوجگی)

monogram خط طغرا۔ طغرا

monogrammal طغرے کی طرز کا

monograph ایک ہی بات کا بیان۔ (مخصوص موضوع کا رسالہ۔ مقالہ)

monomachy دو کی لڑائی۔ جوڑ کی لڑائی۔ کشتی

monomania ایک ہی بات کا خبط یا جنون۔ یک رخی جنون

monopathy اپنی غم خواری

monopolist, monopolizer جو با اختیار سرکار تجارت کسی شے کی آپ کرے اور دوسرے کو نہ کرنے دے۔ (اجارہ دار)

monopolization اجارہ داری۔بلاشرکت غیرے قبضہ۔

monopolize بازار کا اجارہ لینا۔خود بیوپار کرنا اور کسی کو نہ کرنے دینا۔(اجارہ داری کرنا)

monopoly نرخ کی خودمختاری۔کل کا اجارہ۔بیچنے کا ادھکار۔بیع کا اختیار خاص۔ٹھیکہ۔اجارہ۔(اجارہ داری)

monosyllable ایک حرکت یا ٹکڑے کا۔(یک رُکنی)

monosyllable ایک حرکت،جُز یا ٹکڑے کا لفظ۔(یک رُکنی لفظ)

monotheism ایک خدا ماننا۔عقیدہ وحدانیت۔(توحید۔وحدت)

monotheist موحد۔ایک خدا ماننے والا۔(توحید پرست۔وحدانیت پرست)

monotonous یکساں آواز کا۔(یک رنگ)

monotony ایک سی آواز۔ایک ڈھنگ۔(یکسانی)

monsieur صاحب۔مہاراج۔(موسیو)

monsoon موسمی ہوا جو چھ مہینے ایک سمت میں چلتی رہتی ہے۔(مون سون)

monteth ایک برتن جس میں پیالے دھوئے جاتے ہیں

month سال کا بارھواں حصہ۔مہینہ۔ماس۔ماہ۔شہر

monthly ماہانہ۔ماہ بماہ۔ہر ماہ۔ہر مہینے۔مہینے کے مہینے

monthly ماہوار۔ماہانہ۔مہینے وار۔مہینے کے مہینے

monthly ماہواری رسالہ۔(ماہانہ مجلّہ یا میگزین)

monumental یادگار

moodiness خفگی۔آزردگی۔دلگیری۔اُداسی

moonbeam چاند کی جوت ۔ چاند کی کرن ۔ چاندنی

moonblind جس کو دھندلا یا موٹا دکھائی دے

moonet چھوٹا چاند

mooneyed کوتاہ نظر ۔ کم نظر

moonish چاند سا ۔ قمر سا ۔ متبدل

moonless بیچاندنی

moonlight چاندنی ۔ چاند کی جوت

moonshine, moonshiny چاندنی کا ۔ چاندنی دار

moonstone چندر کانٹھ ۔ حجر القمر

moonstruck چاند مارا ۔ دیوانہ ۔ پاگل ۔ (سودائی ۔ مجنون ۔ خبطی)

moony چاند سا ۔ مہتاب سا ۔ (قمری ۔ چاند جیسا)

moor باندھنا ۔ لنگر ڈالنا ۔ لگانا

moor دلدل ۔ دھسان ۔ چہلا ۔ کیچڑ ۔ کھادر ۔ ڈابر ۔ یا ڈہر کی زمین ۔

moor حبشی ۔ زنگی ۔ کافر ۔ کافری

moorage کشتی کا گھاٹ ۔ لنگر گاہ ۔ (گھاٹ کا محصول)

mooring جہاز کا لنگر، زنجیر یا رستا

moorland جھابر ۔ دلدل

moorstone ایک قسم کا انگلستانی پتھر

moose ایک قسم کا ہرن

moot تقریر کرنا ۔ بحث کرنا ۔ حجت پیش کرنا ۔ باد بیاد کرنا ۔ (سوال اٹھانا ۔ مسئلہ پیش کرنا)

mootcase, mootpoint امر زیر مباحثہ۔مباحثہ طلب۔امر تنقیح طلب

mop بہارنا۔صاف کرنا۔جھاڑو دینا

mop جھاڑو۔جھاڑن۔پچارا۔کوچی

mope اداس کرنا۔بیہوش کرنا

mope اداس ہونا۔سست ہونا۔بیہوش ہونا۔ملول ہونا۔غمگین ہونا۔ اونگھنا۔(دلگیر ہونا۔جی گھبرانا)

mope سست۔ڈھیلا آدمی۔گاؤدی۔(دلگیر۔افسردہ دل)

mopish کم ہمت۔بیدل۔پژمردہ۔اداس۔(دلگیر۔افسردہ)

mopishly دلگیری سے۔افسردگی سے

mopishness ملال۔کاہلی۔سستی۔مجہولی۔افسردگی۔آلس۔اداسی۔ (دلگیری)

moppet, mopsey گڑیا۔پتلا۔

morale اخلاقی حالت۔مورال

moralism فطری اخلاق۔اخلاق کا فطری نظام

morals اخلاق۔ادب۔تہذیب۔رویہ۔چلن۔آچار۔(چال چلن۔ اطوار)

morass دلدل۔چہلا

morassy دلدل سے بھرا ہوا

morbid فاسد۔بگڑا۔روگیا۔مریض سا۔بیمار کی مانند۔ضعیف۔ (روگی۔افسردہ طبع)

morbidity, morbidness فساد۔ بیماری۔ مرض۔ بگاڑ۔ (حالت مرض۔ مرض پسندی۔ افسردگی

morbific, morbifical فاسد۔ مرض یا بیماری پیدا کرنے والا۔ روگ سے بھرا ہوا۔ روگ کی جڑ۔ روگی۔ (مرض خیز۔ مرض آور)

mordacious کاٹنے والا۔ کاٹ کرنے والی۔ تیز۔ حاد۔ (دلدوز۔ چبھتا ہوا)

mordacity کاٹ۔ حدت۔ تیزی۔ (تلخی۔ دلدوزی)

mordant محرک۔ سوزندہ۔ دلدوز

more زیادہ حصہ۔ اور

moreen ایک قسم کا کپڑا

morel ایک میوہ۔ ایک قسم کا شاہ دانہ

moreover سوا۔ سوا اس کے۔ علاوہ۔ تس پر۔ تس پر بھی۔ بلکہ۔ (مزید برآں۔ علاوہ ازیں)

morglay ایک مہلک ہتھیار۔ سروہی۔ دودھارا۔

morion مغفر۔ ایک طور کا خود

mormo جھوٹا ڈر۔ ہوا

mormon ایک قوم کا نام

morning صبح کا۔ فجر کا۔ سحری۔ بھور

morning, morn تڑکا۔ صبح۔ فجر۔ بھور۔ سویرا۔ سحر۔ بامداد۔ پگاہ۔ پربھات۔ راجا کرن کا پہرا۔ طلوع آفتاب۔ ہراتک کال۔ نور کا تڑکا۔ دوٹھا جھیں۔

morningstar شکر۔ سُوک۔ زہرہ۔ صبح کا تارا۔ بھور کا

morocco ایک قسم کا عمدہ اور قیمتی چمڑا

morose زود رنج۔ تُرش رو۔ بدخُو۔ ترش مزاج۔ سخت۔ تُند۔ روکھا۔ (تیکھا)

morosely ترش مزاج سے۔ ترش روئی سے۔ تنک مزاجی سے۔ روکھے پن سے۔ زود رنجی سے۔ بدخوئی سے۔ (تیکھے پن سے)

morosity, moroseness زود رنجی۔ ترش روئی۔ تنک مزاجی۔ بدخوئی۔ روکھا پن۔

morpheus نیند۔ خواب۔ سُپن دیبی

morphia, morphina, morphine افیم کا ست یا ہیر۔ اصل الافیم۔ (مارفیا)

morrow, tomorrow آنے والا دن۔ کل۔ فردا۔ آج سے دوسرا دن۔ آج سے اگلا دن

mors موت۔ کال

morse موچھوں دار دریائی گھوڑا

mortal انسان۔ آدم زاد۔ بشر۔ آدمی۔ پُرش

mortar چُونا۔ گچ۔ اینٹوں کے جوڑنے کا مسالا

mortgage گروی رکھنا۔ رہن کرنا۔ مکفول کرنا

mortgage کفالت۔ ضمانت۔ رہن۔ گروی۔ بندھک۔ آڑ۔ گہنے۔ گرو۔ (رہن نامہ)

mortgagedeed گروی نامہ۔ رہن نامہ

mortgagee مرتہن۔ رہن یا گروی رکھنے والا۔ گروی دار۔

mortgagor, mortgager راہن ۔رہن کرنے والا۔ گہنے دھرنے والا

mortiferous قاتل ۔مہلک ۔گھاتک

mortifying موجب شرم وذلت ۔سوہان روح ۔باعث اذیت ۔تکلیف دہ

mortise سالنا۔ چھیدنا۔ چول ٹھوکنا۔ (چول بٹھانا۔ جوڑنا۔ پیوست کرنا)

mortise سوراخ ۔گھر ۔خانہ ۔چھید ۔سال ۔(چول)

mortmain جائیداد نا قابل انتقال

mosaic, mosaical پچی کاری کا ۔موسوی ۔

mosaic, mosaicwork پچی کاری کا کام۔ پچی کاری۔ جڑت کاری۔ (مجازاً) پچ رنگی مجموعہ ۔گونا گوں مرقع)

mosque مسجد ۔معبد ۔خدا کا گھر ۔عبادت گاہ ۔مسیت

mosquito مچھر ۔ڈانس ۔

moss کائی ۔سوار

moss کائی یا سوار سے بھرنا ۔(کائی اُگنا)

mossy کائی دار ۔کائی لگا ہوا

most بہت ۔زیادہ ۔بیشتر ۔اکثر ۔نہایت ۔غایت درجے

most جم غفیر ۔زیادہ مقدار ۔اکثر

most کثیر ۔نہایت ۔ بہت ۔ادھک ۔(زیادہ سے زیادہ)

mostly اکثر ۔بیشتر ۔(زیادہ تر ۔عموماً)

moth پروانہ ۔پتنگ ۔کپڑے کا کیڑا ۔پنکھی ۔(پتنگا)

mother

گود لینا۔ متبنیٰ کرنا۔

(ماں کی طرح پالنا۔

مادرانہ شفقت سے

پیش آنا۔ ماں بننا)

mother جمنا۔ گڑھیانا۔ منجمد ہونا

mother مادری۔ دیسی۔ اصلی۔ ذاتی۔ خلقی۔ جبلی

motherhood مادریت۔ ماں پنا۔ مادری حالت۔ (اُمومیت)

motherless بن ماں کا۔ بیمادر۔ یتیم۔ (مسکین)

motherlike مادرانہ۔ ماں جیسی

motherly ماں کا سا۔ مادری۔ مادرانہ۔ ماں سا

motherqueen راج ماتا۔ بادشاہ کی ماں

mothertongue زبان مادری۔ دیسی بھاکا۔ وطنی زبان

restorer بحال کرنے والا۔مرمم۔کھوئی ہوئی چیز کو دلانے والا۔ (مجدد۔واپس کرنے والا۔احیا کرنے والا)

restrainable باز رکھنے کے قابل۔روکنے کے لائق۔قابل ضبطی۔(قابل مزاحمت۔قابل حراست)

restrainedly بہ امتناع۔بہ قید۔بہ ضبط۔باتعین۔روک سے۔

restrainer مزاحم۔مانع۔ضابط۔فارق۔روکنے والا۔

restrict قید لگانا۔حد باندھنا۔حصر کرنا۔روکنا۔پابند کرنا۔مقید کرنا۔ منع کرنا۔باز رکھنا۔

restrictive مؤکد۔روکنے والا۔انحصار کرنے والا۔مانع۔تعین کرنے والا۔حد باندھنے والا۔(روک تھام کا۔بندشی)

restrictively بہ تعین۔بہ انحصار۔باالامتناع۔بہ قید معنی۔(بندش کے طور پر)

restrospection گزشتہ پر خیال کرنے کی قوت۔ باز نظری۔ خیال گزشتہ۔(یادماضی ۔ماضی بینی)

resultance حصول۔نتیجہ۔ثمرہ۔

resultant بل پھل۔حاصل قوت۔

resumable قابل ضبطی۔پھر اختیار کرنے کے لائق۔پھر لینے کے لائق۔

resume لب لباب۔خلاصہ۔مختصر اعادہ۔

resumption ضبطی ۔ بازیافت ۔ بازگیری ۔ (دوبارہ حصول ۔دوبارہ قبضہ)

resurge پھر زندہ ہونا۔قبر سے اٹھنا۔جی اٹھنا۔

resurrect قبر سے نکالنا۔مردے کو زندہ کرنا۔کسی چیز کی یاد تازہ کرنا۔ پھر رواج دینا۔

resurrection حشر۔ رستخیز۔ قیامت۔ فردائے قیامت۔ پرلے۔ (روزمحشر)

resurvey نظر ثانی کرنا۔پھر نگاہ کرنا۔دوبارہ دیکھنا۔

resuscitation نوپیدائش ۔زندگی تازہ۔(احیا)

resuscutate مردہ جلانا۔جلانا۔ازسرنو جان ڈالنا۔زندہ کرنا۔

retail خردہ فروشی۔پھٹکل بکری۔(پرچون)

retailer خردیا۔خردہ فروش۔

retake پھر لے لینا۔بازیافت کرنا۔(فتح کرنا)

retaliate عوض لینا۔بدلہ لینا۔جزا دینا۔مکافات دینا۔پاداش لینا۔

retaliation جزا۔مکافات۔بدلہ۔ پلٹا۔قصاص۔انتقام۔عوض۔(جوابی الزام۔پاداش۔جوابی محصول)

retardation مزاحمت ۔ اٹکاؤ۔ روک۔ ممانعت۔ (تاخیر۔ ڈھیل۔ روک)

retaste دوبارہ چکھنا۔مزہ لینا۔

retch ابکنا۔ابکائیاں لینا۔ قے کرنا۔

retentive آخذ۔حافظ۔قابض۔بندھک۔ممسک۔مواخذ۔

retentiveness قوت آخذ۔قوت ماسکہ۔(امساک قائم رکھنے کی قوت)

retenue رکھ رکھاؤ۔طبیعت پر قابو۔ضبط نفس۔

reticent کم گو۔کم سخن۔ضابط۔اعتدال پسند۔خاموش

reticle چھوٹا جال

reticular جالی کی مانند۔جھنجری دار۔مشبک

reticulate, reticulated جالی دار۔جال دار۔

reticule جالی کی چھوٹی تھیلی۔ہمیانی۔

retiform جالی کی شکل کا۔(جالی نما)

retina آنکھ کا وہ پہلا پردہ جس میں بصارت کی حس رہتی ہے۔پردہ اول۔(شبکیہ)

retinue سواری۔جلو۔حشم وخدم۔تزک۔ساتھی سنگھاتی۔(نوکر چاکر)

retired خلوت گزیں۔گوشہ نشین۔مخفی۔تنہائی پسند۔تارک الدنیا۔پوشیدہ۔ پردہ نشین۔مستعفی۔(سبکدوش۔ فارغ ازخدمت۔

ریٹائر شدہ)

retiring خلوت پسند۔شرمیلا۔جھجکنے والا شرمیلا

retouch درست کرنا۔ زینت دینا۔ ہاتھ پھیرنا۔نظر ثانی کرنا۔ سدھارنا۔(اصلاح کرنا)

retract بات بدلنا۔رائے بدلنا۔زبان پھیرنا۔مکرنا۔

retractable پھیر دینے کے قابل۔پلٹ دینے کے قابل۔قابل انحراف۔

retractive کھینچ لینے والا۔ ہٹا لینے کا۔ پھیر لینے والا۔ (سکڑنے یا سیکڑنیکا)

retransfer پھر سے منتقل کرنا۔دوبارہ منتقل کرنا۔باز منتقلی۔

retranslate دوبارہ یا پھر ترجمہ کرنا۔خصوصاً اصل زبان میں ترجمہ کرنا۔

retreat .2retire,1see

retrial تجویز ثانی۔(سماعت مکرر)

retribute عوض دینا۔واپس دینا۔جزا دینا۔پلٹا دینا۔

retribution معاوضہ۔عوض۔بدلہ۔صلہ۔تلافی۔انعام۔پاداش۔جزا۔ مکافات۔(انتقام)

retributive, retributory پر مکافات۔ پاداش دینے والا۔ جزا بخش۔ سزادہ۔ (انتقامی)

retrievable قابل علاج۔اصلاح پزیر۔جس کا بدلہ مل سکے۔(قابل نجات۔قابل تلافی۔تلافی پزیر۔اصلاح پزیر)

retrieval تلافی۔نجات۔اصلاح۔

retriever شکاری کتا۔

retroact ردعمل کرنا۔جوابی عمل کرنا۔گزرے ہوئے زمانے پر نافذ ہونا۔

retroactive کسی امر یا زمانہ گذشتہ پر مؤثر۔(رجعی۔ردعمل کا نافذ در زمانہ گذشتہ)

retrocede پیچھے ہٹنا۔ملک واپس دے دینا۔

retrocession برگشتگی۔عود۔رجعت۔واپسی۔بازگشت۔(الٹی حرکت)

retrogradation نچھتروں کی وکری رجعت۔حرکت معکوس۔پیچھے کی طرف ہٹنا۔گراوٹ۔(تنزل الٹی حرکت)

retrograde لوٹنا۔ہٹنا۔مراجعت کرنا

retrogress واپس ہونا۔پیچھے ہٹنا۔لوٹنا۔مراجعت کرنا۔تنزل ہونا۔انحطاط ہونا۔

retrogression مراجعت۔پلٹا۔معاودت۔زوال۔تنزل۔انحطاط۔

retrogressive زوال پزیر۔تنزل پزیر۔انحطاط پزیر۔رجعی۔لوٹنے والا۔

retropulsion خارجی مرض کا اندرونی مرض بن جانا۔سرایت کر جانا۔

retrospect خیال یار گزشتہ۔

retrovert پیچھے کو موڑنا۔

retrunable واپسی کے لائق۔قابل ارسال کیفیت۔(قابل انتخاب)

rettery سن کا کارخانہ۔نم خانہ سن۔

retund دھار مارنا۔کند کرنا۔

returnday نوشتہ یا تحریر واپس کرنے کا دن۔

returning officer ناظم انتخابات۔

returnless لاحاصل۔بے منافع کا۔

reunite پھر ملانا یا ملنا۔پھر پیوستہ ہونا۔پھر جڑنا یا جوڑنا۔ملصق ہونا۔

reurge دوبارہ اصرار کرنا۔ اکسانا۔ ترغیب دینا۔

revalue ازسرنو قیمت جانچنا۔ آنکنا۔

reveal کواڑ اور دیوار کے بیچ کی جگہ۔

revealed منکشف۔ ظاہر۔ نازلہ۔ (آشکارا)

reveille سپاہیوں کے جگانے کا طنبور۔ (بگل)

revel عیش و عشرت۔ بدمعاشی۔ رنگ رس۔ رنگ رلیاں۔ عیش و عشرت۔

reveller عیاش۔ بدمست۔ رنگ رلیاں کرنے والا۔ (مست۔ رند)

revelry عیش و عشرت۔ خوشی و آنند۔ (رنگ رلیاں۔ عیش و نشاط)

revenge avengesee

revengeful کینہ ور۔ پرکینہ۔ گھنا۔ شتر کینہ۔ پرانتقام۔ (منتقم)

revengefully انتقام، بیر، کینہ، عداوت یا بغض سے۔

revengefulness انتقام کشی۔ کینہ وری۔ (جذبہ انتقام)

revengeless بےکینہ۔ بےانتقام۔ بےعداوت۔ بےبغض۔

revenger avengersee

revengingly کینہ وری سے۔ انتقام کشی سے۔

reverberation گونج۔ صدا۔ بازگشت۔ انعکاس۔ حرکت بازگشت۔ پلٹاؤ۔ (عکسیت۔ ردعمل)

reverberatory پلٹ دینے والا۔ پھیر دینے والا۔ (گونجنے والا۔ منعکس ہونیوالا)

revere تعظیم کرنا۔ بزرگ جاننا۔ ادب کرنا۔ ماننا۔ آدر یا عزت کرنا۔ (احترام کرنا)

reverend بزرگ۔ مکرم۔ معظم۔ پادری کا خطاب۔ مرشد۔ شاہ۔ بھگت۔(محترم۔مقدس)

reverential تکریمی۔تعظیمی۔مؤدب

reverentially, reverently تعظیم سے۔تکریم سے۔ بہ ادب۔مؤدبانہ۔(احترام کے ساتھ)

reverie,revery خیال باطل۔شیخ چلی کا سا منصوبہ۔خیالی پلاؤ۔محویت۔

reversal تبدیل۔تردید۔تنسیخ۔استرداد۔منسوخی۔کایاپلٹ۔

reverse, reversed بالعکس۔معکوس۔الٹا۔اوندھا۔برعکس۔منسوخ۔مقلوب۔(عقبی)

reversedly, reversely الٹے طور پر۔برعک۔برخلاف۔الٹا۔بالعکس

reverseible الٹ دینے کے لائق۔تغیر پزیر۔رد ہونے کے قابل۔(قابل منسوخی)

revertive معاود۔پھرنے والا۔

reviewal نظر ثانی۔تنقیح مقرر۔

reviewer تذکرہ جلب کا مصنف۔۔نظر ثانی کرنے والا۔(تبصرہ نگار۔تنقید نگار)

revile بدزبان بولنا۔دشنام دینا۔گالی دینا۔برا کہنا۔ملامت کرنا۔(سخت سست کہنا۔بدزبانی کرنا)

revilement مذمت۔ملامت۔دشنام دہی۔بدزبانی۔

revilingly بدزبانی سے۔تحقیر سے۔مذمت سے۔

revisal اصلاح۔نظر ثانی کرنا۔تصحیح۔ملاحظہ ثانی۔

revisalble قابلِ نظرِ ثانی ۔لائق تنقیح ۔لائق املاق

revise دوسری چھاپی ہوئی نقل ۔دوسرا پروف تصحیح کے لئے ۔

reviser تصحیح کرنے والا۔اصلاح دینے والا۔پھر دیکھنے والا۔

revisit پھر دیکھنا۔ دوبارہ ملاقات کرنا۔ پھر بازدید کرنا۔(پھر زیارت کرنا یا سیر کو جانا)

revitallize دوبارہ جان ڈالنا۔تازہ قوت بخشنا۔

revival اعادہ ۔سرسبزی ۔تازگی ۔بحالی ۔تازہ زندگی۔ نیا جنم۔حیات تازہ۔(احیاء۔تجدید)

reviver تازہ کرنے والا ۔زندہ کرنے والا ۔زندہ یا تازہ ہونے والا۔ (احیاءکرنے والا)

revivify جلانا ۔زندہ کرنا ۔روح ڈالنا۔ (تقویت دینا۔ بحال کرنا۔ جان ڈالنا۔نئی روح پھونکنا)

revocable قابل منسوخی۔تنسیخ پزیر۔ابطال یا تردید کے لائق۔ مٹنے جوگ۔

revocation منسوخی۔نسخ۔تنسیخ۔تردید۔استرداد۔

revocatory متضمن منسوخی ۔ناسخ۔

revoke باطل کرنا۔ رد کرنا۔منسوخ کرنا۔(فسخ کرنا۔مسترد کرنا۔ کالعدم کرنا)

revolt برگشتگی ۔نافرمانی ۔گریز۔ انحراف ۔روگردانی ۔ پھوٹ ۔ بغاوت(گھن۔کراہت ۔بیزاری تنفر)

revolter سرکش ۔پھرجانے والا ۔باغی۔(متمرد)

revolting مکروہ۔نفرت انگیز۔گھناؤنا۔

revolutionary پر انقلاب۔ انقلاب پیدا کرنیوالا۔ فتنہ انگیز۔ پر آشوب۔ گردشی۔ (حامی انقلاب۔ انقلابی)

revolutionise انقلاب برپا کر دینا۔ کایاپلٹ کر دینا۔ بالکل بدل دینا۔

revolutionism انقلاب پسندی۔ انقلابیت۔

revolutionist انقلاب میں شریک (انقلابی۔ حامی انقلاب)

revolve سوچ بچار کرنا۔ دل میں لوٹ پوٹ کرنا۔ ادھیڑ بن کرنا۔

revolve گردش کرنا۔ گھومنا۔ دورہ کرنا۔ چکر کرنا۔ چرخ مارنا

revolver ایک گھومنے والا پستول۔ (ریوالور)

revolving گھومنے والا۔

revulsive معاود۔ پھراو۔ منتقل۔

rewardable انعام کے لائق۔

rewardsless بے اجر۔ بے سزا۔

rewrite دوبارہ لکھنا۔ نقل کرنا۔ نظر ثانی کرنا۔ دوبارہ مرتب کرنا۔

rhabdomancy عصا یا چھڑی سے فال گوئی۔

rhapsodic, rhapsodical بے جوڑ۔ بے علاقہ۔ بے میل۔ بے ربط۔

rhapsody سخن ناپیوستہ۔ بے ربط کلام۔ (رزمیہ نظم۔ رجز)

rhetorical منسوب بہ علم بلاغت۔ بدائع وصنائع کے متعلق۔ (خطیبانہ۔ مبالغہ آمیز۔ فن خطابت کا)

rhetorically فصاحت سے۔ صنائع بدائع کی طرح۔ (خطیبانہ۔ خطابت کے انداز میں)

rheum نزلے کا پانی۔ آب نزول۔ کف۔ (وجع مفاصل۔ جوڑوں کا درد)

rheumatic بارد۔ بائی کا۔ باتی۔ بائی ہا۔ (گٹھیا زدہ)

rheumy کف سے بھرا ہوا۔ نزلے کا۔ زکام کا۔ (پر رطوبت)

rhinal ناک سے متعلق۔

rhino روپے کیلئے تحقیر کا لفظ۔ ہاتھ کا میل۔ پیسہ۔ نقدی۔ روکڑا۔ (روپیہ پیسہ)

rhinoceros گینڈا۔ کرگدن۔

rhododendron ایک قسم کا پھول۔ خرزہرہ۔

rhombic معین کی شکل کا۔ (معین)

rhomboid شبیہ بہ معین۔

rhomboidal شبیہ بہ معین کی صورت کا۔

rhubarb ریوند چینی۔

rhumatism وجع مفاصل۔ بائی۔ گٹھیا۔ گٹھیا باؤ۔ چنک بائی۔ (جوڑوں کا درد)

rhumb دائرہ سمت نما۔

rhymeless بے قافیہ۔ بے تکی۔ (غیر مقفی)

rhymer, rhymist, rhymester تک جوڑنے والا۔ شاعر بچہ۔ قافیہ گو۔ بھاٹ۔ تک باز۔ (قافیہ داں۔ قافیہ پیا)

rhythm وزن۔ تال۔ ٹھیکا۔ روانی۔ موزونی۔ (تواتر۔ توازن۔ ترنم۔ بحر۔ لے)

rhythmical تال دار۔ لے دار۔ موزوں۔ مسجع۔ (رواں۔ متناسب)

rhythmist موزوں طبع۔ تناسب پسند۔

riant تبسم کناں۔ متبسم۔ شگفتہ۔

ribald پاجی۔ کمینہ۔ لچا۔ آوارہ۔ شہدا۔ (بے ادب۔ فحش بکنے والا۔ پھکڑ)

ribaldry پھکڑ۔ مغلظات۔ فحش۔ گالی گلوج۔ شہدپن۔ لچ پنا۔ (بے ادبی)

ribroast پیٹنا۔ چکنا چور کرنا۔ ٹھوکنا۔ لٹھیانا۔ دھونسا۔ بجوڑنا۔

rice چاول۔ برنج۔ تنڈل۔ شالی۔ دھان۔

riches زر۔ مال و متاع۔ دولت۔ دھن۔ سمپت۔ مایا۔ (تمول۔ دولتمندی۔ امارت۔ امیری)

richly با دولت و غنا۔ مالا مال۔ از بس۔ بکثرت۔ بہت۔ بہتات سے۔ خوب۔ بہ واجبی۔ واقعی۔ (اچھی طرح۔ پورے طور سے)

rick ڈھیر۔ تودہ۔ گنج۔ انبار۔ آٹالا۔

ricketiness چولیں ڈھیلی ہونا۔ کمزور ہونا۔

rickets بچوں کی ایک بیماری جس میں ان کا سر بڑا ہو جاتا ہے۔ اور کب نکل آتا ہے۔ (سوکھے کی بیماری۔ سوکھا)

ricksha)w(رکشا۔ ہلکی گاڑی۔

rid رہا کرنا۔ آزاد کرنا۔ خلاص کرنا۔ دور کرنا۔ چھڑا دینا۔

riddle چیستان کہنا۔ معما کھولنا۔ پہیلی بتانا۔

riddle مبہم طور پر بات کہنا۔ معمے میں کہنا۔

riddle ناج کو بھوسی سے جدا کرنے کی چھلنی۔ جھارا۔ چھلنا۔

riddler چیستان گو۔ معما گو۔

riddlingly معمے کے طور پر۔ ابہام سے۔ رمز سے۔ (مبہم)

ridgepole بلینڈا۔ ڈھنی۔ بلی۔ آڑی چوب۔

ridgil, ridgling نیم خصی یا نیم آختہ جانور۔

ridgy جس میں پہاڑی یا ٹیلا ہو۔

ridicluousousness بیہودگی۔ ہنسی۔ تضحیک۔ (مضحکہ انگیزی۔ نامعقولیت)

ridicule تضحیک کرنا۔ ہنسی کرنا۔ ٹھٹا اڑانا۔ ہنسنا۔

ridicule تضحیک۔ ہنسی۔ ٹھٹا۔ مضحکہ۔ تحقیر آمیز۔ مزاح۔

ridiculer تمسخر کرنے والا۔ ٹھٹھے باز۔ ہنسوڑ۔ ٹھٹھولیا۔

ridiculous قابل تضحیک۔ ناچیز۔ ہنسی کے لائق۔ بیہودہ۔ ہنسنے جوگ۔
(نامعقول۔ مہمل۔ مضحکہ انگیز)

ridiculously اس طور سے جس سے ہنسی آئے۔

riding سواری کا۔

riding سواری۔ گھوڑے کی سواری۔ گھوڑے کی سواری کی سڑک۔

ridinghabit بیبانہ سواری کی پوشاک۔

ridinghood سواری کے وقت کا برقع۔

ridingmaster سواری سکھانے والا۔

ridingschool فن شہسواری کا مدرسہ۔

ridotto ناچ۔ گانا۔ نچانا۔ رقص و سرود۔

rife عالم گیر۔ زور پر۔ غالب۔ پھیلی ہوئی۔ (عام۔ مروج)

rifely بکثرت۔ بزور۔

rifeness زیادتی۔غلبہ۔زور۔کثرت۔پھیلاؤ۔

rifle ایک قسم کی بندوق۔(رائفل۔ریفل)

rifleman رَفل بردار۔بندوقچی۔

rifler بزور لے جانے والا۔ڈاکو۔چور۔

riflerange ریفل کی زد یا مار۔چاند ماری کا میدان۔

rift چیرنا۔پھاڑنا۔پھوڑنا۔(شگاف ڈالنا)

rigadoon ایک قسم کا ناچ۔

rigescence سختی۔اینٹھ جانا۔اینٹھا ہوا ہونا۔

rigescent سخت۔اکڑا ہوا۔جو اینٹھ رہا ہو۔

rigging جہاز کا ساز سامان۔رسن پات۔اسباب۔جہاز کے پال، رسے وغیرہ۔

righten صحیح کرنا۔درست کرنا۔مرتب کرنا۔منظم کرنا۔

righteous متقی۔صالح۔راست شعار۔راست باز۔نیک۔خوب۔بھلا۔اچھا۔نیک کردار۔صوفی۔پاک۔منصف۔خدا ترس۔عادل۔منصف

مزاج۔دیانت دار۔

righteously نیک سے۔عادلانہ۔منصفانہ۔بواجبی۔انصافاً۔(راست بازی سے)

righteousness ایمانداری۔دیانتداری۔راست شعاری۔پارسائی۔تقویٰ۔راست بازی۔پاکی۔بھلائی۔نکوکاری۔سچائی۔صفائی۔

(اتقا۔نیک کرداری)

rightfully بواجبی ۔انصافاً۔قانوناً۔جوازاً۔حق سر۔(ازروئے حق)

rightfulness واجبیت۔منصفی۔راستی۔صداقت۔صلاحیت۔خداترسی۔ راست بازی۔(جواز)

rightist دائیں بازو کا۔

rigidity, rigidness کڑاپن۔ ناملائمت۔ سختی۔ درشتی۔ کرختگی ۔ بشدت۔ کٹھورپن۔(کٹرپن۔سخت گیری)

rigidly کڑے پن سے۔ناملائمت سے۔بہ سختی۔بہ شدت

riglet پٹری۔تختی۔

rigmarole چٹکلی ۔ہرزہ گوئی۔(بکواس)

rigorously بہ سختی۔کڑے پن سے۔

rigorousness کرختگی۔درشتی۔سختی۔کڑاپن۔

rile غصہ دلانا۔چھیڑ کر خفا کرنا۔

rill آب ریز۔کول۔نالی۔نہر۔سوتا۔نالا۔(ندی۔چشمہ)

rill رسنا۔جھرنا۔بہنا۔

rilvalry ہم سری۔برابری۔ہم چشمی۔رقابت۔مقابلہ۔حریفی۔لاگ ڈانٹ۔سوتیاپن۔ریس۔

rim باڑ۔کور۔کنارہ۔لب۔گگر۔(رم۔حلقہ)

rime پالا۔برف۔

rimple جھری۔چین۔شکن۔چرس۔

rimple شکن،چرس یا چین ڈالنا۔

rimy پالے یا برف سے بھرا ہوا۔(ابرآلود۔کہرآلود)

rind چھلکا۔چھال۔بکل۔پوست۔(قشر)

rind مقشر کرنا۔ چھیلنا۔ چھلکا اتارنا۔

ringleader سرگروہ۔ بانی فساد۔ سرغنہ۔ مفسدوں یا باغیوں کا سرگروہ۔

ringdove قمری۔ فاختہ۔ پنڈک۔

ringfinger کن انگلی کے پاس کی انگلی جس میں چھلا پہنتے ہیں۔ پوجا انگلی۔ (بنصر)

ringlet بالوں کے چھلے یا حلقے۔ گھنگری۔ لٹ۔ کاکل۔

ringmaster سرکس کے تماشے کا منتظم۔

ringstreaked گول دھاری والا۔

ringup ٹیلیفون پر بلانا۔ باتیں کرنا۔

ringworm داد۔ بھنیا داد۔ (داد کی بیماری)

rinse دھونا۔ پکھالنا۔ کھنگالنا۔ دھوئی ہوئی چیز کو پھر پانی میں ڈال کر صاف کرنا۔

riotously دنگے بازی سے۔ فتنہ انگیزی سے۔ مفسدانہ۔ (دھوم دھام سے عیاشی میں۔ بدمستی میں)

riotousness سرکشی۔ (فتنہ انگیزی۔ دنگا فساد۔ بدمستی۔ دھوم دھام)

ripen پکنا۔ پختہ کرنا۔

ripeness بلوغ۔ رسیدگی۔ پختگی۔ کمال۔ پکاپن۔ (پختہ کاری)

riposte جوابی وار۔ ترکی بہ ترکی جواب۔ ردحملہ۔

ripple صاف کرنا۔ خالی کرنا۔

ripple ناہموار سطح پر بہنے پانی کا آواز کرنا۔

risibility, risibleness ہنسنے کی قوت۔ ہنسنے کی خاصیت۔

risible ہنسنے کی خاصیت رکھنیوالا۔خندہ آور۔ہنسی کا۔

risk جوکھوں اٹھانا۔

risk خطرہ

risker جوکھوں اٹھانے والا۔خطرے میں پڑنے والا۔

riskful اندیشناک۔خطرناک۔ضرردار۔پرخطر۔

risky پرخطر۔جوکھم کا۔بدنما۔ناموزوں۔

rite رسم۔ریت۔آئین۔دین۔طریق۔دستور۔(شعار)

ritual رسمیات کے متعلق۔رسمی۔

ritualism رسوم پرستی۔ظاہر پرستی۔

ritualist رسمیات کا ماہر۔ریت جاننے والا۔شاستری۔فقیہ۔(رسم پرست۔ظاہر پرست)

ritualize مذہبی رسم بنا دینا۔مذہبی رسوم کی پابندی کرنا۔

ritually ریت سے۔رسم کے طور پر۔

rival رقیب۔ہم سر۔ہم چشم۔ہم پیشہ۔سوت۔حریف۔دشمن۔عدو۔لاگ ڈانٹ والا۔لاگ دار۔(مدمقابل)

rive مسکانا۔چیرنا۔پھاڑنا۔چھوڑنا۔توڑنا۔

rive مسکنا۔چھوٹنا۔پھٹنا۔ٹوٹنا۔

rivel جھری یا شکن ڈالنا۔

river دریا۔ندی۔سرتا۔رود۔جو۔(دھارا)

riverain, riverine دریائی۔ساحلی۔

riverdragon مگر۔گھڑیال۔نہنگ۔

riveret چھوٹی ندی۔

rivergod ندی کا دیوتا۔ورونا۔خواجہ خضر۔

riverhorse دریائی گھوڑا۔اسپ دریائی۔

rivet میخ۔کھونٹی۔کیل۔کھونٹا۔(ریٹ)

rivulet چھوٹی ندی۔نالا۔آب جو۔

road سڑک۔راہ۔شارع عام۔(شاہراہ)

roadstead ساحل سے کچھ فاصلے پر۔جہاز کے لنگر چڑھانے کی جگہ۔
لنگر باڑی۔

roadster لنگر انداز جہاز۔سڑکوں پر چلنے کی سواری۔تجربہ کار مسافر۔

roadway راستہ۔شاہراہ۔(سڑک کا درمیانی حصہ)

roam بھٹکتے پھرنا۔رمنا۔آوارہ پھرنا۔مارے پھرنے۔ڈولنا۔
(گشت لگانا۔گھومنا۔سیر کرنا)

roam,roaming خانہ بدوشی۔سیر۔سیاحت۔آوارگی۔

roan چتی دار۔سبزہ۔کترا۔(چتکبرا۔ابلق)

roar دھاڑ۔چنگھاڑ۔گونج۔گرج۔چیخ۔

roary شبنم کا۔

roast کباب۔بھنی ہوئی چیز۔ہولا۔ہنسی۔دل لگی۔

roaster بھوننے والا۔بھاڑ۔تنور۔چولھا جس میں بھونتے ہیں۔

robber وزد۔قزاق۔بٹ مار۔راہزن۔چور۔ڈاکو۔قطاع
الطریق۔(لٹیرا)

robbery چوری۔ڈاکہ۔ڈکیتی۔وزدی۔قزاقی۔رہزنی۔سرقہ۔لوٹ
مار۔بٹ ماری۔

robe جامہ۔قبا۔پوشاک۔لباس۔پیراہن۔باگا۔(چغہ۔عبا)

robe لباس،پوشاک یاخلعت پہننا۔

robin ایک قسم کی سنہرے سینے والی چڑیا۔(لال چڑی)

robingoodfellow بھوت۔پریت۔ایک پری۔

roborant مقوی۔قوت بخش۔

robustious بھڑبھڑیا۔نمودیا۔

robustness شہزوری۔زورآوری۔زبردستی۔مضبوطی۔

rocambole ایک قسم کالہسن۔(پہاڑی لہسن)

rock ہلانا۔

rock ہلنا۔ڈولنا۔ہلنا جھلنا

rockbed چٹان کی تہہ۔سنگین بنیاد۔

rockdoe پہاڑی ہرن۔

rockenglish جبرالٹر کی مخلوط زبان۔

rockiness پتھریلاپن۔(سختی۔مضبوطی۔استحکام)

rockingchair جھولاکرسی۔

rocklike چٹان جیسا۔چٹان کی مانند۔

rockpigeon جنگلی کبوتر۔

rocksalt لاہوری نمک۔سیندھا نمک۔پہاڑی نمک

rodentia چبانے والے جانور۔(کترنے والے جانور۔جوندگان)

rodomontade لاف زنی کرنا۔شیخی بگھارنا۔ڈینگ مارنا۔

rodomontade لاف زنی۔شیخی۔مبالغہ۔بڑبولی۔ڈینگ۔

rodomontader, rodomontadist شیخی باز۔لاف زن۔خودفروش۔ڈینگیا۔

roe انڈا۔بیضہ۔

roebuck ایک قسم کا ہرن۔

rogation التماس۔استدعا۔مناجات۔پراتھنا۔

roguery, roguishness رندی۔ بدمعاشی۔شرارت۔ آوارگی۔ بدذاتی۔شر۔ دغابازی۔ٹھٹے بازی۔مسخرگی۔

roguishly بدمستی سے۔آوارگی سے۔بدذاتی سے۔راندانہ۔

roister کلہ درازی کرنا۔غل مچانا۔(رنگ رلیاں منانا۔اودھم مچانا)

roister,roisterer لاف زن۔ کلہ دراز۔ خودفروش۔ شیخی باز۔ بھڑبھڑیا۔ (خرمستیاں کرنے والا)

role ایکٹر کا پارٹ۔فرض۔کام۔کار منصبی۔رول۔

rollick رنگ رلیاں کرنا۔عیش منانا۔دھماچوکڑی مچانا۔خرمستی۔دھما چوکڑی

rollingstock ریلوے کا گاڑیوں،انجنوں کا ذخیرہ

rollingpin روٹی بیلنے کا بیلن۔

rollingpress دو بیلنوں کی کل۔

rolypoly ایک کھیل۔

romage بڑبڑی۔گھبراہٹ۔

romanalphabet رومن حروف تہجی۔

romancatholic رومن کیتھولک۔رومی کلیسا کا۔کیتھولک مذہب کا پیرو۔

romance داستان کہنا۔قصہ گھڑنا۔بندش باندھنا۔

romanceless تخیل سے خالی۔کورذوق۔

romancer قصہ گو۔افسانہ نگار۔

romanism روم کے پادری کی پیروی۔

romanist رومن کیتھولک مذہب والا۔

romanize رومن کیتھولک مذہب پر چلنا۔

romantically بے سروپا۔واہی تباہی۔

romanticism رومانی طرز انشا۔رومانیت۔

romanticist رومانی طرز کا انشا پرداز۔

romepenny, گھر گرجو انگلستانی قوم کے پادریوں کو دیتے تھے۔

romescot

romish رومیوں کے طرز یا مذہب کا۔

romp اچھلنا کودنا۔شور غل مچانا۔

romper بچوں کی اوپری پوشاک۔

rompish کدکڑ۔اچھل کود کرنے والا۔ہڑدنگی۔(چنچل)

rondeau ایک نظم جس میں آٹھ مصرے ایک قافیے کے ہوں اور پانچ مصرے دوسرے قافیے کے۔

rondure حلقہ۔دائرہ۔گول چیز۔

roodloft گرجا کا دالان جس میں صلیب وغیرہ نمائش کے لئے لٹکاتے ہیں۔

roof چھت ڈالنا۔چھانا۔پاٹنا۔

rooky کوّوں سے بسا ہوا۔

roominess وسعت۔ فراخی۔ کشادگی۔ پھیلاؤ۔ بستار۔ (گنجائش)۔
پھیلاؤ۔ بستار۔

roomy لمبا۔ چوڑا۔ وسیع۔ کشادہ۔ (فراخ)

rooster مرغا۔

rootage جڑیں۔

rootbound جڑ سے گڑا ہوا۔ مضبوط۔

rootbuilt جڑوں کا بنا ہوا۔

rootedly مضبوطی سے۔ گہرا۔ استوار۔ تہ دل سے۔ (استحکام سے)

rooter کھونے والا۔ اکھاڑ ڈالنے والا۔

roothouse جڑوں کا بنا ہوا گھر۔

rooty جڑ دار۔ جڑیلا۔

rope رسی سے کھینچنا۔

rope قوام کا تار بندھنا۔ لس پکڑنا۔ پکنا۔ تار اٹھنا۔

ropedancer نٹ۔ رسن ساز۔ بازیگر۔

ropedancing نٹ بازی۔ بازیگری

ropeladder رسی کی سیڑھی۔ کمند۔

ropemaker رسی بٹنے والا۔ رسن ساز۔ بان بٹا۔

ropery رسی بٹنے کی جگہ۔

ropiness چیپ۔ لسلساہٹ۔

roping رسی بٹنا۔ رسی بنانا۔

ropy لس دار۔ چیپ چپا۔ لس لسا۔

roquelaure لبادہ۔ فرغل۔ قبا۔ (مردانہ جبہ)

roseal مثل گل۔

rosed گلابی۔سرخ۔لال۔قرمزی۔

rosemary ایک قسم کی نباتات۔خوشبودار جھاڑی۔

rosenoble ایک قسم کا پرانا سکہ

roseola خسرہ۔

rosewater عرق گلاب۔

rosin رال یا دھونا ملنا۔

rosin رال۔دھونا۔دھوپ۔

rosinese سرخی۔گلفامی۔گلاب کی خاصیت۔

rosiny رال سا۔دھونا سا۔

rossel نرم زمین۔پولی دھرتی۔

roster نقشہ۔فرد۔نقشہ اوقات۔

rostral جہاز کے منہ کی طرح۔جہاز کے آگے یا سرے کی مانند۔

r o s t r a t e , rostrated چونچ دار۔منقاردار۔

rosy گلفام۔گلگوں۔گلابی۔مثل گل۔گل رنگ۔گل بو۔

rot سڑانا۔گلانا۔بوسیدہ کرنا۔

rot گلنا۔سڑنا۔پانس یا کھات ہونا۔

rotate ایک محور کے گھومنا۔گردش کرنا۔سپاہیوں کی باری مقرر کرنا۔ باری باری کرنا یا ہونا۔

rotator گھمانے والا۔

rotatory گھومنے والا۔محوری۔گردش کرنے والا۔

rotten سڑا۔ متعفن۔ بوسیدہ۔ مردار۔ خراب۔ عیب دار۔ کم زور۔ غیر معتبر۔ فاسد۔

rottenness گندگی۔ بوسیدگی۔ سڑاند۔ ابتری۔ نکما پن۔

rotter نکما۔ ناکارہ۔ نالائق۔ نامعقول آدمی۔

rotunda, rotundo گول گھر۔ گول مکان۔ گول عمارت۔

rotundity, rotundness گولائی۔ کرویت۔

roue عیاش۔ تماش بین۔ رند۔

rouge سرخ رنگ سے رنگنا یا پوتنا۔ گلگونہ۔

roughdraw نقشہ بنانا۔ خاکہ اڑانا۔

roughen کھردرا ہونا یا کرنا۔ روکھا کرنا یا ہونا۔ ناہموار کرنا۔ بدمزاج ہونا یا کرنا۔

roughhew موٹا جھوٹا تراشنا۔ چھیل چھال کرنا۔ جیسا تیسا گھڑ لینا۔

roughhewn ناہموار۔ ناصاف۔ ناتراشیدہ۔

roughly کھردرا۔ بے طور پر۔ ناہمواری، بدخلقی، درشتی یا بدمزاجی سے۔ تخمیناً۔

roughrice دھان۔

roughtongue بدتمیزی۔ بدزبانی۔

roughwork موٹا کام کرنا۔

rouleau چھوٹا پلندا۔ چھوٹا چونگا۔

round table conference گول میز کانفرنس۔

roundabout کھیلنے کا ایک بڑا ہوا پہیا۔ (چکر)

roundel, roundelay seerondeau ایک قسم کا گیت۔ سرود۔ غزل۔

roundhead عیسائی دینداروں کا ایک فرقہ۔

roundheaded گول سر والا۔

roundhouse وہ کوٹھڑی جس میں رات کے پکڑے ہوئے چوروں کو چوکیدار قید رکھے۔

roundish مدور۔ گول سا۔ (گول گول)

roundlet چھوٹا دائرہ یا حلقہ۔

roup نیلام کرنا۔

rouse اٹھنا۔ جاگنا۔ ہوشیار ہونا۔

rouse مے نوشی کی کثرت۔ میخوری۔

rouser جگانے، اٹھانے یا اکسانے والا۔

rout شکست دینا۔ ہرانا۔ پریشان تتر بتر کرنا۔

rout شکست۔ ہار۔ پریشانی۔ افراتفری۔ (ہزیمت)

route راہ۔ راستہ۔ طریقہ۔ باٹ۔ مارگ۔ سفر۔ دورہ۔ کوچ۔

rove بھٹکتے پھرنا۔ گھومنا۔ پھرنا۔ گشت کرنا۔ سیر کرنا۔ ہرزہ گردی کرنا۔ (چکر لگانا)

roving بتی۔ پونی۔

rovingly سیر کے طور پر۔بطور۔گل گشت۔پھرتے ہوئے گھومتے ہوئے۔

row ڈانڑ لگانا یا چلانا۔ناؤ کھینا۔کشتی چلانا۔(چپو چلانا)

row ہنگامہ۔شور شرابہ۔خرخشہ۔

rowdy جھگڑالو۔دنگئی۔فسادی۔شوروغل کرنے والا۔

rower کھویا۔مانجھی۔کھینے والا۔

rowland بدلہ۔عوض۔جواب۔

royalism بادشاہ کی طرف داری۔شاہ پسندی۔شاہ پرستی۔

royalist شاہ پرست۔شاہی کا حامی۔

royally شاہانہ۔شاہی طور پر۔خسروانہ۔

rubbish ملبہ۔کوڑا کرکٹ۔چھیلن۔چھانٹن۔خس و خشاک۔خار و خس۔(گندگی۔ردی)

rubicund سرخی مائل۔

rubific سرخ کرنے والا۔

rubification لال کر دینا۔سرخ کر دینا۔

rubiform لال رنگ۔سرخ رنگ۔

rubify لال کرنا۔سرخ کرنا

rubric قدیم قانون یا نماز کی کتابوں کا نام،جس لئے کہ وہ سرخی سے لکھی جاتی تھیں۔

rubricate سرخی سے نشان کرنا۔

rubricate, rubricated سرخی سے نشان کیا ہوا۔

ruby سرخ لال۔

ruck بیٹھنا۔آلتی پالتی مار کے بیٹھنا۔

ruck تہ کرنا۔لپیٹنا۔چنتا۔چین ڈالنا

ructation ڈکار۔آروغ۔

ruddiness سرخی۔لالی۔حمرت۔ارنتا۔

ruddle سرخ نشان ڈالنا۔

ruddle لال مٹی۔ہرمزی۔گیرو

ruddleman سرخ مٹی کھودنے والا۔

rudely بے ادبانہ۔سختی سے۔گستاخی سے۔بداخلاقی سے۔بدسلیقگی سے۔اجڈ پنے سے۔(بھونڈے طریقے سے۔بے ہودگی سے)

rudeness گستاخی۔شوخی۔ڈھٹائی۔بے مروتی۔ بے لحاظی۔گنوار پن۔اکھڑ پن۔اجڈ پن۔اناڑی پن۔جہالت۔بداخلاقی۔تندی۔سختی

ناہمواری۔بھنڈا پن۔

بیہودگی۔بدتمیزی۔

rudimental, rudimentary متضمن مبادیات۔ابتدائی۔اصولی۔

rue اسپند۔کالادانہ۔سداب۔حرمل۔

rue پچھتنا۔رونا۔جھیکنا۔افسوس کرنا۔پیٹنا۔ہاتھ ملنا۔

rueful تاسف آمیز۔غم آلود۔رنج آور۔غمگین۔ملول ملال انگیز۔

ruefully اداسی سے۔غمگینی۔سے۔

ruefulness غمگینی۔اداسی

ruffian بدذات۔ ہلاکو۔خونی۔ٹھگ۔ دغا باز۔حرامزادہ۔جلاد۔
ملعون۔(بدمعاش۔شہدا۔غنڈا)

ruffler شیخی باز۔جھگڑالو۔اکڑباز۔

ruggedly کھردرے پن سے۔ناہموار ی سے۔کرختگی سے۔

ruggedness کھردراپن۔ناہمواری۔درشتی۔کرختگی۔(سختی۔اکھڑپن)

rugine جرح کاسوہن۔(ریتی)

ruin تباہ، برباد، مسمار، پامال، ناس یا خراب کرنا۔بگاڑنا۔شکستہ
حال کرنا۔(اجاڑنا۔ویران کرنا)

ruinously بربادی سے۔تباہی سے۔بہ خرابی۔(تباہ کن طریقے سے)

ruinousness بربادی۔تباہی۔زوال۔(ویرانی)

rulership حکمرانی۔فرمانروائی۔

ruling غالب۔حکومت کرنے والا۔حکمران۔

rum ایک قسم کی گڑ کی شراب۔

rum گنواری۔قدیم الوضع۔پرانی چال کا۔انوکھا۔نرالا۔

rumble گڑگڑانا۔بولنا۔گڑبڑ کرنا۔گڑگڑ کرنا۔گرجنا۔

ruminant جگالی یا پاگر کرنے والا۔

ruminator سوچ، بچار یا غور کرنے والا۔

rummage خوب تلاش کرنا۔ڈھونڈنا۔چھان مارنا۔ٹوہ ناہ کرنا۔

rummage ڈھونڈ۔تلاش۔کھوج۔ٹوہ ناہ۔

rummy عجیب۔انوکھا۔نرالا۔

rumour افواہ پھیلانا۔خبر اڑانا۔مشہور کرنا۔

rumple چین۔جھری۔شکن۔سلوٹ۔

rumple موسنا۔جھری۔یا شکن ڈالنا۔(سلوٹ ڈالنا)

rumpless بے دم کا۔بے پونچھ کا۔

rumpus گڑبڑ۔شور غل۔ہنگامہ۔جھگڑا۔

runagate آوارہ گرد۔نکما آدمی۔گمراہ۔

runaway بھگوڑا۔فراری۔(مفرور)

runcinate داندانہ دار۔آڑانما۔

rundle زینہ۔پایہ۔سیڑھی کا ڈانڈا۔

rundlet, runlet ایک چھوٹا پیانہ۔

rune قوم گوتھ وغیرہ لوگوں کے حروف۔

runic قوم گوتھ کے حروف تہجی کے متعلق۔

runnel نالا۔چھوٹی سی نہر۔موری۔نالی۔

runnet rennetsee

runway رن وے۔ہوائی جہاز دوڑنے کا راستہ۔

ruption پھٹن۔ٹوٹن۔

rupture توڑنا۔پھوڑنا۔تڑکنا۔شق ہونا۔ٹوٹنا۔علیحدہ کرنا یا ہونا۔

rurally دیہاتی طور پر۔زرعی حیثیت سے۔

ruse فریب۔حکمت عملی۔چالاکی۔حیلہ۔فطرت۔دھوکہ۔چکمہ۔

rush جھپٹ۔دوڑ۔ریلا۔جھوکا۔ہلہ۔ٹھیلم ٹھیلا۔ہجوم۔
اژدہام۔بھیڑ۔رش۔جمگھٹا۔انبوہ۔

rushcandel ناگرموتھے اور چربی کی بتی۔

rushlike ناگرموتھے کی مانند۔ناتواں۔نامرد۔سینٹھے کا سا۔

rushy ناگرموتھے سے بھرا ہوا یا بنایا ہوا۔ جہاں سینٹھے کثرت سے ہوں۔

rusk ایک قسم کی ٹکیا۔ ہلکی روٹی۔ کلچہ۔ بڑا بسکٹ۔ رس۔

russet ایک قسم کا سیب۔ سیب حنائی۔

rustic گنوار۔ جٹ۔ دہقان۔ دیہاتی۔

rustically دہقانی کے طور پر۔ گنوار پن سے۔

rusticate دیہات میں رہنا۔

rusticate شہر یا مدرسے سے نکال کر گاؤں بھیج دینا۔ مدرسے سے کچھ عرصے کے لئے نکال دینا۔ عارضی اخراج کرنا۔

rusticity گنوار پن۔ ناتراشیدگی۔ دہقانیت۔ سادگی۔ بھولا پن۔ بھدا پن۔

rustily زنگ آلود حالت میں۔ جر لگا ہوا۔

rustiness زنگ آلودگی۔ زنگ خوردگی۔ پژمردگی۔ سستی۔ کاہلی۔ ناطاقتی۔ کمزوری۔

rustle جھڑجھڑانا۔ کھڑکھڑانا۔ سرسرانا۔

rustle سرسراہٹ۔ پھڑپھڑاہٹ۔ کھڑکھڑاہٹ۔

rut ہرنی کا اٹھنا، گرمانا یا مستانا۔

ruth رحم۔ ترس۔ درد۔

ruthless بے رحم۔ نردئی۔ سنگ دل۔ بے ترس۔ بے درد۔

ruthlessly بے رحمی یا بے دردی سے۔

ruthlessness بیدردی۔ بے رحمی۔ سنگ دلی۔ نردئی پن۔ کٹھور پن۔

ruttish مست۔ رتاہا۔ شہوتی۔ گرم۔

ryot رعیت۔کاشتکار۔دہقان۔

sey ٹانگوں کوجدار کھنے کے لئے جولاہے کاایک اوزار۔

sabaism صابیت۔ستارہ پرستی

sabaoth لشکر۔افواج۔عسکر

sabbatarian آرام اور عبادت کے دن کا ماننے والا

سبت پرست،سبتی

sabbathless بے آرام لاسبتی

sabbatic, sabbatical روزآرام اور عبادت کے متعلق

یا اس کی مانند۔

(سبتی۔ سبت سے

متعلق)

sabbatize سبتانا۔سبت منانا۔آرام کرناتعطیل منانا

sabbatrianism یوم السوت ماننے والوں کے عقائد

سبت پرستی، پابندی

سبت

sabine ایک قسم کی نباتات

sable سیاہ،کالا،(تاریک)

sabot کھڑاؤں

sabotage سبوتاژ،تخریب کاری،توڑپھوڑ،شرارت انگیزی

sabre تلوار چلانا۔قتل کرنا۔(تہ تیغ کرنا)

sabre تیغ،شمشیر،تلوار

sabre سیف

sabretache توس دان۔چرمی کیسہ

sabulous ریگستانی، ریگی

sac تھیلی،صرہ، کیسہ

saccharin جوہرشکری۔معدنی شکر۔سیکرین۔

saccharine مثل شکر۔شیریں۔میٹھا۔(شکردار۔شکرصفت۔شکرنما۔ قندی)

sacerdotal مرشدانہ۔پیروں کا۔پروہتائی۔شیخانہ۔پاک۔متبرک۔پوتر

sachel, see satchel بورا۔کیسہ

sackrace بوری دوڑ۔تھیلادوڑ

sackbut تنبور۔ترئی۔الغوزا

sackcloth ماتمی کپڑا۔دلق۔ٹاٹ

sackful تھیلی بھر۔بورے کی مقدار(بوری بھر)

sackposset انگوری شراب اور دودھ وغیرہ کا شربت

sacrament حضرت عیسٰی کی وفات کی یادگاری کا توشہ۔تبرک۔مہاپرساد۔قسم۔حلف۔اصطباغ۔ (عہدو پیان۔عشائے ربانی)

sacramental اصطباغی۔مذہبی۔عقیدہ کے متعلق

sacramentally دینی آئین یا حکم کی رو سے

sacramentarian جو شخص اصطباغ وغیرہ دینی امور میں روم کے عیسائیوں کے طریق پر چلتا ہے۔(منکر حضوری)

sacramentary اصطباغ وغیرہ مذہبی آئین کی کتاب

sacrarium خانہ،مندر،خانہ مسجد

sacredly تبرکاً۔ دینداری سے۔ بحفظ۔ بہ تعظیم۔ بتاکید (بہ تعظیم و تکریم)

sacredness قدس۔پاکی۔پوترتا۔(طہارت۔پاکیزگی)

sacrific, sacrifical قربانی کے استعمال کا

sacrificial قربانی سے متعلق۔(صدقہ وتصدیق کی نسبت۔ذبیحی)

sacrilege دینی اور متبرک چیز کی بے قدری۔ مذہبی بے ادبی۔کفن چوری۔(بے حرمتی۔بے ادبی)

sacrilegious متبرک چیزوں کی بے ادبی کرنے والا۔ بے ادبی کا (بے دین۔گستاخ۔بے ادب)

sacrilegiously رندانہ۔بے ادبانہ۔(گستاخانہ)

sacrist, sacristan گرجے کے اسباب کا داروغہ یا نگہبان۔(گورگن)

sacristy گرجا کے اسباب رکھنے کا مکان

sadden دلگیر کرنا یا ہونا۔غمگین کرنا یا ہونا۔اداس کرنا۔(آزردہ کرنا یا ہونا)

saddle کاٹھی۔زین (گدی)

saddlebacked زین پشت۔گہری پیٹھ کا۔گردن دراز (کوہانی)

saddlebag خُرجی

saddlebow کاٹھی کا آ گا۔(زین کا اگلا حصہ)

saddlecloth عرق گیر۔میل خورا۔زین کے نیچے کا کپڑا۔غاشیہ۔زین پوش

saddlegirth تنگ

saddlehorse سواری کا گھوڑا۔زین سواری کا گھوڑا

saddler, saddlemaker زین ساز۔موچی(زین گر۔سراج)

saddlery زین سازی۔(سازی گری۔سراجی)

saddletree کاٹھی(زین کا سانچہ)

sadducee یہودیوں کا ایک فرقہ۔حشر اور فرشتوں کی خلقت سے منکر۔(صدوقی)

sadism جنسی کجروی۔سادیت۔لذت جلادی۔

sadist جنسی کجرو۔سادی

sadly دلگیری سے۔ملال سے۔اداسی سے۔بری طرح سے۔غمگینی سے(رنجیدگی سے)

sadness غمگینی۔اداسی۔دلگیری۔ملال۔غمناکی۔دل تنگی۔ملامت۔(رنجیدگی۔حزن)

saecotic گوشت بڑھانے والی دوا۔گھاؤ بھرنے یا انگور باندھنے والی دوا۔(لحم آور)

safedeposit سیف ڈیپازٹ،محفوظ امانت

safeconduct بدرقہ۔راہ کا چوکی پہرا۔رہاداری کا پروانہ۔روانا

safecustody حراست۔حوالات۔حفاظت

safekeeping محافظت۔حفظ۔حفاظت میں ہونا

safetybelt حفاظتی پیٹی

safetylamp چراغ محفوظ۔محفوظ یا بند لالٹین

safetymatch محفوظ دیا سلائی

safetypin محفوظ پن یا بکسوا

safetyrazor محفوظ استرا۔سیفٹی

safflower کسنب (زعفران کاذب)

saffron زعفران۔کیسر

saffron, saffrony زعفرانی،کیسریا

sag جھکاؤ۔خمیدگی۔خم۔اتار۔کمی

sag جھکنا۔مائل ہونا۔خم کھانا

sagacious تیز فہم۔زود فہم۔ذہین۔دانا۔زیرک۔ذکی۔سیانا۔چتر۔عقلمند۔(دانشمند)

sagaciously چترائی سے،تیز فہمی سے۔(دانشمندانہ۔ہوشمندانہ)

sagacity, sagaciousness تیز فہمی۔زود فہمی۔زیرکی۔چترائی۔سیان پن۔فراست۔دانشمندی۔(ذکاوت۔ہوشیاری۔سمجھ)

sagamore امریکہ کی ایک قدیم قوم کا سردار

sagapen, sagapenum سکبینج۔کندل ایک دوا کا نام

sagathy ایک قسم کا اونی کپڑا،

sagely مدبرانہ۔عقلمندی سے دانشمندی سے۔سنجیدگی۔چترائی

sageness دانائی۔عقل مندی۔دانش مندی۔سنجیدگی۔چترائی

sagittal تیر کی مانند۔تیر کے متعلق

sagittarius برج کمان۔دھن۔قوس

sagittary, (myth.) ایک فرضی جانور آدھا گھوڑا آدھا آدمی تیر کمان لیے ہوئے

sago بعض درختوں کا گودہ، سا گودانہ، سابودانہ

said مسطور۔موصوف۔نام بردہ۔مذکورہ بالا۔مشار الیہ

sailarm پون چکی کا پنکھا

sailboat بادبانی کشتی

sailbroad بادبان کی طرح پھیلا ہوا

sailer جہاز

sailling جہازرانی۔دریا کا سفر

sailor جہازی ملاح۔خلاصی۔(کشتی بان۔جہازران)

sailyard پال کا ڈنڈا

saint ولی یا پیر قرار دینا یا ٹھیرانا

sainted متقی۔پارسا۔خداترس۔مقدس۔مہاسا

sainthly دین دار۔مقدس۔ولی صفت

saintsbell نماز کی گھنٹی جو چیچ میں بجتی ہے

saintseeming ولی صورت۔(ولی نما)

sake غرض۔مراد۔منشا۔مطلب۔نیت۔کارن۔ہیت۔خاطر۔واسطہ۔لحاظ۔رویت۔طرف۔اور

saker باز کی ایک قسم (شکرا)

sal نون۔نمک

salable, saleable بکاؤ۔بکنے کے لائق۔قابل فروخت

salacious مست۔ وشی۔ پرشہوت۔ آلنگی (شہوت انگیز۔شہوت پرست۔عیاش)

salaciousness, salacity شہوت۔مستی۔(شہوت پرستی)

salad ساگ کا اچار۔رائتہ۔کچالو(سلاد)

saladoil روغن زیتون

salamander آگ کا کیڑا۔سمندر

salamandrine آگ کا کیڑا سا

salaried تنخواہ یاب۔تنخواہ دار

salary تنخواہ۔طلب۔وظیفہ۔مشاہرہ۔ماہانہ۔سالانہ

sale بیع۔بکری۔فروخت(سیل)

salep لعاب مصری

sales بکری۔نیلام۔فروخت

salesman فروشندہ۔دست فروش۔بیچنے والا(سیلز مین)

salesmanship سیلزمینی۔مہارت فروخت

salework بازاروکام، چلتا کام

salic ملک فرانس کا آئین جس کی رو سے صرف مرد تخت نشین ہوسکتے ہیں

saliferous نمک دار

salify نمک بنا دینا

salination نمک کے پانی سے دھونا

saline کھاری۔نمکین۔شوردار

saliva لعاب۔رال تھوک

saliva,salivary رال کا۔تھوک کا۔جس سے تھوک نکلتا ہے(لعاب دار، لعابی)

salivate منہ لانا

salivation منہ آنا۔منہ سے رال کا بہت بہنا(لعاب خیزی۔کثرت لعاب)

salivous تھوک کا۔جو منہ کی رال سے تعلق رکھے

sallet خود۔مغفر

sallow بید مجنوں

sallow زرد۔سانولا۔تیرہ۔پھیکا

sallowness زردی۔پیلاپن۔پیلاہٹ

sally نکلنا۔باہر نکلنا۔خروج کرنا۔اٹھ دوڑنا۔جھپٹنا۔اندر سے نکل کر حملہ کرنا

sallyport قلعہ کا وہ راستہ جہاں سے فوج نکل کر غنیم پر حملہ کرے۔چور کھڑکی۔دریچہ

salmon ایک قسم کی مچھلی (سامن۔سلیمانی مچھلی)

saloon شہ نشین۔صدر دالان۔دیوان خانہ۔بیٹھک

saloop,salop ثعلب مصری۔ثعلب کا جوشاندہ

saltcellar نمک دان

saltern, saltpan, saltpit نمک بنانے کی جگہ۔لون ساز۔کھاری۔سر۔(نمک راز)

saltiness نمکینی۔تیکھاپن۔ملاحت

saltish سلونا،ململا۔کھاری کسی قدر نمکین (نمک آلود)

saltless الونا۔پھیکا۔بےنمک

saltmaker ملنگی۔نمک پز۔لونیا

saltpeter, saltpetre شورہ۔(جوکھار۔قلمی شورہ)

salts نمکیات

saltwater آب شور۔کھاری پانی

salty نمکین۔نمک آلود۔سلونا

salubrious فرح افزا۔صحت بخش۔خوشگوار۔موافق (فرحت بخش۔سازگار۔گوارا)

salubriousness, salubrity خوش گواری۔فرح افزائی۔صحت بخشی۔ (ساز گاری۔فرحت بخشی)

salutation, salute کورنش۔بندگی۔سلام۔سلام۔تسلیم۔پرنام۔ڈنڈوت۔جے گوپال جی کی۔جہار۔سلام علیک۔سلامی (آداب)

saluter مجرائی۔سلام کرنے والا

salutiferous صحت آور،شفا بخش۔(صحت بخش)

salvability نجات کا امکان

salvable جو بچایا جا سکے۔ممکن النجات۔قابل نجات۔نجات پذیر

salvage ڈوبتے مال کے بچانے کا انعام یا صلہ (بازیافت۔ مال رُستہ۔نجات جہاز۔بچاؤ)

salvatory بھنڈار۔بھنڈسال۔مخزن۔گنجینہ

salver طباق۔سینی۔خوانچہ۔پائیدار کشتی (طشتری)

salvor ڈوبے ہوئے مال کو نکالنے والا۔(جہاز یا آدمی)

sameness یکسانی۔مطابقت،سمتا۔مشابہت۔(یک رنگی)

samphire ایک قسم کی نباتات

sanative, sanatory صحت آور۔شفا بخش۔شافی (صحت بخش)

sanatorium دارالصحت۔سینے ٹوریم

sanctified مقدس۔پاک۔متبرک

sanctimonious ولی کی صورت کا۔رکھی بھیگ۔اولیا صورت۔پاک۔متبرک۔مقدس۔پوتر۔(مقدس نما۔از روی تقدس و زہد۔ریا کار۔ظاہر دار۔تقدس مآب)

sanctimoniously درویشانہ۔پیرانہ۔مقدسانہ۔(ظاہرداری سے۔ریاکاری سے)

sanctimony زہد۔تقویٰ۔پارسائی (تقدیس۔ریاکاری۔ظاہرداری)

sanction حکم۔آ گیا یا اجازت دینا۔منظور یا مقبول کرنا۔(تصدیق کرنا یا اختیار دینا۔لازم کرنا۔فرض یا عائد کرنا۔سزا یا جزا مقرر کرنا)

sanctitude پاکی۔تقدیس۔قدس۔پوتر تائی۔(تقدس۔بزرگی)

sanctity صفائی۔تقدیس۔قدس۔پوتر تائی۔بزرگی۔پاکی۔عظمت (حرمت۔تقدس)

sanctum حرم۔خلوت۔مقام مقدس۔حریم۔خلوت گاہ۔عبادت کدہ

sand ریت ڈالنا، بالوڈالنا۔(ریت ملانا)

sandal کھڑاؤں۔نعلین۔(سینڈل۔چپل)

sandal, sandar, sandalwood صندل۔چندن

sandblind دھندلا، چندھا

sandbox ریت دانی، خاک دانی، (ریگدان)

sanded ریتیلا، بالودار

sanderling ایک قسم کی چڑیا

sandglass ریت گھڑی

sandgrouse بھٹ تیتر

sandheat بالو کی گرمی

sandhill ریت کا ٹیلا (ریت کا تودہ)

sandiness ریتلا پن

sandish بالو کی مانند، ریت سا

sandpaper ریگ مال

sandstone بھربھرا پتھر

sandstrom ریت کا طوفان

sandwichsandy ڈبل روٹی کے دو پتلے توس جن کے بیچ میں گوشت، انڈے، مچھلی یا کسی اور چیز کے قتلے رکھ دیئے گئے ہوں،

سینڈوچ

sane صحیح العقل۔ صحیح الحواس۔ سلیم العقل۔ (زیرک۔ دانا۔ عاقل۔ معتدل۔ سمجھ دار۔)

sanely دانشمندانہ۔ عقل مندی سے

sanguiferous خون دوڑانے والا، خون کا سیلان کرنے والا

sanguification تولید خون۔ رکت کار۔ خون پیدا کرنا (خون کا بننا)

sanguifier مولد خون۔ خون پیدا کرنے والا

sanguify خون پیدا کرنا۔ خون بنانا

sanguinariness سفاکی۔ خونخواری۔ خونریزی۔ خون آشامی

sanguinely سرگرمی سے۔ بشوق۔ (پرامید طور سے)

sanhedrim یہودیوں کی بڑی پنچایت۔ (یہودیوں کی عدالت عالیہ)

sanies زرداب۔ پنچھا۔ گھاؤ کا پانی۔ (خونابہ)

sanify تندرست کرنا۔ اچھا کرنا۔ صفائی کا انتظام کرنا۔ صفائی کو ترقی دینا

sanious پنچھاہا۔ زردابی۔ پیابا۔ (خونابی)

sanitarian ماہر حفظان صحت۔ صفائی پسند۔

sanitarium وہ جگہ جہاں کی آب وہوا عمدہ و صحت بخش ہو (صحت گاہ)

sanitary متعلق حفظان صحت۔ تندرستی قائم رکھنے والا۔ (مفید صحت)

sanitation حفظ صحت۔ صفائی۔ علم اصول صحت۔ علم الصحت

sanity صحت عقل۔ صحیح الحواسی۔ (عقل سلیم)

sans بدون۔بغیر۔بجز (بے۔بلا۔بن)

sanssouci بےفکر۔(بے پرواہ)

santon ترکی درویش۔(خدارسیدہ)

sap سرنگ لگانے کی کھائی۔(نقب۔مورچہ۔خندق)

sap نقب لگانا یا سیندھ لگانا۔کونبھل کرنا

sap کھود کر ڈھا دینا۔سرنگ لگانا۔جڑ کھودنا۔گرانا۔(بیخ کنی
کرنا۔استیصال کرنا)

sapful رس دار۔(رس بھرا)

sapid لذیذ۔خوش ذائقہ۔مزیدار۔سوادکا۔(پرلطف۔خوشگوار۔
دل پذیر)

sapidity, sapidness مزیدار۔لذت۔ذائقہ۔سواد۔(مزہ)

sapience دانشمندی۔دانائی۔وقوف۔شعور۔عقل۔سمجھ۔بدھ۔
(حکمت)

sapient فہمیدہ۔دانا۔دانش مند۔واقف کار۔سمجھ دار۔بدھوان۔
(دانا۔لال بجھکڑ)

sapling پودا۔نہال۔نونہال۔بروا۔(نوخیز)

saponaceous صابن کی خاصیت کا(صابونی)

saponification صابن سازی

saponify صابن بنانا

sapor ذائقہ۔مزہ۔لذت۔سواد(حس ذائقہ)

sapper سرنگ لگانے والا(نقب زن)

sapphire نیلم۔صفیر۔یاقوت کبود۔اندر نیل

sapphirine نیلم کی طرح کا۔نیلم کا بنا ہوا۔(نیلمی)

sapphism چپٹی۔مساحقہ۔طبق زنی

sappiness رسیلا پن۔ لعاب داری۔ سیرابی۔ شادابی۔ تری۔ (تروتازگی۔رطوبت)

sapwood آسرا۔(رس چوب۔چوب خام)

saraband ملک ہسپانیہ کا ایک ناچ

saracen عرب لوگ۔مسلمان (اہل شرق۔اہل اسلام)

saracenic, saracenical عربی لوگ۔ اہل عرب کے متعلق۔ عرب کے طور کا(مشرقی۔اسلامی)

sarcasm بولی ٹھولی۔کنایہ۔رمز۔طنز۔طعن۔ہجو۔(استہزا)

sarcastic, sarcastical طعن آمیز۔ہجو آمیز۔طنزیہ۔(استہزائی۔تعریضی)

sarcastically ہجویہ۔طنزاً۔طعنے کے طور پر۔کنایتہً۔(تعریضاً)

sarcenet ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا۔سارسن لیٹ

sarcocol, sarcocolla انزرت۔کنجدہ۔(انزوت۔کنجیدہ)

sarcology تشریح گوشت۔(لحمیات)

sarcophagous گوشت خوار۔مانساہار

sarcophagus ایک قسم کا پتھر، جس سے یونانی تابوت بناتے تھے(سنگین تابوت)

sarcophagy گوشت خوار۔مانساہاری

sardel, sardine, sardius جواہرات کی ایک قسم (عقیق احمر)

sardine ایک چھوٹی سمندری مچھلی ۔ (سارڈین)

sardonic بناوٹ کا ۔ مکر کا ۔ (نقلی ۔ مصنوئی ۔ ساختہ ۔ بناوٹی)

sardonyx جواہرات کی ایک قسم ۔ (عقیق سلیمانی)

sargasso بحری گھاس پات ۔ سر گاسو

sarmentose شاخ دار ۔ کثیر الشاخ

sarsaprilla عشبہ ۔ (جوہر عشبہ ۔ سارسپر ریلا)

sartorial خیاطانہ ۔ خیاطی کے متعلق ۔ درزی کا ۔ سلائی کے متعلق ۔ مردانہ لباس اور پوشاک کے متعلق

sartorius وہ پٹھا جس سے آدمی ایک ٹانگ دوسری ٹانگ پر رکھ سکتا ہے

satain دارائی ۔ تافتہ ۔ اطلس ۔ (ساٹن)

satan ابلیس ، شیطان

satanic شیطانی ۔ (ابلیسی)

satanism شیطانیت ۔ شیطانی خصائل

satchel جزدان ۔ تھیلی ۔ بستہ

sate سیر کرنا ۔ آسودہ کرنا ۔ اگھانا ۔ چھکانا ۔ اپھرانا ۔ (رجھانا)

satiate satesee

satiate بھرپور ۔ سیر ۔ آسودہ ۔ اپھرا ہوا ۔ اگھایا ہوا ۔ پر ۔ (شکم سیر)

satiation, satiety سیری ۔ آسودگی ۔ اگھائی ۔ شکم پُری ۔ چھکائی

satiric, satirical طنزیہ ۔ ہجویہ ۔ مذمت آمیز ۔ (ہجوی)

satirically مذمتہً ۔طنزاً۔ہجویہ۔(تعریضاً)

satirist مذمت گو۔ہاجی۔ہجو گو۔نندک۔(ہجو نویس)

satirize مذمت۔ہجو یا نندا کرنا۔(طنز کرنا۔طعن کرنا۔طعنہ دینا)

satisfactorily خاطر خواہ۔حسب اطمینان (قابل اطمینان طور پر)

satisfactoriness حصول اطمینان۔(تسلی۔تسکین۔دلجمعی)

satisfied راضی مطمئن۔اطمینان ہوا۔نبرت سنتشٹے۔بھر پایا۔کافی سمجھا۔بیباق ہوا۔من مانا۔(قانع)

satisfier معاوضہ دینے والا۔ادا کرنے والا۔اطمینان دینے والا

satrap صوبے دار۔عامل۔ناظم۔(والی۔فرماندار)

satrapy صوبے دار۔نظامت۔صوبہ

saturable بھر جانے یا سیر ہو جانے کے قابل۔(سیر پذیر)

saturday سنیچر۔شنبہ۔ہفتہ۔سنی بار۔تھاور۔(سبت)

saturnalia روم والوں کا ایک تہوار جس میں ہر ایک کو آزادی ہوتی ہے۔ دلیہنڈی۔ہولی۔(جشن عیاشی۔ہنگام عیش وطرب)

saturnian کیوانی۔منسوب بہ زحل۔خوش۔ست جگی۔(سنیچری۔زحلی)

saturnist افسردہ دل شخص

satyriasis مردانہ فرط شہوت

satyric ساطیری

satyrion ایک قسم کی مہیج نباتات

saucebox گستاخ۔شوخ۔مرچ۔چنگی

saucepan دیگچی

saucer سکورا۔طشتری۔(پرچ۔رکابی)

saucily بیباکانہ۔گستاخانہ۔شوخی سے

sauciness بے ادبی۔گستاخی۔شوخی۔ڈھٹائی۔شوخ چشمی۔(بیباکی)

saunter بادہوائی پھرنا۔ہرزہ گردی کرنا۔آوارہ پھرنا۔خاک چھانتا یا چھانتے پھرنا۔ڈانواڈول ہونا۔(مٹرگشت کرنا)

saunter ہرزہ گردی۔بیہودہ پھرنا۔آوارہ گردی۔

saunterer ہرزہ گرد۔آوارہ پھرنے والا

sausage لنگوچہ۔گلمہ۔جانور کی آنت مصالحہ دار۔گوشت سے بھری ہوئی

savable بچائے جانے کے لائق۔حفاظت کے قابل

savage وحشی۔بن مانس۔جنگلی آدمی۔بے رحم آدمی۔(غیر مہذب۔غیر متمدن)

savagely بے رحمی سے۔خونخواری سے۔سنگ دلی سے۔زدوئی پن سے۔(وحشیانہ۔جابرانہ۔سفاکانہ۔جنگلی پن سے)

savageness نا اہلیت۔وحشت۔ بے رحمی۔ سنگ دلی۔ خونخواری۔(سفاکی۔جنگلی پن۔وحشی پن۔بربریت)

savagery وحشت۔بربریت۔خونخواری۔سفاکی

savannah چراگاہ۔مرغزار۔میدان وسیع۔(سوانا۔لق ودق میدان)

savant علامہ۔فاضل اجل۔فاضل متبحر

save بجز۔سوا۔ماسوا

saveall پیالی جو شمع دان میں بتی کے کناروں کے بچانے کے لیے ہوتی ہے

saver کفایتی۔ بچانے والا۔ محافظ۔ (کفایت شعار۔ جزرس)

savin ایک قسم کی نباتات

saving بجز۔ سوا۔ ماسوا (چھوٹ۔ الا۔ بہ استثنا)

savings بچائی ہوئی رقم۔ پس انداز رقم

saviour شفیع۔ مسیح۔ نجات دینے والا۔ مکت داتا (نجات دہندہ)

savour چکھنا۔ مزہ اٹھانا۔ (لطف اٹھانا)

savour گندھ۔ بو۔ ذائقہ۔ لذت۔ مزہ۔ سواد۔

savourily لذت سے۔ خوشگواری سے۔ (خوشگوار طور پر)

savouriness خوشگواری۔ مزیداری۔ (لذت۔ ذائقہ)

savourless بے لذت۔ بیمزہ۔ بیسواد۔ (بے ذائقہ۔ روکھا پھیکا۔ بے لطف)

savoury خوش ذائقہ۔ لذیذ۔ مزیدار۔ خوشگوار۔ سوندھا۔ سوادکا۔ (خوش مزہ)

savoy ایک قسم کی گوبھی۔ (بند گوبھی۔ کرم کلا)

saw آرہ چلانا۔ آرہ کشی کرنا۔ آرہ سے چیرنا۔ پھاڑنا

sawder مدح۔ ستائش۔ تعریف۔ خوشامد۔ چاپلوسی

sawdust لکڑی کا برادہ

sawer, sawyer کروتیا۔ آرہ کش

sawmill کارخانہ آرہ کشی۔ آرہ مشین

sawpit گڑھا جس پر آرہ کشی کرتے ہیں۔ (آرہ کھڈ)

sawset, sawwrest بیل کش۔ آرہ کے دانتوں کو ٹیڑھا کرنے کا اوزار

saxifrage پتھری کی دوا۔کاسرالحجر۔کلتھی۔پنواڑ

saxifragous پتھری گلانے والا

saxonism سیکسن زبان کا محاورہ

say بولنا کہنا

say ت

say گفتگو۔بول چال۔مقولہ۔کہاوت۔

sayettee ایک قسم کا ریشمی سوتی کپڑا

saying مقولہ۔قول۔کہن۔کلام۔سخن۔ضرب المثل۔کہاوت۔
حدیث۔(ضرب المثل۔کہنا۔کہا)

scabbard تلوار کا میان۔غلاف۔نیام

scabby خارشتی۔کھجلی والا

scabies خارش۔کھجلی

scabious امراض جلدیہ کے مفید ایک قسم کی نباتات

scabious مجذوم۔خارشتی۔جذامی

scabrous ناموزوں۔گانٹھ گٹھیلا۔ناہموار۔کھردرا

scaffold پاڑ باندھنا۔مچان باندھنا

scald گرم پانی وغیرہ سے جلانا

scald نکما۔کم رتبہ۔ناچیز

scaldhead سر کی گنج۔چائیں۔بالخورہ۔(بچوں کا گنج)

scaleless بغیر چھلکے۔بے پرت

scalene مثلث مختلف الاضلاع (غیر متساوی الساقین)

scales میزان۔ترازو

scall جذام۔خارش۔کھجلی۔کچ کوڑ۔(خارش)

scallop کسی چیز کے حاشیے یا کنارے پر دائرے کی قوسین بنانا یا کاٹنا

scalp چندلی اتار لینا یا کاٹ لینا۔کھوپڑی کا چمڑا کاٹ لینا۔(سر کی کھال اتار لینا)

scalp چندیا۔(کاسہ سر۔کھوپڑی)

scalpet جراح کی چھری۔جراحی نشتر

scammoniate سقمونیہ یا محمودہ سے بنا ہوا

scammony محمودہ۔سقمونیہ۔(ایک قسم کا گوند)

scamp بدمعاش۔اٹھائی گیرا۔اڑی مار۔(شریر۔بدذات۔آوارہ۔اوباش)

scamper بھگدڑ۔بھاگڑ۔گھوڑے کی چال۔پوبیہ

scamper منک سٹک جانا۔بھاگ جانا۔دوڑ جانا۔کافور ہو جانا۔رفو چکر ہونا۔لمبا ہونا۔ چمپت ہونا۔ پتا توڑ کے بھاگنا۔ ریواؤ ہو جانا۔نکل

بھاگنا۔ اگیارہ ہونا۔
(سر پر پاؤں رکھ کر
بھاگنا)

scandalously عیب جوئی سے۔بطور مکروہ۔مذمتہً۔بدگوئی سے بے حرمتی سے

scandalousness زبونی۔بدی۔برائی۔معیوبی۔(اہانت۔توہین۔بدنامی)

scanning, scansion نظم کے وزن کی جانچ۔ تقطیع۔(عمل تقطیع)

scant محدود کرنا۔ کم کرنا۔ گھٹانا۔(جز رسی کرنا۔ کفایت شعاری کرنا)

scant کم۔ قلیل۔ غیر مکتفی۔ نا موافق۔(نا کافی)

scantily بہ کوتاہی۔ تھوڑا۔ قلیل۔ تنگی سے۔ کمی سے۔(نا کافی طور پر)

scantiness, scant کمی۔ قلت۔ تنگی۔ کوتاہی۔ عسرت

scantly بہ تنگی۔ کوتاہی سے۔ بہ قلت کم تر۔ تھوڑا سا

scantness کمی۔ قلت۔ کوتاہی۔

scapegrace بے حیا آدمی۔ نکما(لا ابالی۔ بیباک)

scapula شانے کی ہڈی

scar داغ ڈالنا۔ چکتا ڈالنا۔ داغی یا داغدار کرنا۔(نشان لگانا۔ زخم کا بھرنا، پپڑی جمنا)

scarab,scarabee گبریلا کیڑا

scaramouch بھانڈ۔ بہروپیہ۔ مسخرا۔ شیخی باز۔ بھنڈ

scarce کم۔ تھوڑا۔ کمیاب۔ نادر۔ شاذ۔ نایاب۔ ناپید۔ برلا۔ ادبھت۔ عنقا۔(قلیل۔ قلیل الوجود۔ نا کافی)

scarce,scarcely دشواری سے۔ بمشکل۔ کم۔ کمتر

scare چونکانا۔ ڈرانا۔ ڈر دکھانا۔ ہسکارنا۔ بھچکانہ

scarecow کھجّ کاگ۔ چڑیوں کو ڈرانے کا پتلا۔ دھوکا۔ کالی ہانڈی۔ ڈراوا(ڈراونا)

scareheading سنسنی خیز عنوان

scaremonger دہشت انگیز خبریں پھیلانے والا۔

scarf اوڑھنی۔ڈوپٹا۔اکلائی۔دلائی۔رومال۔(سکارف)

scarf ڈوپٹے کی طرح اوڑھنا

scarfskin بدن کے اوپر کا پوست۔جھلی۔کھلوی

scarification پچھنا۔(نشتر زنی۔پچھناؤ)

scarify پچھنا لگانا

scarious کاغذی۔فلسی

scarlatina, لال بخار۔(تپ قرمزی)

scarletfever

scarlet سرخ۔قرمزی۔لال۔باناتی۔عنابی

scarletgrain کرم گلناری۔بیر بہوٹی

scarletrash خسرا کے دانے

scarletbean ایک قسم کی سرخ پھلی

scarp کھائی کے اندر کا ڈھال

scarus ایک قسم کی مچھلی۔(طوطا مچھلی)

scatbe نقصان کرنا۔ضرر پہنچانا۔تلف کرنا۔جلانا۔ناس کرنا

scate لیچی۔سکیچی۔برف پر چلنے کی کھڑاؤں۔(سکیٹ)

scathe زیاں۔ضرر۔نقصان

scatheful مضر۔مہلک

scatheless بے زیاں۔بے زر۔بے نقصان

scatology تحقیق البراز۔فضلاتیات

scatter کھنڈنا۔بکھرنا۔پراگندہ ہونا۔منتشر ہونا۔تین تیرہ ہونا۔(تتر بتر ہونا)

scatterbrain پراگندہ دماغ

scattering بکھیر۔بے قاعدہ انعکاس

scatteringly جہاں تہاں۔جابجا۔کہیں کہیں۔متفرق۔(منتشر طور پر)

scavage محصول۔تہ بازاری

scavenger خاکروب۔جاروب کش۔سڑکوں کا جھاڑنے والا۔(بھنگی۔مہتر۔حلال خور)

scenario منظر نامہ۔خاکہ منظر۔سناریو

scenic,scenical سوانگ کا گھر۔تماشہ کے متعلق۔نقل کا گھر

scenography مصوری۔علم مناظر ومرایا کے اصول کے مطابق۔مینا کاری۔(منظر نگاری)

scent مہکنا۔بو دینا۔خوشبو آنا

scented سگندھت۔معطر۔بودار(خوشبو دار۔)

scentgland غدو و مشک۔نافہ

scentless بے بو۔نرگندھ۔(بے باس)

scentorgan عضو شامہ

scepsis فلسفہ شک وشبہ۔انکار الہام

sceptic ایک گروہ حکما کا جو ہر شے محسوس کی اصلیت پر شک کرتے تھے۔کافر۔وہمی۔شکی۔منکر۔بھرمی۔وسواسی۔

sceptically وسواس کے طور پر۔از روئے شک۔(متشککانہ)

scepticise وہم کرنا۔شک کرنا۔شبہ کرنا

scepticism بھرم۔شک۔وہم۔کفر۔(شبہ۔تشکک)

sceptre بادشاہی لوازمات دینا۔راج یا بادشاہت دینا

schedule کھرا۔فرد۔بند۔فہرست۔چٹھا۔ضمیمہ۔(شیڈول۔جدول۔گوشوارہ)

scheme تدبیر کرنا۔منصوبہ بنانا۔تجویز کرنا۔بندش کرنا

schemer, schemist مدبر۔منصوبہ باز۔یکمتی۔تدبیریا۔کھٹکنیاز۔(سازشی)

schism رخنہ۔جدائی۔اختلاف۔بدعت۔پھوٹ۔خلل۔فساد۔رفض۔(فرقہ بندی۔تفرقہ۔اعتزال)

schismatic سست اعتقاد بوجہ اختلاف رائے۔مرتد۔منکر۔(اعتزالی۔خارج۔رافضی)

schismatic, schismatical تفرقہ انداز۔بدعتی۔رفض کی طرف مائل۔(نزاعی)

schismatically رفض سے۔بدعت کی راہ سے۔(معتزلانہ)

schlarly, scholarlike شاگردانہ۔تلمیذانہ۔عالمانہ۔فاضلانہ۔(ادیبانہ)

scholastic اس مدرسے کا پیرو جس میں علم معرفت یا علم الٰہی کی تعلیم ہوتی ہو۔(جامعی)

scholastically اس مدرسے کے قاعدے کے مطابق جس میں الٰہیات کی تعلیم ہوتی ہے

scholiast حاشیہ نویس۔شارح۔مفسر

schoolboy طفل مکتب۔طفل دبستان۔بدیارتھی۔چٹا

schoolfellow, schoolmate ہم مکتب۔ہم درس۔ہم سبق۔ہم جماعت۔ہم مدرسہ

schoolhouse مدرسہ یا مکتب کا مکان

schoolmaid, schoolgirl مکتب کی لڑکی

schoolman علم دین کا ماہر

schoolmaster استاد۔ معلم۔ مدرس۔ آخون جی۔ میاں جی۔ پانڈا۔ پادری۔رہنما۔گرو۔(اسکول ماسٹر)

schoolmistress, schooldame استانی۔معلّمہ۔آتو۔پنڈتاین

schooner دومستول کا جہاز

sciatherically دھوپ گھڑی کے طور پر

sciatic,sciatica کولہارہ جانے کی بیماری۔عرق النساء۔نقرس سرین

scientific مطابق سائنس۔ باقاعدہ۔ متعلق۔ نہ سائنس۔ مطابق اصول۔اصولی۔سائنسی

scientifically ازروئے علم۔علم کے اصول کے مطابق۔سائنسی طور پر

scientist سائنس دان

scimiter, scimitar تیغہ۔تیغ۔سروہی۔نیمچہ۔اسی۔کھڑگ

scincoidian بسکھپرا

scintilla شرارہ۔چنگاری۔شمہ۔ذرہ۔شائبہ

scintillant چنگاری چھوڑنے والا۔چمکتا ہوا

scintillate چمکنا۔ چنگاری چھوڑنا۔ جھلکنا۔ جھلمل کرنا

scintillation آتش فشانی۔ عمک۔ جھمل ۔ (ضیا باری۔ ضوفشانی ۔ چمک دمک)

sciolism اوپری معلومات۔ فضول علم ۔ (خودنمائی)

sciolist کم داں۔ بسیار گو۔ (خودبین۔ خودنما)

sciomachy سائے سے لڑنا

sciomancy سائے سے فال دیکھنا یا لینا

scirrhosity گلٹی۔ غدود، گانٹھ

scirrhous گھٹیل۔ سخت۔ گلٹی دار۔ گانٹھ دار

scirrhus گانٹھ۔ گلٹی

scisson تراش۔ کاٹ (قطع و برید)

scissors مقراض۔ کترنی۔ قینچی۔ سروتا

sclerotic آنکھ کی سفیدی۔

sclerotic سخت۔

scobs چورا۔ برادہ۔ کترن۔ چھلین۔ کھرچن۔ میل۔ فضلہ

scoff برا کہنا۔ طعن کرنا۔ تشنیع دینا۔ تحقیر کرنا۔ انگوٹھا دکھانا۔ ہنسنا

scoff طعنہ۔ تشنیع۔ ہنسی۔ تحقیر۔ تضحیک۔ (طعن۔ طنز۔ تمسخر)

scoffer تشنع و تحقیر کرنے والا۔ طعنہ زن۔ نندک۔ ہنسی اڑانے والا

scoffingly تحقیراً۔ طعن سے۔ تحقیر سے۔ طعنہ زنی سے

scold جھگڑنا۔ گالی دینا۔ جھاڑنا۔ جھڑکنا۔ لتاڑنا۔ گھڑکنا۔ برا بھلا کہنا

scold کلھیاری۔لڑاکا۔کرکسا۔(زبان دراز۔منہ پھٹ۔دریدہ دہن)

scolding دھمکی۔گھڑکی۔ڈانٹ ڈپٹ۔جھڑکی۔(سرزنش۔گوشمالی)

scolopendra کان سلائی۔کنکھجورا۔صدپا

sconce جرمانہ کرنا۔تاوان لینا۔ڈنڈنا

scooper کھودنے والا۔کھوکھلا کرنے والا۔چھینی

scooter سکوٹر

scorbutic, scorbutical کھرسیلا۔کھجیلا۔خارشتی۔(اسقربوطی)

scorbutically خارشت سے۔کھجلی سے

scorbutus اسقربوط۔گوشت خورہ

scorch جھلسنا۔بھلسنا۔جانا۔بھننا

scorching جلتا۔تیز۔گرم۔جلانے والا۔بھلسانے والا

scorer حساب رکھنے والا۔نمبر درج کرنے والا۔نشان لگانے والا

scoria دھات کا میل۔کیٹ

scorification امتحان۔پرکھ۔تپاؤ

scorify خاک کرنا۔راکھ کرنا۔تپانا

scornful تحقیر آمیز۔اہانت کرنے والا۔نندا کرنے والا۔(حقارت آمیز۔ذلت آمیز)

scornfully,adj. بہ تنفر۔بہ حقارت۔بہ تحقیر۔(حقارت آمیزی سے)

scorpio,)ast.(برشچک۔بچھو۔عقرب

scorpion بچھو۔کژدم۔عقرب

scot محصول۔خراج۔لگان

scotchhopper لڑکوں کا ایک کھیل چموراتی جیسا

scotodinia, scotomy نظر کا دھندلا پن۔ دوران سر۔ اونگھ۔ (اندھیری۔ چکر۔ گھمیر۔تیرگی چشم)

scoundrel شہدا۔بدمعاش۔بدوضع۔لچا۔غنڈا

scourger کوڑے مارنے والا۔تازیانہ زن

scout جاسوس۔بھیدی۔خبرگیر۔مخبر۔(سکاؤٹ)

scovel جھاڑو۔جاروب۔بہاری

scow ایک طرح کی کشتی۔پٹیلا۔(چپٹے پیندے کی کشتی)

scowl ٹیڑھی بھویں۔ چین ابرو۔ ڈراؤنی صورت۔ (بدمزاجی۔ ترش روئی)

scrabble گھٹنیوں چلنا

scrag دبلی پتلی شے۔(مریل جانور۔ٹھنٹھ)

scrambler جو ہاتھوں کے بل چڑھے

scranch اس طرح چبانا کہ کڑکڑ کی آواز ہو۔کرکر چبانا۔مرمر چبانا

scrannel بے حقیقت۔خفیف۔ ناچیز۔ پتلا۔ دبلا۔حقیر۔ (کمزور۔ نحیف)

scrap چھیلن۔ریزہ۔پارچہ۔ٹکڑا۔پرزہ

scrapbook سفینہ۔بیاض۔(تراشوں کا مجموعہ)

scrapings چھیلن۔کھرچن۔تہ دیگی

scratchingly نوچ کر۔نہنا مارکر

scrawl گھسیٹ۔ بد خط۔ چیت ملوڑا۔ کل کل کانٹا۔ (شکستہ تحریر۔ گھسیٹ لکھائی۔ بد خطی)

scrawl کیل کانٹے لکھنا۔ بد خط لکھنا۔ قلم گھسیٹنا۔ چیت ملوڑے کرنا

scrawler بد خط، گھسیٹ کر لکھنے والا

scray ایک قسم کی چڑیا۔ (بحری ابابیل)

screak کوک۔ چنگھاڑ۔ چیخ

screak کوکنا۔ چیخنا۔ کلکاری مارنا۔ چنگھاڑنا

scream چیخنا۔ چیخ مارنا۔ کوکنا۔ کلکاری مارنا

scream,screech چنگھاڑنا۔ چلاہٹ۔ کوک۔ (کلکاری)

screamer چیخیں مارنے والا۔ کوک مارنے والا پرندہ۔ امریکی مور

scree پہاڑ کی ڈھلان۔ کھڑی چٹان

screech چلا اٹھنا۔ چلانا۔ چیخنا۔ چیخ مارنا۔ چنگھاڑنا۔ کوکنا۔ ہوہو کرنا

screehowl گھوگھو۔ گھگو

screeve تصویریں کھینچنا۔ رنگین چاک سے لکھنا۔

scribble گھسیٹ۔ بد خط

scribbler گھسیٹ کر لکھنے والا۔ قلم کش۔ بد خط

scribe لکھنا۔ نشان ڈالنا

scribe کاتب۔ محرر۔ دبیر۔ لکھویا۔ مصدی۔ منشی۔ (خط کش)

scrim استر۔ استر کا کپڑا

scrimmage کھینچا تانی کرنا۔ کشمکش۔ چھینا جھپٹی

scrimp تنگ کرنا۔ سکیڑنا۔ (کنجوسی کرنا)

scrimp تنگ۔ چھوٹا

scrimp کنجوس۔بخیل

scrip تھیلی۔کیسہ

scriptory تحریری۔قلمی۔لکھاہوا

scriptural مطابق کتاب مقدس۔کتاب مقدس کے متعلق۔(توراتی۔
انجیلی۔منقولی)

scripturist کتب دینی کاماہر

scrochingsun چلچلاتی دھوپ

s c r o f u l a , کنٹھ مالا۔گھر گھرا۔گل سوا۔خنازیر
)med.(

scrofulous کنٹھ مالاکی قسم یا خاصیت۔کنٹھ مالا کاروگی۔(خنازیری)

scrotum خصیے یا بیضوں کی تھیلی۔انڈکوش۔(خصیہ دانی۔صفن۔فوطہ)

scrub ملنا۔گھسنا۔رگڑنا۔مانجنا۔محنت کرنا۔مشقت کرنا۔گھوٹنا

scrubby پاجی۔کمینہ۔دون۔ذلیل

scruple پش وپیش کرنا۔شبہ کرنا۔شک کرنا۔(اندیشہ کرنا۔ہچکنا۔محتاط
ہونا)

scruple شک کرنا۔

scrupler شکی۔متامل۔محتاط

scrupulosity, متشکی پن۔شک۔باریک بینی۔نقتہ چینی۔ستھرائی۔صحت۔

scrupulousness احتیاط۔ہوشیاری۔(وسوسہ)

scrupulously بہ حزم واحتیاط

scrutator مفتش۔موشگاف۔پرتال کرنے والا

scrutineer تلاش وتجسس کرنے والا۔محاسب۔بدرنویس۔(مفتش آرا)

scrutinize جانچنا۔تجسس کرنا۔تفتیش کرنا۔تلاش کرنا۔آزمائش کرنا۔امتحان کرنا۔تحقیقات کرنا۔پرتالنا

scrutiny امتحان۔آزمائش۔جانچ۔تلاش۔پرسش۔پوچھ پاچھ۔جست وجو۔محاسبہ۔تفتیش۔تحقیقات۔دیکھ بھال۔(تنقیح۔جانچ پرتال)

scrutoir لکھنے کی میز۔لکھنے کی درازدار صندوق

scuff لڑکھڑانا۔گھسٹنا

scuffle کھینچا کھینچی کرنا۔دھکم دھکا کرنا، کشتی میں لپٹ جانا

sculk دبک جانا۔دبکی لگانا۔چھپ جانا۔منہ چھپا کے بیٹھے رہنا۔روپوش ہونا۔کنینا۔جی چھپانا۔کھسکنا

scull ڈانڈ چلانا۔ناؤ چلانا یا کھینا۔(چپو چلانا)

scullion برتن مانجھنے والا۔ مشعلچی

sculptor سنگ تراش۔بت تراش۔کندہ کار۔نقاش۔بت ساز۔(مجسمہ ساز)

scum جھاگ یا ملائی اتارنا۔میل اتارنا

s c u p p e r ,)naut.(جہاز کی موری

scurfiness جلد کی بھوسی کی کثرت۔پپڑیلا پن

scurfy پپڑیلا۔بھوسی دار۔(پھپھوندی لگا۔میلا۔کچیلا۔داغ دار)

scurrile کمینہ۔پاجی۔دون۔دشنام آمیز۔فحش

scurrility فحش۔گالی گلوچ۔بدزبانی۔بکنی باتیں

scurrilously گالی گلوچ سے۔فحش گوئی سے۔بدزبانی سے

scurvy,)med.(ایک مرض جس میں خون کے بگڑ جانے سے جسم پر چکتے پڑ جاتے ہیں اور اعضا میں درد رہتا ہے۔(اسقراطبوط۔ گوشت خورہ)

scurvygrass ایک قسم کی نباتاتی مصفی خون۔(اسقرابوطی گھاس)

scut چھوٹی دم۔ڈنڈ

scuttle بناوٹ سیدوڑنا

